امام الوہابیہ محمد بن عبدالوہاب نجدی علیہ ما یستحق کے قلم سے

احادیث کی روشنی میں

مترجم

علامہ مفتی حافظ شفقات احمد مجددی

قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ لاہور

امام الوہابیہ محمد بن عبدالوہاب نجدی علیہ ما یستحق کے قلم سے

احادیث کی روشنی میں

مترجم
علامہ مفتی حافظ شفقات احمد مجددی

قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ۔ لاہور
Phone
0333-4383766
042-7213575

☆......☆......☆

نام عربی کتاب ••••-----•••• احکام تمنی الموت

تالیف ••••-----•••• امام ابوالوہابیہ محمد بن عبدالوہاب نجدی

نام کتاب اُردو ••••-----•••• قبروں کے حالات

نام مترجم ••••-----•••• علامہ مفتی حافظ شفقات احمد مجددی

صفحات ••••-----•••• 192

اشاعت اوّل ••••-----•••• 2006ء

اشاعت دوم ••••-----•••• 2009ء

تعداد ••••-----•••• 1100

زیرنگرانی ••••-----•••• چوہدری محمد خلیل قادری

تحریک ••••-----•••• چوہدری محمد ممتاز احمد قادری

ناشر ••••-----•••• چوہدری عبدالمجید قادری

قیمت ••••-----•••• 90/= روپے

ملنے کے پتے

مکتبہ حنفیہ گنج بخش روڈ لاہور

قادری رضوی کتب خانہ۔ گنج بخش روڈ لاہور

Hello: 042-7213575, 0333-4383766

اس کتاب کے ترجمہ کی ضرورت کیوں پیش آئی

موجودہ دور میں اکثر و بیشتر ایسے لوگ فوت شدگان کے متعلق کئی طرح کے مسائل میں بڑی شدت سے مخالفت کرتے ہیں۔حتی کہ ان مسائل کو اسلام اور کفر کی بنیاد بنالیا جاتا ہے۔مثلاً فوت شدگان کے متعلق۔میت کے پاس قرآن پاک پڑھنا، ذکراذکار کرنا، میت کو تلقین کرنا ،میت کا حاضرین کو جاننا اور پہچاننا، نماز جنازہ پر دعا کرنا، میت کا جنازہ پڑھنے والوں کو جاننا اور پہچاننا، میت کا زندوں کی بات چیت سننا اور سمجھنا، میت کو پہلے سے فوت شدگان کی طرف کوئی پیغام دینا، اور اس کا اس پیغام کو فوت شدگان تک پہنچا دینا۔فوت شدگان کی روحوں کا زندہ افراد کے خواب میں یا بعض دفعہ بیداری میں آکر حقیقت حال سے باخبر کر دینا۔حتی کہ آئندہ ہونے والے واقعات کے متعلق بھی صحیح صحیح معلومات دے دینا، فوت شدگان کے عذابوں کو زندوں کا بچشم ظاہر دیکھ لینا، فوت شدگان کے ذریعہ سے پہلے سے فوت شدگان کے لیے کوئی چیز بھیجنا، فوت شدگان کے نام پر دنیا میں کوئی چیز دینا اور اس کا فوت شدگان تک پہنچ جانا، فوت شدگان کے نام پر ذکراذکار، صدقہ و خیرات کرنا، ان کا اس سے مستفیض ہونا، فوت شدگان کا زندوں کے ساتھ ہم کلام ہونا وغیرہ۔لیکن ان مسائل کے انکار کرنے والے لوگ تقریباً تمام کے تمام ہی صاحب کتاب ہذا محمد بن عبدالوہاب (نجدی) کو اپنا مقتدا اور پیشوا، مجدد، شیخ الاسلام اور امام مانتے ہیں۔اس لیے یہ کتاب جو کہ مارکیٹ میں تقریباً نایاب ہے۔کا اردو میں ترجمہ کر کے شائع کیا جا رہا ہے تا کہ وہ حضرات اگر ہماری نہیں مانتے تو کم از کم اپنے مجدد ہی کی بات مان لیں جو کہ انہوں نے تمام کا تمام احادیث ہی سے لیا ہے ۔احتیاطاً عربی کتاب بھی ساتھ لف کر دی گئی ہے تا کہ کسی کو کوئی شک نہ رہے۔

میرا نہیں بنتا نہ بن۔ اپنا تو بن (مترجم کتاب ہذا۔ حافظ شفقات احمد نقشبندی مجددی عفی عنہ)

فہرست ترجمہ کتاب احکام تمنی الموت

ب

ن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ اے اللہ درود بھیج محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر اور آپ ﷺ کے اصحاب پر اور سلام۔

موت کی تمنا کرنا

روایت ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے آپ نے فرمایا۔ کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے تم میں سے کوئی بھی کسی تکلیف آنے کی وجہ سے موت کی آرزو نہ کرے۔ اور اگر کہنا ہی ہو تو یوں کہے۔ اے اللہ جب تک زندگی میرے لئے بہتر ہے مجھے زندہ رکھ اور جب وفات میرے لئے بہتر ہو تو مجھے فوت کر لے۔ اور مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے۔ تم میں سے کوئی بھی موت کی تمنا نہ کرے۔ اور موت آنے سے پہلے موت کی دعا نہ کرے۔ کیونکہ جب تم میں سے کوئی مرتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے اور مومن کی عمر بھلائی ہی زیادہ کرے گی۔ اور بخاری شریف میں مرفوعاً حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ تم میں سے کوئی بھی موت کی آرزو نہ کرے۔ اگر وہ نیک ہے تو امید ہے کہ اسکی نیکی اور زیادہ ہوگی۔ اور اگر وہ گناہ گار ہے تو شاید اس کو توبہ نصیب ہو جائے۔ اور احمد اور حاکم کی جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے۔ موت کی تمنا نہ کرو۔ کیونکہ یہ منظر بڑا ہولناک ہے۔ اور یہ بات نیک بختی میں سے ہے کہ آدمی کی عمر لمبی ہو۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو نیکی کی توفیق عطا کر دے۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر حضور ﷺ نے ہمیں موت کی تمنا کرنے سے منع نہ فرمایا ہوتا تو ہم ضرور اسکی تمنا کرتے۔ اور احمد کی روایت میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے "مگر یہ کہ اس کو اپنے عمل پر پورا بھروسہ ہو" اور

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ لوگوں میں سے بہتر کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا جس کی عمر لمبی ہو اور عمل اچھا ہو۔ اس نے عرض کیا کہ لوگوں میں سے بدتر کون ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا جس کی عمر لمبی ہو اور عمل برا ہو۔ امام ترمذی نے اسکو صحیح کہا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے احمد کی روایت میں ہے کہ بنی قضاعہ کی شاخ بلی سے دو مرد رسول اللہ ﷺ پر ایمان لائے پس ان میں سے ایک شہید ہوگیا اور دوسرا ایک سال بعد تک زندہ رہا۔ طلحہ بن عبید اللہ نے کہا میں نے جنت دیکھی تو میں نے دیکھا کہ بعد میں مرنے والا شہید ہونے والے سے جنت میں پہلے داخل کیا گیا ہے۔ پس مجھے اس سے تعجب ہوا۔ پس صبح کو میں نے اپنا خواب رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا تو سرکار ﷺ نے فرمایا کیا بعد میں مرنے والے نے ایک رمضان کے روزے زیادہ نہیں رکھے اور کئی ہزار رکعت زیادہ نہیں پڑھیں۔ یعنی پورے ایک سال کی نمازیں اور روزے۔ اور احمد کی جناب طلحہ سے مرفوع روایت ہے کہ اس مومن سے کوئی شخص افضل نہیں ہے جو اسلام میں لمبی عمر دیا جائے بوجہ اسکی تسبیح اور تکبیر اور تہلیل کے۔ اور حدیث الرؤیا میں ہے۔ یا اللہ تو جب کسی قوم کے ساتھ آزمائش کا ارادہ کرے تو مجھے اس فتنہ سے پہلے ہی اپنی طرف اٹھالینا۔ اور مالک نے حضرت عمر سے روایت کی ہے کہ آپ نے دعا کی۔ اے اللہ میری قوت ضعیف ہو چکی ہے اور میری عمر بڑی ہو چکی ہے اور میری رعیت بہت پھیل چکی ہے پس مجھے اپنی طرف بلا لے اس حال میں کہ میں اپنے فرائض کو ضائع کرنے والا اور کوتاہی کرنے والا نہ ہوں۔ بس ایک مہینہ نہ گزرا تھا کہ آپ شہید ہو گئے۔ اور احمد نے علیم کندی سے روایت کی ہے کہ میں ابی عبس غفاری کے ساتھ ایک بلند جگہ پر تھا تو آپ نے ایک قوم کو دیکھا کہ وہ طاعون کے خوف

سے وہاں سے کوچ کر رہے تھے پس آپ نے کہا۔اے طاعون۔ مجھے اپنی طرف پکڑ لے۔آپ نے تین بار یہ الفاظ کہے۔ میں نے کہا آپ یہ کیوں کہتے ہیں ۔کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ تم میں سے کوئی بھی موت کی تمنا نہ کرے۔ کیونکہ موت سے عمل منقطع ہو جاتا ہے اوراس کو توبہ کا موقعہ بھی نہیں ملتا پس ابوعبس نے کہا میں نے جناب رسول اللہ ﷺ نے سنا ہے کہ چھ چیزوں سے موت کی طرف جلدی کرو (1) بے وقوفوں کی امارۃ سے ۔(2) اور کثرۃ شرط (3) اور بیع الحکم ،(4) اور خون ریزی کو ہلکا سمجھنا (5) اور قطع رحمی (6) اور وہ گروہ جس نے قرآن کو مزامیر بنالیا ہے۔وہ ایک مرد کو آگے کرتے ہیں تا کہ وہ انہیں غنا کے ساتھ قرآن سنائے۔اگر چہ فقاہت کے لحاظ سے وہ سب سے کم ہو۔اور حاکم نے بھی حسن عن ابن عمر کے ساتھ یہی روایت بیان کی ہے۔اور ابن سعد نے ابو ہریرہ سے بھی یہی روایت بیان کی ہے۔لیکن اس میں خون ریزی کی جگہ گناہوں کو معمولی سمجھنا ہے۔اور طبرانی نے عمرو بن عبسہ سے روایت کی ہے کہ تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے۔ ہاں مگر وہ جس کو اپنے عمل کی صحت پر یقین ہو۔پس جب تم اسلام میں چھ چیزیں دیکھو تو موت کی آرزو کرو۔اگر تیری جان تیرے ہاتھ میں ہو تو اسکو چھوڑ دے پھر مذکورہ بالا چھ چیزیں ذکر فرمائیں۔اور حاکم نے مستدرک میں حضرت ابن عمر سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ مومن کا تحفہ موت ہے۔اور احمد اور سعید نے محمود بن لبید سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ دو چیزیں ایسی ہیں جن کو انسان ناپسند کرتا ہے۔انسان موت کو ناپسند کرتا ہے حالانکہ موت فتنہ سے اس کے لئے بہتر ہے۔اور آدمی مال کی کمی کو بھی ناپسند کرتا ہے حالانکہ جب مال قلیل ہوگا۔تو حساب بھی قلیل ہوگا۔اور ابو نعیم نے عمر بن عبدالعزیز سے نقل کیا ہے کہ تم ہمیشہ کیلئے پیدا کئے گئے ہو۔ ہاں مگر ایک عالم سے دوسری

عالم کی طرف منتقل ہو جاؤ گے۔

والنازعات غرقا کا معنی

اور سعید نے اپنی سنن میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے " **والنازعات غرقا** " کا معنی روایت کیا ہے۔ فرمایا یہ فرشتے ہیں جو کفار کی روحوں کو کھینچ کر نکالتے ہیں اور " **والناشطات نشطا** " وہ فرشتے ہیں جو ارواح کفار کو ناخنوں اور جلد کے درمیان سے کھینچتے ہیں۔ یہاں تک کہ ان کو نکال لیتے ہیں اور " **والسابحات سبحا** " وہ فرشتے ہیں جو مومنوں کی روحوں کو آسمان اور زمین کے درمیان لے کر پرواز کرتے ہیں اور " **فالسابقات سبقا** " وہ فرشتے ہیں جو مومنوں کی روحوں کو بارگاہ خداوندی میں پیش کرنے کے لئے ایک دوسرے پر سبقت کرتے ہیں۔ اور ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے نقل کیا ہے کہ " **والنازعات غرقا والناشطات نشطا** " یہ کفار کے ارواح ہیں جو کھینچی جاتی ہیں۔ پھر ان کے بند کھولے جاتے ہیں۔ پھر وہ آگ میں ڈال دی جاتی ہیں۔ ان دونوں آیتوں کے متعلق ربیع بن انس کا قول ہے کہ یہ دونوں آیتیں کفار کے متعلق ہیں۔ ان میں کفار کے نزع کی حالت بیان کی گئی ہے۔ ان کی جانیں سختی کے ساتھ نکالی جاتی ہیں۔ جیسے لوہے کی کنگی کو صوف میں کھینچا جائے۔ پس انکی جانیں بڑی سختی سے نکالی جائیں گی اور " **والسابحات سبحا فالسابقات سبقا** " یہ دونوں آیتیں مومنوں کیلئے ہیں۔ اور سدی نے " **والنازعات غرقا** " کے متعلق کہا ہے کہ یہ جان ہے۔ جب وہ سینے میں ڈوب رہی ہو۔

مومن اور کافر کی روح

اور مسلم نے ابن مسعود سے روایت کیا ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کو معراج ہوا تو جب

آپ سدرۃ المنتہی تک پہنچے تو آپ سے کہا گیا۔ یہ سدرۃ المنتہی ہے جو لوگ آپ کی پیروی کرتے ہوئے فوت ہوئے ہیں ان کی ارواح یہاں تک پہنچتی ہیں۔ ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے بھی یہ روایت کی ہے۔ اور مسلم نے ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا جب مومن کی روح بدن سے نکلتی ہے تو دو فرشتے اس کو لے کر اوپر جاتے ہیں پس آپ نے اسکی خوشبو کا ذکر فرمایا کہ آسمان والے کہتے ہیں یہ وہ پاکیزہ روح ہے جو زمین کی طرف سے آئی ہے۔ اے روح تجھ پر اللہ کی رحمت ہو اور جس جسم میں تو رہی ہے اس پر بھی اللہ کی رحمت ہو۔ پس فرشتے اس کو رب تعالیٰ کی طرف لے جاتے ہیں تو فرمان خداوندی ہوتا ہے اس کو آخری حد تک لے جاؤ۔ اور جب کافر کی روح نکلتی ہے اور آپ نے اسکی بدبو کا ذکر بھی فرمایا اور لعنت کا ذکر بھی فرمایا اور فرمایا کہ آسمان والے کہتے ہیں یہ وہ پلید روح ہے جو زمین کی طرف سے آئی ہے۔ پس کہا جاتا ہے اس کو اس کی آخری حد تک لے جاؤ۔ احمد اور ابن حبان اور حاکم نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جب مومن کی موت آتی ہے تو اسکے پاس رحمت کے فرشتے سفید ریشم کا کپڑا لے کر آتے ہیں اور اس کو کہتے ہیں نکل اس حال میں کہ تو بھی راضی ہے اور تجھے راضی بھی کیا جائیگا اللہ تعالیٰ کی رحمت اور خوشیوں کی طرف اور رب کی طرف جو تجھ پر ناراض نہیں ہے۔ پس وہ جان نہایت پاکیزہ کستوری کی خوشبو کی طرح نکلتی ہے۔ یہاں تک کہ اس کو فرشتے ہاتھوں ہاتھ لیتے ہیں اور اس کو سونگھتے ہیں یہاں تک کہ وہ اس کو آسمان کے دروازے پر لاتے ہیں۔ پس وہ کہتے ہیں۔ کیا پاکیزہ خوشبو ہے جو زمین کی طرف سے آئی ہے جب بھی فرشتے کسی آسمان پر پہنچتے ہیں تو ہر آسمان والے یہی کلمات کہتے ہیں یہاں تک کہ اسکو مومنین کے ارواح کے پاس لے جاتے ہیں۔ پس وہ مومن

اس کے آنے سے ایسے خوش ہوتے ہیں جیسے کوئی غائب شدہ آدمی واپس آجائے۔ پس وہ اس سے پوچھتے ہیں فلاں کی کیا حالت ہے۔تو وہ کہتا ہے۔اس کو چھوڑو۔ یہاں تک کہ راحت حاصل کرے۔ کیونکہ وہ تو دنیا کے غم میں محو تھا۔ جب انہیں کہا جائے کہ وہ تمہارے پاس نہیں آیا۔ وہ تو مر چکا ہے۔تو وہ کہنے لگتے ہیں۔ وہ اپنے ٹھکانے ہاویہ میں چلا گیا ہے۔اور کافر کے پاس ٹاٹ لے کر عذاب کے فرشتے آتے ہیں۔ پس اس کو کہتے ہیں۔ نکل آ۔اس حالت میں کہ تو بھی ناراض ہے اور تجھ پر ناراضگی کی جائے گی۔ اللہ کے عذاب کی طرف اور اسکی ناراضگی کی طرف۔ پس وہ نکلتی ہے مردار کی بدترین بدبو کی طرح پس فرشتے کہتے ہیں۔ کیا بدبودار ہوا ہے۔ جب بھی وہ کسی زمین پر آتے ہیں تو یہی کہتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کو کفار کے ارواح کے پاس پہنچا دیتے ہیں۔ اور ھنا د اور عبد نے اپنی تفسیر میں اور طبرانی نے اپنی سند کے ساتھ۔ جس کے راوی ثقہ ہیں۔ روایت کی ہے کہ عبداللہ بن عمرو نے فرمایا۔ جب کوئی بندہ اللہ کے راستہ میں قتل کیا جاتا ہے۔ پس زمین پر جب پہلا قطرہ اسکے خون کا گرتا ہے اس کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ اسکے تمام گناہ معاف کر دیتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت سے ایک نفیس کپڑا بھیجتا ہے پس اس میں اس کی جان قبض کی جاتی ہے۔ پھر اس روح کو جنتی وجود دیا جاتا ہے۔ پھر وہ فرشتوں کے ساتھ یوں پرواز کرتا پھرتا ہے۔ گویا کہ وہ پیدائش کے دن سے ہی انکے ساتھ تھا۔ یہاں تک کہ اس کو رحمان کے پاس لایا جاتا ہے۔ پس وہ فرشتوں سے پہلے سجدہ کرتا ہے۔ پھر فرشتے سجدہ کرتے ہیں۔ پھر اس کو بخش دیا جاتا ہے۔ اور اس کو پاک کر دیا جاتا ہے۔ پھر حکم ہوتا ہے کہ اس کو شہدا کے پاس پہنچا دو۔ پس وہ شہیدوں کو تروتازہ باغوں اور ریشمی قبوں میں دیکھے گا۔ اور ان کے پاس ایک بیل اور ایک مچھلی دیکھے گا۔ ان کو ہر روز وہ کھانا ملتا ہے جو

پہلے روزانہ ملا کرتا تھا۔ مچھلی جنت کی نہروں میں تیرتی پھرے گی۔ پس جب دوسرا دن ہوگا تو بیل مچھلی کو اپنے سینگوں سے شکار کردے گا پس شہدا اس کا گوشت کھائیں گے اور اس کے گوشت میں جنت کی ہر خوشبو پائیں گے۔ اور بیل رات کو جنت میں چرتا رہے گا وہ جنت کے پھل کھائے گا۔ پس جب صبح ہوگی تو مچھلی اس کو اپنی دم سے مار ڈالے گی۔ پس شہدا اس کا گوشت کھائیں گے۔ پس اس کے گوشت میں جنت کے ہر پھل کا ذائقہ پائیں گے۔ وہ اپنی منازل کی طرف دیکھیں گے اور اللہ تعالیٰ سے قیامت قائم ہونے کی دعا کریں گے۔ اور جب کوئی مومن بندہ فوت ہوتا ہے تو اسکی طرف جنتی کپڑے کا ایک ٹکڑا لے کر دو فرشتے بھیجے جاتے ہیں۔ اور جنتی پھول اور خوشبو بھی۔ پس وہ دونوں کہتے ہیں۔ اے پاکیزہ جان اللہ کی رحمت اور پھولوں کی طرف نکل آ۔ اور اپنے رب کی طرف۔ جو تجھ پر ناراض نہیں۔ نکل آ۔ پس بہت اچھا ہے جو تو نے آگے بھیجا ہے۔ پس وہ جان ایسے نکلتی ہے جیسا کہ بہترین کستوری کی خوشبو جو تمہارے ناک سونگھتے ہیں۔ اور آسمان کے کناروں پر فرشتے ہوں گے جو کہیں گے۔ سبحان اللہ۔ زمین سے پاکیزہ خوشبو آئی ہے۔ وہ جس دروازہ پر بھی گزرے گا وہ دروازہ اس کیلئے کھول دیا جائے گا اور جو فرشتے بھی اسے ملیں گے۔ اور وہ اس کیلئے رحمت کی دعا کریں گے۔ اور اسکے حق میں شفاعت کریں گے۔ یہاں تک کہ اس کو بارگاہ خداوندی عزوجل میں پیش کیا جائے گا تو فرشتے پہلے سجدہ کریں گے۔ پھر عرض کریں گے۔ اے ہمارے پروردگار۔ یہ تیرا فلاں بندہ ہے۔ یہ فوت ہوگیا ہے۔ اور تو اس کو بہتر جانتا ہے۔ پس رب تعالیٰ فرمائے گا۔ اس کو سجدہ کرنے کا امر کرو۔ پس وہ جان سجدہ کرے گی۔ پھر میکائیل کو بلایا جائے گا۔ پس اس کو کہا جائے گا کہ اس جان کو مومنین کی جانوں کے ساتھ ملا دو۔ پھر میں قیامت کے دن اسکے متعلق تجھ سے

سوال کروں گا۔ پس اس کی قبر کے متعلق حکم ہوتا ہے کہ اس کو وسیع کیا جائے ستر گز لمبائی میں اور ستر گز چوڑائی میں۔ اور اس میں پھول پھینکے جاتے ہیں اور اس میں ریشم کا بستر بچھایا جاتا ہے۔ اور اگر اس کے پاس قرآن میں سے کچھ ہو تو وہ قرآن اس کی قبر کو منور کر دیتا ہے۔ اور اگر اس کے پاس قرآن میں سے پاس کچھ نہ ہو تو اس کے لئے سورج کی طرح کا نور دیا جاتا ہے۔ پھر اس کے لئے جنت کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔ پس وہ صبح وشام جنت میں اپنا ٹھکانا ملاحظہ کرتا ہے۔ اور جب اللہ تعالیٰ کسی کافر بندہ کو فوت کرتا ہے تو اس کی طرف دو فرشتے بھیجے جاتے ہیں۔ اور اس کی طرف ایک سخت قسم کا کپڑا بھیجا جاتا ہے جو ہر بدبودار شے سے زیادہ بدبودار اور ہر سخت چیز سے زیادہ سخت ہوتا ہے۔ پس وہ فرشتے کہتے ہیں۔ اے خبیث جان۔ جہنم اور عذاب الیم کی طرف نکل۔ اور اس رب کی طرف۔ جو تجھ پر ناراض ہے۔ نکل۔ پس بہت برا ہے جو تو نے آگے بھیجا ہے۔ پس وہ جان ایسے نکلتی ہے جیسے سخت بدبودار شے۔ جو تمہارے ناک نے سونگھی ہے۔ اور آسمان کے کناروں پر فرشتے ہیں۔ جو کہتے ہیں۔ سبحان اللہ۔ زمین کی طرف سے ایک مردار اور خبیث جان آئی ہے۔ اس کے لئے آسمان کا دروازہ نہیں کھولا جائے گا۔ پس اس کے جسم کے متعلق حکم کیا جائے گا۔ پس قبر میں اس پر تنگی کی جائے گی پس اس پر بختی اونٹوں کی طرح کی گردنوں والے سانپ مسلط کئے جائیں گے جو اس کا گوشت نوچیں گے۔ پس وہ اسکی ہڈیوں تک چبا جائیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ اس پر ایسے فرشتے مسلط کرے گا جو گونگے اور بہرے ہوں گے۔ جن کے پاس بڑے بڑے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے۔ وہ اس کو نہ تو دیکھیں گے کہ اس پر رحم کریں۔ اور نہ ہی اس کی آواز سنیں گے کہ رحم کریں۔ پس وہ اس کو سخت ماریں گے اور اس کو مخبوط الحواس کر دیں گے۔ اور اس کے لئے دوزخ کا دروازہ

کھول دیا جائے گا۔ پس وہ صبح وشام دوزخ والا اپنا ٹھکانا دیکھے گا۔ تو وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا کہ مجھے اسی عذاب میں رکھ۔ اور جہنم کے عذاب سے بچا۔ اور بیہقی وغیرہ نے ابو موسیٰ سے روایت کی ہے کہ مومن کی جان اس حالت میں نکلتی ہے کہ وہ کستوری سے زیادہ خوشبودار ہوتی ہے۔ ابوداؤد نے اس حدیث کا اخراج کیا ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ وہ اس دروازہ سے اوپر جائے گی جس دروازہ سے اس کا عمل اوپر جاتا تھا۔ اور آخر میں کافر کے متعلق ذکر ہے۔ کہ اس کو سب زمینوں سے نیچے ''ثری'' میں لوٹا دیا جائے گا۔ اور جناب ابن عباس سے ابن ابی حاتم وغیرہ نے ''**وقیل من راق**'' کے متعلق کہا ہے۔ کہ کہا جائے گا۔ اس بندہ کی روح کو کون اوپر لے جائے گا۔ ملائکہ عذاب یا ملائکہ رحمت۔ اور بخاری اور مسلم میں بھی اس مرد کی حدیث ہے جس کے بارہ میں ملائکہ رحمت اور ملائکہ عذاب کا تنازع مذکور ہے۔

ارواح کی آپس میں ملاقات

اور سعید نے اپنی سنن میں جناب حسن سے روایت کیا ہے کہ جب مومن پر موت آتی ہے تو اس کے پاس پانچ سو فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ پس وہ اس کی روح کو قبض کرتے ہیں اور اس کو لے کر آسمان کی طرف چڑھتے ہیں۔ تو ان سے پہلے فوت شدہ مومنین کے ساتھ ان کی ملاقات ہوتی ہے۔ پس وہ ارادہ کرتے ہیں کہ ان سے کوئی خبر حاصل کریں۔ پس فرشتے ان سے کہتے ہیں۔ اس سے نرمی کرو۔ کیونکہ ابھی ابھی وہ کرب عظیم سے نکلا ہے۔ پھر وہ اس سے خبریں دریافت کرتے ہیں۔ کوئی اپنے بھائی کی خبر دریافت کرتا ہے۔ کوئی اپنے ساتھی کی خبر دریافت کرتا ہے۔ تو وہ کہتا ہے کہ وہ حسب سابق حال پر ہی ہے۔ پھر وہ ایسے انسان کے متعلق پوچھتے ہیں جو اس سے پہلے مر چکا ہے۔ وہ کہتا ہے وہ تمہارے پاس

نہیں آیا؟ تو وہ کہتے ہیں کیا وہ ہلاک ہو چکا ہے؟ پس وہ کہتا ہے ہاں اللہ کی قسم۔ پس وہ کہتے ہیں۔ وہ اپنے ٹھکانے ہاویہ میں چلا گیا ہے۔ اور ہاویہ بھی ایک بری جگہ ہے۔ اور اس میں گرنے والا بھی برا ہے۔ مستدرک حاکم میں ہے کہ ایک صحابی رسول سخت بیمار ہو گئے۔ اور وہ ایسے بے ہوش ہوئے کہ لوگوں نے گمان کیا کہ وہ فوت ہو چکے ہیں۔ یہاں تک کہ کپڑا ان کے منہ پر ڈھانک کر ان کے پاس سے اٹھ کھڑے ہوئے۔ کچھ دیر کے بعد وہ ہوش میں آ گئے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ میرے پاس دو فرشتے سخت مزاج درشت رو آئے۔ کہ ہمارے ساتھ چل۔ تیرا فیصلہ عزیز الامین سے کرائیں گے۔ پس وہ اس کو لے کر چلے۔ تو ان کو دو اور فرشتے ملے۔ وہ ان کی نسبت زیادہ مہربان اور رحم دل تھے۔ پس انہوں نے کہا۔ کہ تم کہاں جا رہے ہو؟ انہوں نے کہا اس شخص کا فیصلہ عزیز الامین سے کرانے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کو چھوڑ دو۔ یہ تو ماں کے پیٹ میں تھا کہ اس کی نیک بختی لکھی گئی تھی۔ پھر اس کے بعد وہ ایک مہینہ تک زندہ رہے پھر وفات پائی۔

موت کے وقت فرشتوں کی حاضری

سعید نے اپنی سنن میں کہا کہ ہمیں سفیان نے عطاء سے روایت بیان کی کہ سلمان کو کستوری ملی۔ پس انہوں نے اپنی عورت کے پاس بطور امانت رکھ دی۔ جب آپ قریب المرگ ہوئے تو آپ نے کہا میری امانت کہاں ہے؟ تو انہوں نے کہا یہ حاضر ہے۔ انہوں نے فرمایا۔ اس کو پانی میں ملاؤ اور میرے بستر کے اردگرد چھڑکو۔ کیونکہ میرے پاس وہ مخلوق حاضر ہو رہی ہے۔ جو کھانا بھی نہیں کھاتے اور پانی بھی نہیں پیتے۔ لیکن خوشبو کو پسند کرتے ہیں۔ اور ابن ابی الدنیا نے مکحول سے روایت کیا ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا اپنے قریب المرگ لوگوں کے پاس حاظر رہو اور انہیں نصیحت کرو۔ کیونکہ وہ ایسی چیزوں کو

دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ جن کو تم نہیں دیکھتے۔ سعید نے حسن سے انہوں نے حضرت عمر
سے روایت کیا کہ اپنے مرنے والوں کے پاس حاضر رہو اور انہیں لا الہ الا اللہ کی تلقین
کرو۔ اور مطیعین جو کہیں اسے سمجھو۔ کیونکہ انکے لئے امور صادقہ ظاہر ہو چکے ہوتے
ہیں۔ اور انہیں بشارت دی جا چکی ہے۔ اور مکحول سے بھی ایسی ہی روایت ہے۔ ابن ابی
شیبہ نے یزید بن شجرہ صحابی سے روایت کیا ہے۔ کہ مرنے والے کے لئے اسکی موت کے
وقت اسکے سامنے اسکے ساتھیوں کی شکلیں دکھائی جاتی ہیں۔ اگر وہ اہل لھو ولعب ہے تو
انکے ہم کردار دکھائے جائیں گے اور اگر وہ اہل ذکر ہیں تو انہیں اہل ذکر دکھائے جائیں
گے۔ اور ابن ابی الدنیا نے بھی مجاہد سے اسی طرح نقل کیا ہے۔ اور بیہقی نے ایک مرد کا
قول نقل کیا ہے کہ وہ بوقت تلقین کہتا تھا۔ خود پیو اور مجھے پلاؤ۔ اور دوسرے کا قول نقل کیا
''دہ بازدہ'' یعنی بار بار مجھے ہی دو۔ ابن ابی الدنیا نے حنظلہ بن اسود سے نقل کیا۔ انہوں
نے کہا میرا ایک غلام فوت ہو گیا تو وہ بوقت وفات کبھی منہ ڈھانپ لیتا اور کبھی کھول دیتا۔ تو
میں نے مجاہد سے یہ معاملہ پوچھا تو انہوں نے کہا۔ ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ مومن کی روح
اس وقت تک نہیں نکلتی۔ جب تک کہ اس کے اچھے اور برے اعمال اس کے سامنے پیش
نہیں کر دیئے جاتے۔ اور ابن عساکر نے عبدالرحمن سے روایت کیا کہ معاذ بن جبل رضی
اللہ عنہ کے بیٹے کو عام عمواس میں نیز الگا۔ پس وہ فوت ہو گیا۔ تو حضرت معاذ نے صبر کیا
اور اللہ سے ثواب چاہا۔ پس جب ان کی ہتھیلی میں نیز الگا تو انہوں نے کہا۔ پیاری چیز
بوقت ضرورت کام آئی ہے جو نادم ہوا اس کو فلاح نہ ملی۔ پس میں نے کہا۔ معاذ۔ کوئی چیز
آپ نے دیکھی ہے؟ تو آپ نے کہا۔ اللہ تعالیٰ نے بوقت مصیبت میری اچھی تعزیت کا
شکریہ ادا کیا ہے۔ میرے بیٹے کی روح میرے پاس آئی۔ پس اسنے مجھے بشارت دی کہ

نبی کریم ﷺ ملائکہ مقربین، شہداء اور صالحین کی سو صفوں میں میرے پاس تشریف لائے۔اور آپ میری روح پر رحمتیں برسا رہے تھے۔اور مجھے جنت کی طرف لے جا رہے ہیں۔پھر وہ بے ہوش ہو گئے۔پس میں نے اس کو دیکھا۔گویا کہ وہ کسی قوم کے ساتھ مصافحہ کر رہا ہے۔اور کہہ رہا ہے۔مرحبا مرحبا۔میں تمہارے پاس آیا ہوں۔پھر وہ فوت ہو گیا۔پس میں نے اس کو خواب میں دیکھا کہ اس کے ارد گرد ایک ہجوم ہے ہمارے ہجوم کی طرح۔ابلق گھوڑوں پر۔وہ سب سفید لباس پہنے ہوئے ہیں۔اور وہ پکار رہا ہے۔اے سعد۔صرف نیزا مارنے والے اور مطعون کے درمیان والا معاملا ہے۔پھر اسکے بعد کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔تمام تعریف اس اللہ کے لئے جس نے ہمیں جنت کا وارث بنایا ہم جہاں چاہیں ٹھکانا بنائیں۔پس عمل کرنے والوں کے لئے اچھا اجر ہے پھر میں بیدار ہو گیا۔

موت کے وقت مومن کو بشارت

بخاری اور مسلم نے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جو شخص اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ بھی اس کی ملاقات کو پسند کرتا ہے۔اور جو شخص اللہ تعالی سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔تو خدا تعالیٰ بھی اس کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا۔آقا۔ہم بھی تو موت کو ناپسند کرتے ہیں۔پس آپ ﷺ نے فرمایا یہ بات نہیں۔لیکن مومن کا جب وقت آخر آتا ہے تو اس کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور اعزاز کی بشارت دی جاتی ہے۔پس اس کو آگے جانے سے زیادہ کوئی شے محبوب نہیں ہوتی۔تو وہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے۔اور اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو پسند کرتا ہے۔اور جب کافر کا وقت آخر آتا ہے تو اس کو عذاب اور

سزا کی بشارت دی جاتی ہے۔ پس اس کے نزدیک آگے جانے سے زیادہ کوئی شے ناپسند نہیں ہوتی۔ لہٰذا وہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو ناپسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو نا پسند کرتا ہے۔ اور آدم بن ابی ایاس نے کہا ہے کہ ہمیں حدیث بیان کی حماد بن ابی سلمہ نے عطاء بن سائب سے۔ انہوں نے عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے۔ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ آیات تلاوت فرمائیں۔ ''**فلولا اذا بلغت الحلقوم الی اخرہ**'' پھر فرمایا جب انسان کا آخری وقت آتا ہے تو اس کو یہ کہا جاتا ہے۔ پس اگر وہ اصحاب الیمین میں سے ہے۔ تو وہ اللہ کی ملاقات کو پسند کرے گا۔ اس کو احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ ابن جریر وغیرہ نے ابن جریج سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ جب مومن بندہ فرشتوں کو دیکھتا ہے تو وہ کہتے ہیں کیا ہم تمہیں دنیا کی طرف لوٹا دیں؟ پس وہ کہتا ہے۔ دکھوں اور غموں کے گھر کی طرف۔ مجھے تو اللہ تعالیٰ کے پاس لے چلو۔ اور جب کافر کو فرشتے یہ کہتے ہیں۔ کیا ہم تجھے دنیا میں لوٹا دیں؟ تو وہ کہتا ہے اے میرے رب مجھے دنیا کی طرف لوٹا دے۔ تاکہ میں بقیہ زندگی نیک کام کروں۔ ترمذی اور ابن جریر نے ابن عباس سے روایت کیا کہ جس کے پاس اتنا مال ہو کہ وہ بیت اللہ شریف کا حج کر سکتا ہو۔ یا اس پر زکوٰۃ فرض ہو۔ لیکن اسنے ادا نہ کی ہو۔ تو وہ شخص موت کے وقت دنیا میں واپس آنے کی خواہش کرے گا۔ پس ایک آدمی نے کہا۔ اے ابن عباس۔ خدا سے ڈر۔ دنیا میں واپس جانے کا سوال تو کافر کرے گا۔ ابن عباس نے کہا میں اس بارہ میں قرآن مجید پیش کرتا ہوں۔ تو آپ نے ''**یا ایھا الذین آمنوا لا تلھکم اموالکم**''۔ آخر آیت تک پڑھا۔ ابن ابی حاتم نے حضرت عبادہ سے روایت کیا کہ ''**فروح وریحان**'' میں روح سے مراد ہے رحمت اور ریحان سے مراد ہے

تلقی عندالموت ۔ اور ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے روایت کیا ہے ''فنز ل من حمیم ''یعنی کافر اس وقت تک دنیا سے نہیں جاتا۔ جب تک کہ حمیم کا ایک پیالہ نہ پی لے ۔اور ابن ابی حاتم اور حاکم سے صحیح روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارہ میں ''تحیتھم یوم یلقونہ سلام '' آپ نے فرمایا۔ جب ملک الموت مومن کی جان قبض کرتا ہے۔تو پہلے وہ اسے سلام کہتا ہے۔ اور ابن ابی الدنیا وغیرہ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ جب ملک الموت مومن کی جان قبض کرنے کے لئے آتا ہے تو وہ کہتا ہے۔اے بندہ مومن تیرا رب تجھے سلام کہتا ہے۔ اور ابن مبارک اور بیہقی نے محمد بن کعب سے روایت کی ہے۔کہ جب بوقت آخر مومن کے پاس ملک الموت آتا ہے تو وہ کہتا ہے۔اے اللہ کے دوست تجھ پر سلام ہو۔اللہ تعالیٰ تجھ پر سلام بھیجتا ہے۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی''الذین تتوفا ھم الملائکۃ طیبین یقولون سلام علیکم ''اور ابن جریر وغیرہ نے ضحاک سے لھم البشری فی الحیوۃ الدنیا وفی الآخرۃ' کے متعلق پوچھا۔تو آپ نے فرمایا۔اس سے مراد قبل الموت ہے۔اور ابن ابی الدنیا نے مرفوعاً حضرت جابر سے روایت کیا ہے کہ''فی الحیوۃ الدنیا '' سے مراد اچھے خواب ہیں جو مومن دیکھتا ہے تو وہ دنیا میں خوش ہوتا ہے۔اور''فی الآخر ۃ '' سے مراد بشارۃ عندالموت ہے۔ کہ فرشتہ مومن کو کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے بھی بخش دیا ہے اور جو لوگ تیرا جنازہ اٹھا کر قبر کی طرف لے جائیں گے انکو بھی بخش دیا ہے۔اور بیہقی نے مجاہد سے نقل کیا کہ تتنزل علیھم الملائکۃ' یہ موت کے وقت کے متعلق ہے۔اور ابن ابی حاتم نے مجاہد سے نقل کیا کہ''الاتخافوا '' سے مراد موت اور امر آخرۃ ہے اور''ولا تحزنوا '' سے مراد وہ ہے جو کچھ پیچھے چھوڑ کر جارہا ہے۔یعنی بچے اور دیگر گھر والے اور

دین ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ مومن کی ان چیزوں پر خود اس کا خلیفہ ہوگا۔ اور ان ہی سے روایت ہے کہ زید بن اسلم کا اس آیت کے متعلق فرمان ہے کہ مومن کو بشارۃ دی جائے گی۔ اس کی موت کے وقت ۔ اور اس کی قبر میں بھی ۔ پس وہ جنت میں ہوگا اور بشارۃ کی خوشی اس کے دل سے ختم نہیں ہوگی ۔ اور سفیان نے کہا کہ مومن کو تین وقت بشارت دی جائے گی۔ (1) موت کے وقت اور (2) جب وہ قبر سے نکلے گا اور (3) جب قیامت کی گھبراہٹ ہوگی ۔ اور مسلم میں ابو ہریرہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ کیا تم دیکھتے نہیں کہ جب آدمی مرتا ہے تو اسکی آنکھیں پھٹی پھٹی رہتی ہیں ۔ لوگوں نے کہاں ہاں ۔ تو آپ نے فرمایا پس اس وقت آنکھیں جان کا پیچھا کرتی ہیں ۔ ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے روایت کیا کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان (**ثم یتوبون من قریب**) میں قریب سے مراد یہ ہے کہ ملک الموت دیکھنے سے پہلے پہلے۔

میت اپنے پاس والوں کو پہچانتی ہے

احمد وغیرہ نے ابو سعید سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میت پہچانتی ہے کہ کون اسے غسل دے رہا ہے اور کون اسے کفن پہنا رہا ہے اور کون اسے قبر میں اتار رہا ہے۔ اور ابو نعیم وغیرہ نے عمرو بن دینار سے روایت کی ہے کہ کوئی بھی میت جب مرتی ہے تو اسکی روح فرشتے کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ تو وہ اپنے جسم کی طرف دیکھتی ہے کہ اسے کیسے غسل دیا جاتا ہے اور کیسے کفن پہنایا جاتا ہے اور اسے کس طرح لے جایا جاتا ہے اور اس کو کہا جاتا ہے۔ جب کہ وہ چارپائی پر ہوتا ہے۔ لوگ جو تیری تعریف کر رہے ہیں وہ سن اور ابن ابی الدنیا نے بھی تابعین کی ایک جماعت سے یہی معنیٰ نقل کیا ہے۔ اس میں "بید ملک" بغیر اضافت کے ہے۔

حضور ﷺ کا مقتولین بدر سے کلام

اور شیخین نے انس سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ مقتولین بدر کے پاس کھڑے ہوئے اور فرمایا۔اے فلاں بن فلاں۔اے فلاں بن فلاں۔کیا تم نے خداتعالیٰ کے وعدہ کو حق پالیا ہے؟ میں نے تو اپنے رب کے وعدہ کو حق پالیا۔تو حضرت عمر نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ۔آپ ایسے جسموں سے کس طرح کلام فرماتے ہیں جن میں روح نہیں ہیں؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا۔میری بات کو تم ان سے زیادہ نہیں سن رہے۔لیکن وہ مجھے جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔

جنازے کے وقت میت کی پکار

اور شیخین ہی کی مرفوع روایت۔عن ابی سعید ہے۔کہ جب جنازہ اٹھایا جاتا ہے اور لوگ اسے اپنے کندھوں پر اٹھا لیتے ہیں۔پس اگر میت نیک ہوتی ہے تو کہتی ہے۔مجھے آگے لے چلو۔اور اگر میت بدکار ہو تو وہ کہتی ہے۔ہائے ہلاکت۔پس انسان کے علاوہ ہر شے اس کی آواز کو سنتی ہے۔اور اگر انسان سن لے تو مر جائے۔سعید نے اپنی سنن میں ابن عقلہ۔سے روایت کی ہے کہ فرشتے جنازہ کے آگے آگے کہتے جاتے ہیں۔فلاں نے آگے کیا بھیجا ہے۔اور لوگ کہتے ہیں کہ فلاں نے پیچھے کیا چھوڑا ہے۔

اعمال کے لئے آسمان میں دروازے

اور ترمذی اور ابن ابی حاتم وغیرہ نے حضرت انس سے مرفوعا بیان کیا ہے کہ ہر انسان کے لئے آسمان میں دو دروازے ہوتے ہیں۔ایک دروازہ سے اس کا عمل اوپر جاتا ہے اور دوسرے دروازہ سے اس کا رزق نیچے آتا ہے پس جب مومن بندہ فوت ہو جاتا ہے تو

وہ دونوں دروازے اس پر روتے ہیں۔ اور ابن جریر نے ابن عباس سے روایت بیان کی ہے کہ ان سے "فما بکت علیھم السماء والارض " کے متعلق سوال کیا گیا کہ کیا کسی شخص پر زمین وآسمان بھی روتے ہیں؟ تو آپ نے فرمایا۔ ہاں۔ کیونکہ ہر مخلوق کے لئے آسمان میں ایک دروازہ ہے جس سے اس کا عمل اوپر جاتا ہے اور رزق نیچے آتا ہے جب بندۂ مومن مرجاتا ہے تو وہ دروازہ بند ہوجاتا ہے۔ تو وہ دروازہ روتا ہے اور جس جگہ وہ نماز پڑھتا تھا۔ اور اللہ کا ذکر کرتا تھا۔ وہ جگہ اس بندہ مومن کو نہیں پاتی تو وہ جگہ بھی مومن پر روتی ہے۔ اور چونکہ فرعونیوں کے زمین میں کوئی نیک نشانات نہ تھے۔ اور نہ کوئی بھلائی ان کی طرف سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جاتی تھی۔ تو ن لے نہ تو ان پر زمین روئی اور نہ ہی آسمان رویا۔ اور ابن ابی حاتم وغیرہ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ جب مومن مرجاتا ہے تو جس زمین پر وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا وہ بھی روتی ہے اور آسمان میں جہاں سے اسکا عمل اوپر جاتا تھا وہ جگہ بھی اس پر روتی ہے۔ پھر آپ نے بطور دلیل پڑھا۔ "فما بکت علیھم السماء والارض " اور ابن جریر نے عطاء سے روایت کی ہے کہ آسمان کا رونا اس کے کناروں کی سرخی ہے۔ اور ابن ابی الدنیا نے بھی حسن اور سفیان سے اسی طرح بیان کیا ہے۔ "کان یقال " کے الفاظ کے ساتھ۔

مسافری کی موت پر بخشش

اور حسن سے روایت ہے کہ جب کوئی مومن بندہ مسافری میں فوت ہوجاتا ہے تو اس کی مسافرانہ حالت پر رحم کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ اس پر عذاب نہیں کرتے۔ بلکہ اس پر رحم فرماتے ہیں۔ اور چونکہ اس پر رونے والا کوئی نہیں ہوتا تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس پر فرشتے روتے ہیں۔ اور ابن جریر وغیرہ نے شریح بن عبید حضرمی سے مرفوعا روایت کیا ہے

کہ جب کوئی مومن کہیں سفر میں اس حالت میں فوت ہو جائے۔ جہاں اس پر رونے والا کوئی نہ ہو۔ تو اس پر زمین و آسمان روتے ہیں۔ پھر آپ نے پڑھا "فما بکت علیھم السماء والارض" پھر آپ نے فرمایا کہ یہ دونوں کافر پر نہیں روتے۔ حاکم وغیرہ نے ابو سعید سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے مدینہ منورہ میں ایک جماعت کو قبر کھودتے ہوئے دیکھا۔ پس آپ نے ان سے اس بارہ میں سوال کیا تو عرض کیا گیا کہ میرا حبیب فوت ہو گیا ہے۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا لا الٰہ الا اللہ ۔ وہ زمین و آسمان سے سبقت کر گیا۔ اس مٹی کی طرف جس سے وہ پیدا کیا گیا تھا۔ اور طبرانی نے ابوداود اور ابن عمر سے بھی اس کا معنی روایت کیا ہے۔

نیکوں کے پڑوس میں قبر کا فائدہ

اور ابونعیم وغیرہ نے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے کہ فرمایا نبی کریم ﷺ نے اپنے مردوں کو نیک لوگوں کے درمیان دفن کیا کرو۔ کیونکہ میت کو برے پڑوس سے اسی طرح تکلیف ہوتی ہے۔ جس طرح زندہ آدمی کو برے پڑوس سے تکلیف ہوتی ہے۔ اور اسی معنی کی روایت حضرت علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی ہے۔

قبر کم گہری رکھنا

اور ابن سعد نے معاویہ بن صالح سے روایت کی ہے کہ جب حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وقت وفات قریب آیا تو فرمایا میری قبر کھودو۔ زیادہ گہری نہ کھودنا کیونکہ بہترین زمین اس کا اعلیٰ حصہ ہے اور بدترین اس کا نچلا حصہ ہے اور ابن عساکر نے آپ ہی سے روایت کی ہے کہ آپ نے اپنے بھائی کی قبر کھودنے والے سے کہا کہ اپنے سر تک یا اپنے کندھے تک کھودنا۔ اس سے زیادہ نہ کرنا۔

دن والے فرشتے رات والوں سے زیادہ رحم دل

اور ابن نجار نے روایت کیا ہے کہ عبدالصمد بن علی نے انہیں حکم کیا۔ کہ اپنے بعض فوت شدہ اہل کے لئے۔ کہ اس کو جلدی کے ساتھ شام سے پہلے پہلے دفن کر دو اور کہا کہ میرے باپ نے میرے دادا سے نبی کریم ﷺ کی حدیث بیان کی ہے ''کہ دن کے فرشتے رات کے فرشتوں سے زیادہ رحمدل ہیں'' ابن بطہ کی آمالی میں ابن عباس سے مرفوعا روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جو قبروں کا مؤکل ہے۔ پس جب میت دفن کر دی جاتی ہے اور مٹی ہموار کر دی جاتی ہے اور لوگ واپسی کے لئے پلٹتے ہیں تو وہ فرشتہ قبر کی مٹی سے ایک مٹھی لے کر لوگوں کی پشتوں پر پھینکتا ہے اور کہتا ہے۔ کہ اپنی دنیا کی طرف لوٹ جاؤ اور اپنی موت کو بھول جاؤ

مسافری میں موت۔

اور ابن وہب نے کہا مجھ سے حدیث بیان کی حی بن عبداللہ نے ابی عبدالرحمٰن جیلی سے اسنے ابن عمرو سے آپ نے فرمایا کہ مدینہ منورہ میں پیدا ہونے والوں میں سے ایک مرد فوت ہوا تو اس پر رسول اللہ ﷺ نے نماز جنازہ پڑھی اور فرمایا۔ کاش کہ یہ اپنی جائے پیدائش کے علاوہ کسی اور جگہ پر فوت ہوتا۔ تو ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ ﷺ یہ کیوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا جب آدمی مرتا ہے تو اس کے مولد سے اس کے خاتمہ والی جگہ تک جنت میں اس کا درجہ ہوتا ہے۔

قبر پر دعا کرنا

اور ابن ابی شیبہ نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ حضرت انس نے اپنے ایک بیٹے کو دفن کیا تو کہا اے اللہ اس کے پہلو سے زمین دور کر دے۔ اور اس کی روح کے لئے آسمان کے دروازے کھول دے۔ اور اس کو اس کے گھر سے بہتر گھر عطا کر۔ اور سعید بن منصور نے

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ جب آپ میت کو قبر میں رکھتے تو فرماتے۔
اے اللہ اس کے پہلو سے زمین کو دور رکھ۔ اور اس کی روح کو اوپر لے جا اور اس کو قبول
فرما۔ اور اپنی طرف سے اس کو رحمت عطا فرما۔ اور ابن ماجہ اور بیہقی نے ابن میسب سے
روایت کیا کہ حضرت ابن عمر ایک جنازہ میں حاضر ہوئے۔ جب اس کو لحد میں رکھا گیا تو
آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے اللہ اس کو شیطان اور عذاب قبر سے بچانا۔ جب اس پر قبر
ہموار کر دی گئی تو آپ نے قبر کی ایک جانب کھڑے ہو کر کہا۔ اے اللہ زمین کو اس کے
دونوں پہلوؤں سے دور رکھ اور اس کی روح کو اوپر لے جا اور اپنی طرف سے اس کو اپنی
رضا عطا فرما۔ پھر آپ نے فرمایا۔ میں نے یہ جناب رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔ اور
سعید بن منصور نے ابن مسعود سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ قبر
ہموار ہونے کے بعد قبر پر کھڑے ہو کر فرماتے تھے۔ اے اللہ ہمارا ساتھی تیرے پاس
حاضر ہوا ہے اور دنیا کو پیچھے چھوڑ گیا ہے۔ اے اللہ بوقت سوال اس کی زبان کو ثابت رکھنا
۔ اور قبر میں اس کو ایسی مصیبت میں مبتلا نہ کرنا جس کی اس کو طاقت نہ ہو۔

قبر میں میت کو تلقین کرنا

اور طبرانی نے کبیر میں اور ابن مندہ نے ابو امامہ سے رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا
ہے۔ کہ جب تمہارے بھائیوں میں سے کوئی فوت ہو جائے اور جب تم اس پر مٹی ہموار کر
چکو۔ تو تم میں سے کوئی ایک آدمی اس کی قبر کے سرہانے کھڑے ہو کر کہے۔ اے فلاں بن
فلاں۔ پس تحقیق وہ سنتا ہے لیکن جواب نہیں دیتا۔ پھر کہے اے فلاں بن فلاں۔ پھر وہ
سیدھا ہو کر بیٹھ جائے گا۔ پھر کہے۔ اے فلاں بن فلاں۔ پس وہ کہے گا ''ارشدنا
رحمک اللہ'' لیکن تم اس کو نہیں سمجھتے پھر وہ کہے۔ وہ چیز یاد کر جس چیز پر تو دنیا سے

رخصت ہوا تھا۔یعنی شھادۃ ان لاالہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ ۔اورتو اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر راضی تھا اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر اور قرآن کے رہنما ہونے پر۔پس منکر نکیر ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر کہیں گے کہ چلو چلیں ۔کیونکہ جس کو اس کی حجت تلقین کر دی گئی ہے۔ہم اس کے پاس نہیں بیٹھتے۔پس اللہ تعالیٰ اس کی طرف سے اس کا وکیل ہے،اس مرد نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ اگر اس کی ماں کا نام یاد نہ ہو تو پھر کیا کہے۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔یافلاں بن حواء کہے۔

میت کو قبر کا دبانا

اور احمد اور حکیم ترمذی اور بیہقی نے حضرت حذیفہ سے روایت کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک جنازہ میں حاضر تھے۔جب ہم قبر کے پاس پہنچے تو آپ اس کے کنارے پر بیٹھ گئے۔پس آپ ﷺ اس میں بار بار نگاہ مبارک ڈالتے تھے۔پھر فرمایا قبر میں مومن کو اس طرح دبایا جاتا ہے کہ اس کے اعضاء ہل جاتے ہیں۔اور احمد اور بیہقی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔قبر کا دبانا حق ہے۔اگر کوئی اس سے نجات پاسکتا تو وہ سعد بن معاذ ہے۔اور احمد اور طبرانی اور بیہقی نے حضرت جابر سے روایت کیا ہے کہ جب حضرت سعد بن معاذ دفن کئے گئے تو حضور ﷺ نے بھی تسبیح کہی اور لوگوں نے بھی طویل تسبیح کہی۔پھر آپ نے تکبیر کہی۔تو لوگوں نے بھی تکبیر کہی۔پھر لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ نے تسبیح کیوں کہی؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔اس مرد صالح پر اس کی قبر تنگ ہو رہی تھی۔اس تسبیح اور تکبیر کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس کی قبر کشادہ کر دی ہے۔اور سعید بن منصور اور حکیم ترمذی اور بیہقی نے ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ سعد بن معاذ کے دفن

والے دن ان کی قبر کے پاس کھڑے ہوئے تھے۔اور فرمایا کہ اگر قبر کے دبانے سے کوئی نجات پاتا تو سعد نجات پاتے۔ان کی قبر تھوڑی دیر کے لئے ان پر ملی تھی۔پھر ان سے علیحدہ ہوگئی۔اور نسائی اور بیہقی نے عبداللہ بن عمر سے روایت کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ وہ شخص ہے جس کی موت پر عرش نے بھی حرکت کی تھی۔اور اس کے لئے آسمان کے دروازے کھولے گئے تھے۔اور اس کے جنازہ میں ستر ہزار فرشتے حاضر ہوئے۔قبر اس پر بھی تھوڑی سی تنگ ہوئی تھی پھر کشادہ ہوگئی۔حسن بصری نے کہا کہ عرش نے ان کی آمد پر خوشی کی وجہ سے حرکت کی تھی۔

طہارت کی سستی پر عذاب قبر

اور حکیم ترمذی اور حاکم اور بیہقی نے ابن عمر سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت سعد کی قبر میں داخل ہوئے۔پس جب آپ باہر نکلے تو عرض کیا گیا کہ آپ قبر میں کس وجہ سے ٹھہرے رہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔سعد کی قبر نے انہیں تھوڑا سا دبایا تھا۔میں نے دعا کی تو ان کی قبر کشادہ ہوگئی۔اور حکیم ترمذی اور بیہقی نے ابن اسحاق کے طریق سے بیان کیا ہے کہ مجھے بتایا امیہ بن عبداللہ نے کہ انہوں نے سعد کے گھر کے بعض لوگوں سے پوچھا۔کہ تمہیں اس بارہ میں رسول اللہ ﷺ کا کیا فرمان پہنچا ہے؟ پس انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے بارہ میں ہمیں بتایا گیا ہے کہ آپ سے اس بارہ میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔وہ بعض دفعہ پیشاب سے طہارت میں کمی کرتے تھے۔اور طبرانی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ حضرت زینب بنت رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہوا تو ہم بھی آپ کے ساتھ نکلے۔پس ہم نے دیکھا کہ آپ بہت غم ناک ہیں۔پس آپ تھوڑی دیر قبر کے پاس کھڑے رہے اور آپ آسمان کی طرف

دیکھتے رہے۔ پھر آپ قبر میں اترے۔ پس میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ کا غم اور زیادہ ہو گیا ہے۔ پھر آپ باہر نکلے تو میں نے دیکھا کہ آپ کا غم دور ہو چکا تھا۔ پس آپ نے تبسم فرمایا۔ پھر ہم نے اس بارہ میں آپ سے سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ قبر تنگ ہوئی اور حضرت زینب کمزور ہوئیں۔ تو یہ بات مجھ پر شاق گزری۔ پس میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ ان پر تخفیف ہو جائے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان پر تخفیف کر دی۔ لیکن قبر نے ان کو دبایا ہے جس کو جن انس کے سوا سب چیزوں نے سنا ہے۔ اور انہوں نے ہی صحیح سند کے ساتھ ابو ایوب سے روایت کیا کہ ایک بچہ دفن کیا گیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر ضغطۂ قبر سے کوئی بچ سکتا تو یہ بچہ بچ جاتا۔ اور طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک بچہ پر یا ایک بچی پر نماز جنازہ پڑہائی۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ اگر کوئی قبر کے دبانے سے نجات پا سکتا تو یہ بچہ نجات پاتا۔ اور سعید بن منصور نے زاذان ابی عمرو سے روایت کیا ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے اپنی صاحبزادی سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کو دفن کیا تو آپ قبر کے پاس بیٹھ گئے۔ تو آپ کا چہرہ انور متغیر ہوا۔ پھر آپ کی وہ حالت دور ہو گئی۔ صحابہ نے آپ ﷺ سے اس بارہ میں سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اپنی بیٹی کی یاد آئی اور اس کی کمزوری اور عذاب قبر کے متعلق۔ تو میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو اس کی تکلیف دور ہو گئی۔ اللہ کی قسم قبر نے اس طرح دبایا ہے کہ زمین اور آسمان کے درمیان والوں نے سنا ہے۔ اور ھناد بن سری نے زہد میں ابن ابی ملیکہ سے روایت کی ہے۔ فرمایا ضغطۂ قبر سے کوئی بھی نہیں بچا۔ یہاں تک کہ سعد بن معاذ بھی نہیں بچے۔ جن کے رومالوں میں سے ایک رومال دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ حسن سے بھی ھناد نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ

نے حضرت سعد کے دفن کے وقت فرمایا کہ قبر نے حضرت سعد کو اس طرح دبوچا کہ آپ مثل ایک بال کے ہو گئے۔ پھر میری دعا کی برکت سے ان کو رہائی ملی ۔ وہ بعض دفعہ پیشاب کی طہارت کے معاملہ میں سستی کرتے تھے ۔ اور ابن سعد نے سعید مقبری سے روایت کی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے سعد کو دفن کیا۔ تو فرمایا اگر کوئی بھی ضغطۂ قبر سے نجات پاتا تو سعد نجات پاتے حالانکہ ان کو قبر نے اس طرح دبوچا ہے کہ ان کی پسلیاں ہل گئیں ۔ اور یہ پیشاب کے بارہ میں بے احتیاطی کی وجہ سے ہوا۔ اور عبدالرزاق نے مجاہد سے روایت کی کہ سب سے سخت حدیث جو ہم نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے وہ حضرت سعد اور عذاب قبر کے بارے میں ہے۔ اور ابن ابی الدنیا وغیرہ نے روایت کیا ہے کہ ابن عمر کے غلام نافع کا جب وفات کا وقت آیا تو وہ رونے لگے تو ان سے کہا گیا کہ کیوں روتے ہو؟ تو انہوں نے کہا کہ حضرت سعد اور ضغطۂ قبر یاد آیا ہے۔ اور بیہقی وغیرہ نے ابن مسیب سے روایت کی ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ جب سے آپ نے منکر نکیر کے آواز اور ضغطۂ قبر کا بیان کیا ہے مجھے کسی چیز سے بھی سکون نہیں ہوتا۔ تو آپ نے فرمایا اے عائشہ منکر نکیر کی آواز مومن کے کانوں میں ایسی ہی ہوتی ہے جیسے کہ آنکھ میں سرمہ۔ اور مومن کو قبر ایسے ہی دباتی ہے جیسے مہربان ماں ۔ جس کے پاس اس کا بیٹا دردسر کی شکایت کرتا ہے۔ لیکن اے عائشہ ہلاکت ہے اللہ تعالٰی کے ساتھ شریک ٹھہرانے والوں کیلئے کہ وہ کس طرح عذاب قبر میں مبتلا ہوتے ہیں۔

قرآن کی وجہ سے عذاب سے نجات

دارمی نے خالد بن معدان سے روایت کی ہے کہ ''الم تنزیل '' اپنے پڑھنے والے کی طرف سے قبر میں جھگڑتی ہے اور کہتی ہے اے اللہ اگر میں تیری کتاب میں سے ہوں تو

میرے پڑھنے والے کے حق میں میری شفاعت منظور فرما۔اور اگر میں تیری کتاب میں سے نہیں ہوں تو مجھے اس میں سے مٹا دے۔اور وہ سورۃ اس وقت پرندے کی طرح ہوگی اور وہ اپنے دونوں پر اس مومن پر پھیلا دے گی۔پس اس کی شفاعت قبول ہوگی۔اور اس شخص کو عذاب قبر سے بچالیا جائے گا۔اور سورہ تبارک الذی بیدہ الملک کے متعلق بھی اسی طرح آیا ہے۔اور حضرت خالد جب تک ان دونوں سورتوں کو پڑھ نہ لیتے۔سوتے نہ تھے۔طبرانی اور بیہقی نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والوں پر موت کے وقت اور قبروں سے اٹھتے وقت وحشت نہ ہوگی۔

قبر میں سوال

اور ابن جریر نے جویبر سے روایت کی ہے کہ ضحاک بن مزاحم کا چھ دن کا بیٹا فوت ہوگیا۔تو آپ نے فرمایا جب میرے بیٹے کو قبر میں رکھو تو اس کا چہرہ کھلا رکھنا اور اس کی گرہیں کھول دینا کیونکہ میرا بیٹا بٹھایا جائے گا اور اس سے سوال کیا جائے گا۔پس میں نے کہا اس سے کس چیز کے متعلق سوال کیا جائے گا۔تو آپ نے فرمایا۔اس اقرار کے متعلق جو اس نے صلب آدم میں کیا تھا۔ابن ماجہ اور حاکم نے مانی مولیٰ عثمان سے روایت کیا کہ حضرت عثمان جب کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو اتنا روتے کہ آپ کی داڑھی مبارک بھیگ جاتی۔پس آپ سے کہا گیا کہ جنت اور دوزخ کے ذکر پر تو آپ اتنا نہیں روتے اور قبر کے ذکر پر بہت روتے ہیں۔پس آپ فرماتے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ قبر آخرت کی منازل میں سے پہلی منزل ہے پس اگر کوئی اس منزل سے نجات پا گیا تو اس کے لئے بعد کی منازل بھی آسان ہوں گی۔اور اگر یہاں نجات نہ پاسکا تو بعد والی منزلیں تو اس سے بھی

زیادہ سخت ہیں۔اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے قبر سے زیادہ ہولناک منظر کوئی نہیں دیکھا۔اور ابن ماجہ نے براء سے روایت کیا کہ ہم ایک جنازہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔تو آپ قبر کے کنارہ پر بیٹھے اور روئے اور دوسروں کو بھی رلایا یہاں تک کہ زمین تر ہوگئی پھر فرمایا۔اے میرے بھائیو اس کے لیے تیاری کرو۔اور احمد اورنسائی نے ابن عمرو سے روایت کی ہے۔آپ نے فرمایا کہ مدینہ منورہ میں ایک مرد فوت ہوگیا۔اس پر رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی۔پھر فرمایا کاش یہ اپنی جائے پیدائش کے علاوہ کسی اور جگہ پر مرتا۔ایک مرد نے عرض کیا یارسول اللہ کیوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔جب آدمی اپنی جائے پیدائش کے سوا کسی اور جگہ پر مرتا ہے تو اس کی جائے پیدائش سے لے کر اس کی آخری منزل تک اس کے لئے جنت ناپی جاتی ہے۔

قبر۔جنت یا جہنم

اور ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے مرفوعا حضرت ابن عمر سے روایت کی ہے کہ قبر یا تو جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہوتا ہے یا جنت کے باغوں میں سے ایک باغ۔اور ابن ابی شیبہ نے بھی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ایک ایسی ہی موقوف روایت بیان کی ہے۔اور احمد اور ابن ابی الدنیا نے وھب سے روایت کی ہے کہ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام ایک قبر پر کھڑے تھے۔اور آپ کے ساتھ آپ کے حواری بھی تھے۔تو انہوں نے قبر اور اس کی وحشت اور ظلمت اور تنگی کا ذکر کیا۔تو آپ نے فرمایا۔تم اس سے بھی تنگ جگہ میں تھے۔یعنی اپنی ماؤں کے ارحام میں۔پس اللہ تعالیٰ جب ارادہ فرمائے کہ وسعت ہو جائے۔تو وسعت ہو جاتی ہے۔اور ابن ابی الدنیا نے ابی غالب صاحب ابی امامہ سے روایت کی ہے کہ شام میں ایک مرد پر موت کا وقت آ گیا۔تو اس نے اپنے چچا

سے کہا۔ بتاؤ اگر اللہ تعالیٰ مجھے میری ماں کے سپرد کر دے تو وہ میرے ساتھ کیا سلوک کرے گی؟ اس نے کہا کہ وہ تو تجھے یقیناً جنت میں ہی داخل کرے گی۔ اس نے کہا۔ اللہ کی قسم۔ اللہ تعالیٰ میری ماں سے بھی زیادہ مہربان ہے۔ یہ کہہ کر وہ جوان فوت ہو گیا۔ ہم نے کچی اینٹوں کے ساتھ اس کی قبر بنائی۔ اچانک ایک اینٹ گر گئی۔ تو اس کا چچا جھپٹ کر آگے بڑھا۔ پھر پیچھے ہٹ گیا۔ میں نے کہا تیرا کیا حال ہے؟ اس نے کہا کہ اس کی قبر نور سے بھر دی گئی ہے۔ اور حد نگاہ تک کشادہ ہو گئی ہے۔ اور ابوداود وغیرہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ جب نجاشی بادشاہ فوت ہو گیا تو ہم آپس میں باتیں کیا کرتے تھے کہ نجاشی کی قبر پر ہمیشہ نور نظر آتا ہے۔ اور تاریخ ابن عساکر میں عبدالرحمٰن بن عمارہ سے روایت ہے کہ جب احنف بن قیس کا جنازہ آیا تو میں ان لوگوں میں سے تھا جنہوں نے اس کو قبر میں اتارا تھا۔ پس جب ہم اس کی قبر درست کر چکے تو میں نے دیکھا کہ اس کی قبر حد نگاہ تک کشادہ ہو گئی ہے۔ میں نے یہ بات اپنے ساتھیوں سے بیان کی تو وہ اس چیز کو نہ دیکھ سکے جو میں نے دیکھی تھی۔ اور ابراہیم حنفی سے روایت ہے کہ جب ماہان حنفی کو اس کے دروازے پر سولی دی گئی تو ہم رات کو اس کے پاس روشنی دیکھتے تھے۔

جنازہ پڑھنے والے بخشے جاتے ہیں۔ اور عبدالرزاق اور بزار نے اپنی اپنی مسندوں میں ابن عباس سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ مرنے کے بعد مومن کو جو پہلی جزا دی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ اس کے جنازہ میں شامل ہونے والے سب لوگوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

ذکر و دعا سے قبر میں روشنی

اور مسلم میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ قبریں اپنے رہنے والوں کے لئے ظلمت سے بھری ہوتی ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ میری

دعا یا میری نماز سے ان کو منور کر دیتا ہے۔ اور خطیب اور ابو نعیم نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ جو شخص روزانہ سو بار" لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین " پڑھے تو یہ اس کے لئے فقر سے امان ہوگا اور قبر کی وحشت میں انس کا ذریعہ اور اس کے لئے جنت کے دروازے کھول دیے جائیں گے۔ اس کو خطیب نے بھی ابن عمر کی روایت سے نقل کیا ہے۔

علم دین پڑھنے پڑھانے سے قبریں روشن

اور احمد نے زہد میں کعب سے روایت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام کی طرف وحی کی کہ علم سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ۔ کیونکہ میں علم پڑھانے والوں اور پڑھنے والوں کی قبریں منور کروں گا۔ تاکہ انہیں اپنی قبروں میں وحشت نہ ہو۔ اور سعید نے اپنی سنن میں حسن بصری سے روایت کی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے پروردگار جو شخص مریض کی عیادت کرے اس کے لیے کیا ثواب ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اس پر فرشتے مقرر کئے جائیں گے جو اس کی قبر میں اسکی عیادت کریں گے یہاں تک کہ وہ قبر سے اٹھایا جائے۔ اور احمد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ صرف قیامت کے دن ہی کسی کا محاسبہ نہ ہوگا کہ وہ بخشا جائے گا بلکہ مومن قبر کے اندر ہی اپنا عمل دیکھ لے گا۔

عذاب قبر کے اسباب

اور مسلم نے زید بن ثابت سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا ایک دفعہ نبی کریم ﷺ بنی نجار کے باغ میں خچر پر سوار تھے۔ اچانک وہ بدکا۔ قریب تھا کہ وہ آپ کو گرا دیتا۔ دیکھا تو سامنے چھ یا پانچ یا چار قبریں تھیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا ان قبروں والوں کو کون جانتا

ہے؟ ایک آدمی نے کہا میں جانتا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا یہ لوگ کب مرے ہیں؟ اس نے کہا یہ حالت شرک میں مرے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا یہ گروہ اپنی قبروں میں ابتلا میں گرفتار ہیں۔ اگر یہ خطرہ نہ ہوتا کہ تم مردوں کو دفن کرنا ہی چھوڑ دو گے تو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا کہ عذاب قبر کے سلسلہ میں جو میں سنتا ہوں وہ تم بھی سنو۔ بخاری اور مسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ قبروں والوں کو عذاب ہوتا ہے۔ جس کو جانور سنتے ہیں۔ اور احمد وغیرہ نے ابو سعید سے مرفوعا روایت کیا ہے کہ کافر پر اس کی قبر میں ننانویں اژدہا مسلط کئے جائیں گے جو اس کو قیامت تک ڈستے رہیں گے۔ اور احمد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ کافر پر قبر میں دو سانپ مقرر کئے جائیں گے۔ ایک اس کے سر کی طرف اور ایک اس کے پاؤں کی طرف۔ جو کافر کو قیامت تک کاٹتے رہیں گے۔ اور ابن ابی شیبہ نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ پیشاب سے پاک صاف رہو۔ کیونکہ عموماً قبر کا عذاب اسکی وجہ سے ہی ہوتا ہے۔ اور بیہقی وغیرہ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا اے میمونہ عذاب قبر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو۔ کیونکہ سخت عذاب قبر غیبت اور پیشاب سے اپنے جسم کو نہ بچانے کی وجہ سے ہی ہوتا ہے۔ اور بیہقی نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ عذاب قبر کے تین حصے ہیں۔ ایک ثلث تو غیبت کی وجہ سے ہوتا ہے اور ایک ثلث چغل خوری کی وجہ سے اور ایک ثلث پیشاب میں بے احتیاطی کرنے سے۔ پس ان چیزوں سے بچ کر رہو۔ اور ابن ابی الدنیا نے حویرث بن رباب سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا میں ایک قبرستان سے گزرا اچانک ایک قبر سے ایک انسان نکلا جو کہ لوہے کے لباس میں جکڑا ہوا تھا۔ اسکے سر اور منہ سے آگ کے شعلے نکل رہے تھے۔ پس اسنے کہا مجھے پانی پلاؤ

مجھے پانی پلاؤ۔ اس کے پیچھے ایک اور آدمی نکلا۔ وہ کہتا تھا کافر کو پانی نہ پلانا۔ پس اس نے اسکو پکڑ لیا اور زنجیر میں باندھ کر اس کو الٹا کیا پھر اس کو کھینچا۔ یہاں تک کہ وہ دونوں اکٹھے پھر قبر میں داخل ہو گئے۔ حویرث نے کہا۔ پھر اونٹنی میرے قابو سے باہر ہو کر دوڑتی رہی۔ یہاں تک کہ عرق ضبیہ میں پہنچ گئی اور بیٹھ گئی۔ پس میں نے اتر کر مغرب اور عشاء کی نمازیں پڑھیں۔ پھر میں سوار ہوا اور صبح کو مدینہ منورہ پہنچا۔ پس میں حضرت عمر کے پاس حاضر ہوا تو میں نے آپ کو یہ واقعہ سنایا۔ حضرت عمر نے فرمایا اے حویرث میں تجھ پر جھوٹ کی تہمت تو نہیں لگاتا۔ لیکن تو نے ایک سخت خبر سنائی ہے۔ پھر حضرت عمر نے اس قبرستان کے دونوں طرف کے ایسے بوڑھوں کو بلایا جنہوں نے جاہلیت کا زمانہ پایا تھا۔ پھر حویرث کو بلایا۔ تو آپ نے کہا۔ حویرث نے مجھے ایک بات سنائی ہے۔ اور میں اس پر غلط بیانی کی تہمت بھی نہیں لگاتا۔ اے حویرث ان کو وہ بات سناؤ جو تو نے مجھے سنائی ہے میں نے انہیں پوری بات سنائی۔ انہوں نے کہا امیر المومنین ہم اس شخص کو پہچان گئے ہیں۔ یہ بنی غفار میں سے ایک مرد تھا جو کہ جاہلیت میں مرا اور وہ اپنے مال میں کسی مہمان کو حصہ دار نہیں سمجھتا تھا۔ اور ابن ابی الدنیا نے عروہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی سوار ہو کر مکہ اور مدینہ کے درمیان سفر کر رہا تھا۔ وہ جب ایک قبرستان میں سے گزرا تو ایک مرد اپنی قبر سے نکلا۔ جو آگ میں جل رہا تھا۔ اور لوہے میں جکڑا ہوا تھا۔ اس نے کہا اے اللہ کے بندے مجھ پر پانی چھڑک۔ مجھ پر پانی چھڑک۔ پھر اس کے پیچھے ایک اور آدمی نکلا۔ اس نے کہا اس پر پانی نہ چھڑکنا۔ پھر سوار کو غش آ گیا۔ جب صبح کو ہوش آیا تو اس کے بال سفید ہو چکے تھے۔ اس آدمی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے یہ واقعہ بیان کیا تو آپ نے لوگوں کو اکیلے سفر کرنے سے منع فرما دیا۔ اور احمد اور ابن خزیمہ اور نسائی نے ابو رافع

سے روایت کی ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بقیع میں سے گزرا تو آپ نے فرمایا اف اف۔ میں نے گمان کیا کہ آپ یہ مجھے فرمارہے ہیں۔ تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ مجھ سے کوئی غلطی ہوگئی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا۔ آپ نے مجھے اف کہا ہے؟ فرمایا نہیں۔ لیکن اس قبر والا فلاں آدمی ہے جس کو میں نے بنی فلاں پر زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا تھا۔ تو اس مال میں سے اس نے ایک چادر چھپالی تھی۔ اور اب وہ اس جیسی آگ کی چادر میں لپٹا ہوا ہے۔ اور ابن ابی شیبہ نے عمرو بن شرجیل سے روایت کی ہے کہ ایک مرد فوت ہوا۔ جس کے متعلق لوگوں کا گمان تھا کہ یہ پرہیز گار آدمی ہے۔ پس اس کی قبر میں فرشتے آئے۔ انہوں نے کہا ہم تجھے اللہ کے عذاب میں سے سو کوڑے ماریں گے۔ اس نے کہا مجھے کیوں مارتے ہو؟ میں تو متقی اور پرہیز گار تھا۔ پس کہا گیا اچھا پچاس۔ پھر کمی کرتے کرتے ایک کوڑے تک پہنچ گئے۔ تو اس ایک کوڑے سے قبر آگ سے بھڑک اٹھی اور وہ مرد ہلاک ہوگیا۔ پھر اس کو زندہ کیا گیا۔ اس نے کہا مجھے کس جرم میں کوڑا مارا گیا ہے؟ انہوں نے کہا تو نے ایک دن بغیر وضو کے نماز پڑھی تھی۔ اور تو ایک مظلوم پر گزرا تھا جو تجھے مدد کے لئے پکارتا رہا۔ لیکن تو نے اس کی مدد نہ کی۔ اس کو طحاوی اور ابو الشیخ نے مرفوعاً روایت کیا ہے۔

آخرت کے عذاب کی چند قسمیں

اور بخاری نے حضرت سمرہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ اکثر فرمایا کرتے تھے کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ تو ایک دن آپ ﷺ نے فرمایا آج رات دو آنے والے میرے پاس آئے۔ پس انہوں نے مجھے کہا چلئے۔ تو میں ان کے ساتھ چلا۔ تو وہ مجھے ارض مقدسہ کی طرف لے گئے۔ تو ہم ایک مرد کے پاس آئے جو لیٹا

ہوا تھا۔اور دوسرا آدمی اس کے سر پر پتھر لے کر کھڑا تھا۔ جب وہ پتھر اس کے سر پر مارتا تو اس کا سر پاش پاش ہو جاتا۔ پس پتھر ایک طرف لڑھک جاتا۔تو وہ آدمی پتھر کے پیچھے جا کر اس کو پکڑ لیتا۔ اس کے واپس آنے تک اس کا سر صحیح ہو جاتا تھا۔ پھر وہ اسی طرح کرتا۔ جس طرح کہ پہلی بار کیا تھا۔ میں نے ان سے کہا سبحان اللہ۔ یہ دونوں کون ہیں؟ ان دونوں نے کہا آپ آگے چلیں ۔تو ہم آگے چلے ۔تو ہم ایک ایسے مرد کے پاس آئے جو لیٹا ہوا تھا اور ایک دوسرا آدمی لوہے کی سلاخیں لے کر اس کے سر پر کھڑا تھا پس وہ اس کے منہ کے ایک جبڑے اور ناک اور آنکھوں تک چیرتا چلا جاتا۔ پھر وہ منہ کی دوسری جانب متوجہ ہوتا تو اس کے ساتھ بھی وہی معاملہ کرتا جو پہلے حصہ کے ساتھ کیا تھا۔ پس وہ اس جانب سے فارغ نہ ہوتا تھا کہ پہلی جانب ٹھیک ہو چکی ہوتی ۔ پھر وہ اس کی طرف لوٹتا پس اس کے ساتھ وہی کچھ کرتا جو پہلے کیا تھا۔ میں نے کہا سبحان اللہ۔ یہ دونوں کون ہیں؟ انہوں نے کہا آپ آگے چلیں ۔ پس ہم چلے ۔ پھر ہم ایک تنور نما جگہ پر آئے تو اس میں شور اور آوازیں تھیں ۔ہم اس پر جھانکے تو اس میں ننگے مرد اور ننگی عورتیں تھیں ۔ پس جب ان کے نیچے سے بھڑکتی ہوئی آگ کا شعلہ اٹھتا ہے تو وہ آگ سے چمک جاتے ہیں ۔ میں نے کہا یہ کون لوگ ہیں؟ ان دونوں نے کہا آپ آگے چلیں ۔ پھر ہم چلتے ہوئے خون کے رنگ کی ایک نہر پر آئے ۔جس میں ایک تیرنے والا تیر رہا تھا اور نہر کے کنارے پر ایک مرد تھا جس کے پاس بہت سے پتھر تھے ۔تو وہ تیرنے والا شخص تیرتا ہوا جب اس آدمی کے پاس آتا جس کے پاس پتھر ہیں تو یہ اپنا منہ کھولتا تو وہ شخص اس کے منہ میں پتھر ڈال دیتا۔ پھر وہ شخص تیرنے لگتا۔ پھر وہ اس کے پاس آتا اور اپنا منہ کھولتا تو یہ پھر اس کے منہ میں پتھر ڈال دیتا۔ میں نے ان سے کہا یہ دونوں کون ہیں؟ انہوں نے کہا آپ آگے چلیں ۔ پھر ہم

ایک انتہا درجہ کے بدصورت شخص پر آئے ۔جس کے پاس آگ تھی جس کو وہ بھڑکاتا تھا۔
جس کے اردگرد وہ دوڑتا تھا۔ میں نے ان دونوں سے کہا یہ کیا ہے؟ ان دونوں نے کہا
آپ آگے چلیں ۔ پس ہم چلے ۔اور ہم ایک گھنے باغ پر پہنچے ۔جس میں بہار کا موسم تھا۔
اور باغ کے وسط میں ایک لمبے قد والا مرد کھڑا تھا جس کا سر بلندی کی وجہ سے دیکھا نہیں جا
سکتا تھا۔اور اس مرد کے اردگرد ایسے بچے تھے جن کو میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ان
دونوں نے مجھے کہا آپ آگے چلیں ۔ پھر ہم چلے تو ہم ایک ایسے بڑے باغ کی طرف
آئے جس سے زیادہ بڑا اور خوبصورت باغ میں نے کبھی نہیں دیکھا۔انہوں نے مجھے کہا
کہ اس میں چڑھیں ۔ پس ہم اس میں چڑھتے گئے ۔تو ہم ایک ایسے شہر میں پہنچے جس کی
بناوٹ اس طرح تھی کہ اس کی ایک اینٹ سونے کی تھی اور ایک اینٹ چاندی کی تھی ۔تو ہم
اس کے دروازہ کے پاس پہنچے ۔ہم نے دروازہ کھولنے کا مطالبہ کیا تو ہمارے لئے دروازہ
کھول دیا گیا۔ہم اس میں داخل ہو گئے تو ہمیں اس شہر میں کچھ مرد ملے جن کا کچھ حصہ انتہا
درجہ کا خوبصورت تھا اور کچھ حصہ بہت ہی بدصورت ۔ان دونوں نے ان سے کہا چلو اس
نہر میں داخل ہو جاؤ۔ نہر بہت چوڑی تھی اور اس کا پانی سفید تھا اور وہ چل رہی تھی ۔ پس وہ
لوگ گئے اونہر میں داخل ہو گئے پھر وہ ہمارے پاس واپس آئے تو ان کی بدصورتی ختم ہو
چکی تھی اور وہ بہت اچھی صورت میں بدل چکے تھے ۔ان دونوں نے مجھے کہا یہ جنت عدن
ہے اور یہ آپ کا ٹھکانا ہے ۔پس میری نگاہ بلندی کی طرف متوجہ ہوئی تو میں نے دیکھا کہ
ایک محل سفید بادل کی طرح ہے انہوں نے کہا یہ آپ ہی کی منزل ہے ۔میں نے ان سے
کہا خدا تمہیں برکت دے مجھے چھوڑ دو ۔تا کہ میں اس میں داخل ہو جاؤں ۔تو انہوں نے
کہا ابھی نہیں ۔ویسے آپ ہی اس میں داخل ہوں گے ۔ میں نے ان سے کہا آج رات جو

میں نے عجیب مناظر دیکھے ہیں یہ کیا ہیں؟ انہوں نے کہا وہ پہلا مرد جس کا سر پتھر سے کچلا جا رہا تھا وہ ایسا شخص ہے جس نے قرآن مجید پڑھا پھر اس کو چھوڑ دیا۔ اور فرض نماز سے بوجہ غفلت کے سو جاتا تھا۔ قیامت تک اس کے ساتھ یہی عمل ہوتا رہے گا۔ اور وہ مرد جس کا جبڑا اور ناک اور آنکھ گردن تک چیرے جا رہے تھے یہ وہ مرد ہے جو صبح کو اپنے گھر سے نکلتا ہے تو وہ کوئی ایسا جھوٹ بول دیتا ہے جو تمام اطراف میں پھیل جاتا ہے۔ اس کے ساتھ قیامت تک یہی معاملہ ہوتا رہے گا۔ اور جو مرد اور عورتیں۔ ننگے۔ تنور نما جگہ میں تھے تو یہ زانی مرد اور زانیہ عورتیں تھیں۔ اور جو مرد نہر میں تیرتا اور پتھر کھاتا تھا تو وہ سود کھانے والا تھا۔ اور جو مرد ڈراؤنی شکل والا ہے جس کے پاس آگ تھی جس کو وہ بھڑکا رہا تھا تو وہ جہنم کا داروغہ "مالک" تھا۔ اور باغ میں وہ لمبے قد والا شخص۔ تو وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے۔ اور جو بچے ان کے پاس تھے تو یہ وہ بچے ہیں جو فطرت اسلام پر فوت ہوئے ہیں۔ لوگوں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ اور اولاد مشرکین بھی۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا ہاں اولاد مشرکین بھی۔ اور وہ قوم جن کے بعض اعضاء خوش شکل تھے اور بعض اعضاء بدشکل۔ تو یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے نیک عمل بھی کئے۔ اور کبھی برے عمل بھی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی برائیاں ان کی وجہ سے معاف فرما دیں۔ اور میں جبریل ہوں اور یہ میکائیل ہے۔ اور ابن عساکر نے بھی حضرت علی سے اسی طرح کی ایک روایت کی ہے۔ اس میں ہے۔ پس میں گزر رہا تھا تو راستہ میں ایک سیاہ رنگت والا ٹیلا تھا۔ جس پر ایک مخبوط الحواس قوم تھی۔ ان کی پیٹھوں کی طرف سے آگ پھونکی جاتی تھی۔ تو ان کے مونہوں اور نتھنوں اور کانوں اور آنکھوں سے آگ نکلتی تھی۔ اور لوہے کی سلاخوں والے لوگ جو آپ نے دیکھے ہیں۔ پس یہ وہ لوگ ہیں جو پر امن لوگوں کے درمیان چغل خوری

کر کے ان میں فساد کرا دیتے تھے۔ وہ اسی طرح عذاب میں مبتلا رہیں گے۔ یہاں تک کہ آگ میں ڈال دیئے جائیں گے۔ اور وہ قوم جو مخبوط الحواس ہو رہی تھی۔ پس یہ وہ لوگ تھے جو قوم لوط والا عمل کرتے تھے۔ یہ عمل کرنے والا اور کروانے والا۔ ان دونوں کو ہی قیامت تک اسی طرح عذاب ہوتا رہے گا۔ پھر ان کو دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔ اور خطیب نے ابو موسیٰ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ میں نے کچھ مرد دیکھے۔ جن کے چمڑے آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے۔ میں نے کہا ان کا کیا حال ہے؟ جبریل نے کہا یہ وہ مرد ہیں جو حرامکاری کی طرف بن ٹھن کر جاتے تھے۔ اور میں نے ایک خیمہ دیکھا جس سے بدبو اور چیخوں کی آواز آ رہی تھی۔ میں نے کہا یہ کیا ہے؟ اس نے کہا یہ وہ عورتیں ہیں جو حرام کاری کی نیت سے زیب و زینت کرتی تھیں۔ اور بیہقی حدیث معراج میں ابو سعید سے روایت کی ہے۔ کہ آپ ﷺ نے کہا پھر میں تھوڑا اور چلا۔ تو کچھ دستر خوان دیکھے۔ جن پر گوشت کے ٹکڑے پڑے ہوئے تھے۔ جن کے نزدیک کوئی نہیں آتا تھا۔ اور کچھ اور دستر خوان دیکھے جن پر بدبودار گوشت ہے۔ ان کے پاس کچھ لوگ ہیں۔ جو یہ گوشت کھا رہے ہیں۔ میں نے کہا جبریل یہ کون لوگ ہیں؟ جبریل نے کہا یہ آپ کی امت میں سے وہ لوگ ہیں جو حلال چھوڑ کر حرام کھاتے ہیں۔ پھر میں ایک قوم کے پاس سے گزرا جن کے پیٹ مکان کے برابر ہیں۔ ان میں سے جب کوئی کھڑا ہوتا ہے تو گر پڑتا ہے۔ اور کہتا ہے اے اللہ قیامت قائم نہ کرنا۔ اور وہ آل فرعون کی سواریوں پر ہوں گے۔ اور وہ سواریاں انہیں لتاڑ دیں گی۔ پس میں نے سنا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف چیخ و پکار کرتے ہیں۔ میں نے کہا جبریل یہ کون ہیں؟ جبریل نے کہا یہ آپ کی امت کے سود خور ہیں۔ پھر میں تھوڑا آگے چلا تو کچھ لوگ دیکھے۔ جن کے ہونٹ اونٹوں جیسے تھے

۔پس ان کے منہ کھولے جاتے ہیں اور ان میں انگارے ڈالے جاتے ہیں۔ پھر وہ نچلے راستہ سے نکل جاتے ہیں۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ تو جبریل نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو ظلما یتیموں کا مال کھاتے ہیں۔ پھر میں تھوڑا اور چلا تو ایک اور قوم نظر آئی۔ جن کے جوانب سے گوشت کاٹا جاتا ہے تو وہ کھا جاتے ہیں۔ پس کہا جائے گا۔ اس کو کھا۔ جیسے تو دنیا میں اپنے بھائی کا گوشت کھاتا تھا۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ کہا یہ غیبت کرنے والے ہیں۔ اور بیہقی اور ابن عدی نے حدیث اسرا میں ابو ہریرہ سے روایت کی ہے۔ پھر مجھے ایک قوم پر لایا گیا۔ جن کے آگے پیچھے چیتھڑے ہیں۔ اور وہ اونٹ بکری کی طرح چرتے ہیں ۔وہ ضریع اور زقوم اور جہنم کے انگارے اور جہنم کے پتھر کھاتے ہیں میں نے کہا یہ کون ہیں ؟ جس پر کہا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے مالوں میں سے صدقات نہیں نکالتے تھے۔ پھر مجھے ایک قوم پر لایا گیا جن کے آگے ہانڈی میں پکا ہوا گوشت رکھا ہوا ہے اور ایک اور گوشت بھی ہے جو کچا اور خبیث ہے۔ پس وہ کچا اور گلا سڑا گوشت کھا رہے ہیں اور پکا ہوا پاکیزہ گوشت چھوڑ رہے ہیں۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ جبریل نے کہا یہ وہ مرد ہے جو اپنی عورت کے پاس سے اٹھتا ہے۔ جو اس کے لئے حلال تھی۔ پس وہ کسی خبیث عورت کے پاس جا کر رات گزارتا ہے۔ اسی طرح وہ عورت جو اپنے خاوند کے پاس سے اٹھتی ہے۔ جو اس کے لئے حلال ہے۔ پس وہ کسی خبیث مرد کے پاس جا کر رات گذارتی ہے۔ یہاں تک کہ صبح ہو جاتی ہے۔ پھر مجھے ایک مرد کے پاس لایا گیا جس نے لکڑیوں کا ایک گٹھا باندھا ہوا تھا۔ جس کو اٹھانے کی وہ طاقت نہیں رکھتا تھا۔ اور وہ اس پر اور زیادہ جمع کر رہا تھا۔ میں نے کہا یہ کیا ہے؟ جبریل نے کہا یہ وہ آدمی ہے جس کے پاس لوگوں کی امانتیں ہیں۔ جن کا بوجھ وہ نہیں اٹھا سکتا۔ بلکہ وہ اور بوجھ بڑھا رہا ہے۔ پھر مجھے ایک قوم پر لایا

گیا جن کی زبانیں اور ہونٹ لوہے کی قینچیوں کے ساتھ کاٹے جا رہے تھے جب ان کو کاٹ کر چھوڑا جاتا ہے تو وہ پھر پہلے ہی کی طرح صحیح ہو جاتے تھے اور اس میں کچھ بھی کمی نہیں ہوتی تھی۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ کہا گیا۔ یہ فتنہ باز خطباء ہیں۔ ابو داؤد نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جب مجھے معراج ہوا تو میرا گزر ایسے لوگوں پر ہوا جن کے تانبے کے ناخن تھے جن کے ساتھ وہ اپنے مونہوں کو اور اپنے سینوں کو چھیلتے تھے۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ جبریل نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے ہیں۔ اور ان کی عزتوں سے کھیلتے ہیں۔ اور تاریخ ابن عساکر میں اس کی سند کے ساتھ عمرو بن اسلم دمشقی سے روایت ہے۔ آپ نے فرمایا۔ ہمارے پاس ایک آدمی سرحد پر فوت ہوا تو اس کو دفن کر دیا گیا۔ تیسرے دن اس کی قبر کھودی گئی تو قبر کی اینٹیں تو اپنی حالت پر کھڑی تھیں۔ لیکن قبر میں کوئی شے نہ تھی۔ اس بارے میں وکیع بن جراح سے پوچھا گیا۔ تو انہوں نے کہا ہم نے حدیث میں سنا ہے جو شخص اس حال میں مرے کہ قوم لوط والا عمل کرتا ہو تو اس کو ان کے پاس بھیج دیا جاتا ہے اور اس کا حشر بھی ان کے ساتھ ہی ہوگا۔ اور ابن ابی الدنیا نے مسروق سے روایت کی ہے کہ جو میت بھی مرتی ہے اور وہ چوری، زنا یا ان جیسے کسی اور کام کا عادی تھا تو اس پر دو سانپ مسلط کئے جاتے ہیں۔ جو اس کی قبر میں اس کو قیامت تک کاٹتے رہیں گے۔ اور ابن خزیمہ اور ابن حبان نے ابوامامہ سے روایت کی ہے۔ اور اس کی سند جید ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ نکلے ہم پر رسول اللہ ﷺ بعد نماز فجر کے اور فرمایا میں نے ایک خواب دیکھا ہے۔ اور وہ حق ہے۔ پس اس کو سمجھو۔ میرے پاس ایک مرد آیا اس نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اپنے ساتھ لے کر چلا یہاں تک کہ وہ ایک دشوار گزار لمبے پہاڑ کے پاس آیا اور

مجھے کہا اس پہاڑ پر چڑھو۔ میں نے کہا میں نہیں چڑھ سکتا۔ اس نے کہا میں اس کو آپ کے لئے آسان بنا دیتا ہوں۔ پھر جب بھی میں اپنا قدم اٹھاتا تو ایک درجہ پر رکھتا۔ یہاں تک کہ میں پہاڑ کے اوپر چڑھ گیا پس ہم چلے تو آگے ہم نے کچھ مرد اور کچھ عورتیں دیکھیں ۔جن کے جبڑے شق کئے ہوئے تھے۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ وہ لوگ ہیں کہ جو کہتے ہیں وہ کرتے نہیں ہیں۔ پھر ہم چلے تو ہم نے کچھ اور مرد اور عورتیں دیکھیں ۔جن کی آنکھوں میں اور کانوں میں گرم سلائیاں پھیری جارہی تھیں۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جن کی آنکھیں وہ کچھ دیکھتی تھیں جو انہیں نہیں دیکھنا چاہیے تھا۔ اور ان کے کان وہ کچھ سنتے تھے جو انہیں نہیں سننا چاہیے تھا۔ پھر ہم چلے تو ہم نے کچھ اور عورتیں دیکھیں جو اپنی ایڑیوں کے ساتھ لٹکی ہوئی تھیں۔ اور ان کے سر الٹے ہوئے ہیں۔ ان کے قدموں کو سانپ کھا رہے ہیں۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ وہ عورتیں ہیں جو اپنے بچوں کو دودھ نہیں پلایا کرتی تھیں۔ پھر ہم چلے تو ہم نے کچھ اور مرد اور عورتیں دیکھیں۔ جو الٹے لٹکے ہوئے ہیں۔ وہ تھوڑے سے پانی اور کیچڑ کو چاٹ رہے ہیں۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو روزہ تو رکھتے تھے لیکن پھر روزہ کھلنے سے پہلے ہی توڑ دیتے تھے۔ پھر ہم چلے تو ہمارے سامنے ایسے مرد اور عورتیں تھیں جن کی شکلیں انتہا درجہ کی قبیح اور ان کے لباس بھی بہت قبیح اور بہت بدبودار تھے۔ گویا کہ غلاظت خانہ کی بو ہے۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ زانی مرد اور زانی عورتیں ہیں۔ پھر ہم چلے تو ہم نے کچھ مردے دیکھے جو بہت پھولے ہوئے اور بہت بدبودار تھے۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ کافر مردے ہیں۔ پھر ہم چلے تو ہمارے سامنے کچھ مرد تھے جو ایک درخت کے نیچے تھے۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس

نے کہا یہ مسلمان میتیں ہیں۔ پھر ہم چلے تو ہم نے کچھ لڑکے اور لڑکیاں دیکھیں جو دو نہروں کے درمیان کھیل رہے تھے۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ مسلمان بچے اور بچیاں ہیں۔ پھر ہم چلے تو دیکھا کہ ہمارے سامنے کچھ بہت خوبصورت چہروں والے، خوبصورت لباسوں والے اور پاکیزہ خوشبو والے مرد ہیں۔ ان کے چہرے صفائی میں بہت اعلیٰ ہیں۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ صدیق، شہید اور صالحین ہیں۔ پھر ہم چلے تو ہم نے تین مرد دیکھے جو شراب پی رہے تھے اور گانے گا رہے تھے۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ عبداللہ بن رواحہ، زید بن حارثہ اور جعفر بن ابو طالب ہیں۔ اور ابن ابی الدنیا نے روایت کی ہے کہ میں یوسف بن عمر کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور ان کے پہلو میں ایک مرد تھا اس کے چہرے کا ایک حصہ گویا لوہے کا تختہ تھا۔ یوسف نے اس کو کہا جو کچھ تو نے دیکھا ہے اس سے بھی بیان کر۔ اس نے کہا میں نے ایک رات ایک انسان کی قبر کھودی۔ جب دفن کے بعد اس پر مٹی ہموار کر دی گئی۔ تو سفید رنگ کے دو پرندے آئے جن کے جسم اونٹ کے مانند تھے۔ ایک اس کے پاؤں کی طرف اور ایک اس کے سر کی طرف بیٹھ گیا۔ پھر انہوں نے قبر کھودی۔ ان میں سے ایک قبر میں اترا اور دوسرا قبر کے کنارہ پر بیٹھا رہا۔ میں بھی آ کر قبر کے کنارہ پر بیٹھ رہا۔ پس میں نے سنا کہ وہ کہہ رہا تھا۔ کیا تو اپنے سسرال کے پاس دو کپڑوں میں نہیں آتا تھا جن کو تو نے از رہ تکبر تیار کرایا تھا اور تو متکبرانہ چال چلتا تھا۔ پس اس نے کہا میں بہت کمزور ہوں۔ پس اس نے اس کو ایک ایسی ضرب ماری کہ وہ آدمی پانی اور تیل بن گیا۔ جس سے پوری قبر بھر گئی۔ پھر وہ ٹھیک ہو گیا۔ اس نے پھر وہی بات دہرائی۔ یہاں تک کہ اس کو اس نے اسی طرح کی تین ضربیں ماریں۔ پھر اس نے نظر اٹھائی اور مجھے دیکھا تو کہا دیکھو وہ کہاں بیٹھا ہوا ہے۔ اللہ

اس کو اوندھا کرے۔ پھر اس نے میرے منہ کی ایک جانب تھپڑ مارا۔ تو میں ساری رات گرا رہا۔ صبح کو میں اسی حال میں تھا جیسے تم مجھے دیکھ رہے ہو۔

سنت کی مخالفت پر موت

اور ابن ابی الدنیا نے اسحاق فزاری سے روایت کی ہے کہ اس کے پاس ایک مرد آیا۔ اس نے کہا کہ میں قبریں کھودا کرتا تھا۔ میں نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ ان کے منہ قبلہ سے پھرے ہوئے تھے۔ یہ بات امام اوزاعی کے پاس لکھ کر بھیجی گئی کہ یہ کیا معاملہ ہے؟ تو آپ نے فرمایا یہ ایسے لوگ ہیں جن کی موت سنت کی مخالفت کی حالت میں ہوئی ہے۔

ابن زیاد بد بخت کا انجام

ترمذی نے اپنی تصحیح کے ساتھ عمارہ بن عمیر سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا۔ جب عبید اللہ بن زیاد قتل ہوا تو اس کا سر اور اس کے ساتھیوں کے سر لائے گئے تو ان کو ایک میدان میں ڈالا گیا۔ تو ایک بڑا سانپ آیا۔ تو لوگ اس کے ڈر سے بھاگ گئے۔ تو وہ تمام سروں کے درمیان پھرا۔ یہاں تک کہ عبید اللہ بن زیاد کے نتھنوں میں داخل ہو گیا۔ پھر اس کے منہ سے نکلا۔ پھر اس کے منہ میں داخل ہوا۔ اور اس کے ناک کے راستہ باہر نکلا۔ پھر اس نے چند بار یہی کام کیا پھر چلا گیا۔ وہ پھر لوٹ کر آیا اور پھر اس نے اس کے ساتھ یہی معاملہ کیا۔ کئی بار اس نے تمام سروں کے درمیان میں سے ابن زیاد کے سر کے ساتھ ہی یہ سلوک کیا۔ کسی کو پتہ نہ چلا کہ وہ سانپ کہاں سے آیا تھا اور کدھر چلا گیا۔

برے اعمال سانپ بن جاتے ہیں

اور بیہقی نے شعب میں عبد الحمید بن محمود معولی سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا میں

حضرت ابن عباس کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ تو ان کے پاس ایک قوم آئی۔ انہوں نے کہا ہم نکلے اور ہمارے ساتھ ہمارا ایک ساتھی بھی تھا۔ ہم جب ذات الصفاح پر پہنچے تو ہمارا وہ ساتھی فوت ہو گیا۔ ہم نے اس کی تیاری کی۔ پھر ہم چلے اور اس کی قبر کھودی اور اس کی لحد تیار کی۔ جب ہم لحد کی تیاری سے فارغ ہوئے تو ہم نے دیکھا کہ اس کی لحد میں ایک سیاہ رنگ کا سانپ ہے۔ جس نے پوری قبر کو بھر دیا ہے۔ ہم نے اس قبر کو چھوڑ دیا۔ اور دوسری جگہ اور قبر کھودی۔ جب ہم فارغ ہوئے تو دیکھا کہ اس میں بھی ویسا ہی سانپ ہے۔ جس نے پوری قبر بھر دی ہے۔ ابن عباس نے کہا یہ اس کا عمل ہے جو وہ کیا کرتا تھا۔ جاؤ اور ان میں سے کسی قبر میں اس کو دفن کر دو۔ اللہ کی قسم اگر تم ساری زمین کو بھی اس کی قبر کے لئے کھودو گے تو اس میں یہی کچھ پاؤ گے۔ پھر ہم چلے اور ان میں سے ایک قبر میں ہم نے اس کو دفن کر دیا۔ جب ہم لوٹ کر واپس آئے تو ہم نے اس کی بیوی سے پوچھا کہ تیرے خاوند کا عمل کیا تھا۔ اس نے کہا۔ وہ طعام بیچا کرتا تھا پس اس میں سے ہر روز اپنے گھر والوں کی روزی (اپنا حصہ) لیتا تھا پھر اس میں سے اور بھی لے لیتا تھا۔ اور وہ بھی اپنے مال میں ڈال لیتا تھا۔

حضرت علی کے قاتل کا عذاب

اور تمام نے اپنی روایت کے ساتھ عصمہ عبادانی سے روایت کی ہے۔ اس نے کہا میں بعض جنگلوں میں پھر رہا تھا کہ میں نے ایک خانقاہ دیکھی جس میں ایک عبادت خانہ تھا جس میں ایک راہب رہتا تھا۔ میں نے اس سے کہا کوئی عجیب بات بتا۔ جو تو نے یہاں دیکھی ہے۔ اس نے کہا ٹھیک ہے۔ اس نے کہا ایک دن میں نے ایک سفید رنگ کا پرندہ دیکھا جو کہ شتر مرغ کی شکل تھا۔ اور وہ اس پتھر پر آکر بیٹھ گیا۔ پس اس نے ایک سر کی قے

کی ۔پھر ایک پاؤں کی ۔پھر ایک پنڈلی کی ۔جب وہ کسی عضو کی قے کرتا تو بجلی کی تیزی کے ساتھ وہ دوسرے عضو سے مل جاتا ۔یہاں تک کہ وہ ایک مکمل مرد بیٹھا ہوا نظر آیا۔ جب وہ اٹھنے کا ارادہ کرتا تو وہ پرندہ اس کو ٹھونگا مار کر اس کے اعضا کاٹ دیتا۔پھر لوٹتا ہے تو اس کو نگل جاتا ہے۔کئی دن اسی طرح ہوتا رہا۔میرا تعجب بہت بڑھا اور اللہ تعالیٰ کی عظمت کے ساتھ میرا یقین اور زیادہ ہوا۔اور مجھے معلوم ہو گیا کہ ان جسموں کے لئے دوبارہ زندگی ہے۔پس ایک دن میں اس کی طرف متوجہ ہوا اور میں نے کہا۔اے پرندے میں تجھے اس اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں جس نے تجھے پیدا کیا اور زندگی عطا کی کہ کچھ دیر کے لئے رک جا۔تاکہ میں اس سے سوال کروں ۔اور وہ مجھے اپنا قصہ بتائے۔ پرندے نے مجھے واضح عربی زبان میں جواب دیا اور کہا۔میرے رب کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے بقا ہے۔وہی سب کو فنا کرتا ہے اور وہی سب کو باقی رکھتا ہے۔میں ایک فرشتہ ہوں اللہ تعالیٰ کے فرشتوں میں سے ۔اور اس کے جرموں کی وجہ سے اس پر مقرر کیا گیا ہوں۔پس میں اس کی طرف متوجہ ہوا تو میں نے کہا اے اپنی جان کے ساتھ زیادتی کرنے والے تیرا کیا قصہ ہے؟ اور تو کون ہے؟ اس نے کہا میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قاتل عبدالرحمٰن بن ملجم ہوں۔ جب میں نے آپ کو شہید کیا اور میرا روح اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر ہوا تو مجھے ایک صحیفہ دیا گیا۔جس میں میری پیدائش سے لے کر حضرت علی کی شہادت تک کی تمام باتیں لکھی ہوئی تھیں اور اللہ تعالیٰ نے اس فرشتہ کو قیامت تک کے لئے میرے عذاب پر مقرر کیا ہوا ہے۔ پس وہ میرے ساتھ جو کچھ کرتا ہے تو نے دیکھ لیا ہے۔ جب وہ چپ ہوا تو اس پرندے نے پھر اس کو چونچ ماری جس سے پھر اس کے تمام اعضا کٹ گئے۔پھر اس پرندے نے ایک ایک کر کے اس کے تمام

اعضا نگل لئے۔ پھر یہ کام اسی طرح چلتا رہا۔ امام سیوطی نے کہا ہے کہ اس کی سند میں ابی علی کے سوا کوئی مشکوک شخص نہیں ہے۔ ذہبی نے کہا ہے کہ وہ متہم ہے۔ ابن رجب نے کہا کہ یہ حکایت ایک اور طریق سے بھی مروی ہے۔ جس کو ابن نجار نے اپنی تاریخ میں بیان کیا ہے۔ اسی طرح ابو عبداللہ رازی۔ صاحب السد اسیات نے بھی ابوبکر بن اصبح سے روایت کیا ہے اس نے کہا کہ ہم پر ایک بوڑھا مسافر آیا۔ اس نے کہا کہ میں کئی سال تک نصرانی رہا ہوں۔ اور میں نے بھی اس صومعہ میں عبادت کی ہے۔ اس نے بھی ایسی ہی حکائت بیان کی۔ ابن جوزی نے محمد بن یوسف فریابی سے روایت کی ہے۔ اس نے کہا کہ میں نے ایک صالح مرد ابو سنان سے سنا۔ اس نے کہا کہ میں نے ایک آدمی سے اس کے بھائی کی تعزیت کی تو میں نے اس کو جزع فزع کرتے دیکھا۔ اس نے کہا میں تو جزع اس چیز پر کر رہا ہوں جو میں نے دیکھی ہے۔ جب میں نے اس کو دفن کیا اور اس پر مٹی درست کر دی تو اچانک قبر سے آواز آئی۔ کوئی کہتا ہے "اوہ" میں نے کہا اللہ کی قسم اف کرنے والا میرا بھائی ہے۔ تو میں نے اس پر سے مٹی ہٹائی۔ پس کہا گیا اے اللہ کے بندے قبر نہ کھودو۔ میں نے پھر اس پر مٹی لوٹا دی۔ پس جب میں جانے کے لئے کھڑا ہوا تو پھر آواز آئی "اوہ" میں نے کہا اللہ کی قسم اب تو میں قبر کھول کر ہی رہوں گا۔ تو میں نے قبر کھول دی۔ پس میں نے دیکھا کہ وہ لوہے کے طوق میں جکڑا ہوا ہے اور قبر اس پر آگ بنی ہوئی ہے۔ پس میں نے چاہا کہ میں اس طوق کو کاٹ ڈالوں۔ تو میں نے اپنے ہاتھ سے اس پر ضرب لگائی تا کہ اس کو کاٹوں تو میری انگلیاں ختم ہو گئیں تو اس نے اپنا ہاتھ نکالا جس کی چار انگلیاں ختم ہو چکی تھیں۔ پھر وہ کہنے لگا کہ میں امام اوزاعی کے پاس آیا اور ان سے یہ واقعہ بیان کیا اور میں نے کہا اے ابو عمر۔ یہودی نصرانی اور کفار مرتے ہیں۔ لیکن

ان میں اس جیسا واقعہ نہیں دیکھا گیا۔ آپ نے کہا۔ ہاں ٹھیک ہے۔ ان لوگوں کے جہنمی ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔ لیکن اہل توحید میں تمہیں یہ واقعہ اس لئے دکھایا گیا ہے تا کہ تم عبرت پکڑو۔ ابن قیم نے کہا کہ ہم سے حدیث بیان کی ابوعبداللہ محمد حرانی نے۔ کہ وہ آمد میں عصر کے بعد اپنے گھر سے ایک باغ کی طرف نکلا۔ جب غروب شمس قریب ہوا تو راستہ میں کچھ قبریں آ گئیں ان میں سے ایک قبر آگ کا انگارہ بنی ہوئی تھی۔ جیسے شیشے کی انگیٹھی۔ اور میت اس کے درمیان تھی اس نے کہا میں نے قبر والے کے متعلق پوچھا تو بتایا گیا کہ یہ ٹیکس وصول کرنے والا تھا۔ اور آج ہی مرا ہے۔ ھناد نے زھد میں مجاہد سے تخریج کی ہے کہ مجاہد نے کہا۔ کفار کے لئے ہلکی سی نیند ہے۔ جس میں وہ قیامت تک نیند کا ذائقہ پائیں گے۔ پھر جب اہل قبور کو پکارا جائے گا تو کافر کہے گا۔ ہائے ہماری ہلاکت۔ ہماری خوابگاہوں سے ہمیں کس نے جگا دیا ہے۔ تو اس کے پہلو والا مومن کہے گا یہ وہ ہی دن ہے جس کا رحمٰن نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے بھی سچ فرمایا تھا۔

عذاب قبر سے رکاوٹ

طبرانی وغیرہ نے عبدالرحمٰن بن سمرہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا۔ حضور ﷺ ایک دن ہمارے پاس تشریف لائے تو آپ ﷺ نے فرمایا آج رات میں نے ایک عجیب بات دیکھی۔ میں نے دیکھا کہ ملک الموت میرے ایک امتی کے پاس آیا۔ تا کہ اس کی روح قبض کر لے۔ تو اس کی والدین کی تابعداری آگے آئی تو اس نے ملک الموت کو واپس لوٹا دیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جس پر عذاب قبر آ چکا تھا۔ تو اس کا وضو آڑے آ گیا اور اس نے اسے چھڑا لیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جس کو شیاطین نے وحشت زدہ کیا ہوا تھا۔ تو اللہ کا ذکر آ گیا اور اس نے اس کو ان سے خلاصی دلائی۔ اور

میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جس کو ملائکہ عذاب نے پکڑ لیا تھا تو اس کی نماز آ گئی اور اس
نے اس کو ان سے چھڑا دیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جو پیاس کی وجہ سے زبان
نکالے ہوئے ہانپ رہا تھا۔ جب وہ حوض پر آتا تو منع کر دیا جاتا۔ تو اس کے روزے آ گئے
اور انہوں نے اس کو پانی پلایا اور سیراب کر دیا۔ اور میں نے اپنے ایک امتی کو دیکھا کہ
انبیاء کرام علیھم الصلوٰۃ والسلام حلقہ حلقہ بیٹھے ہوئے ہیں۔ وہ جب بھی کسی حلقہ کے قریب
آتا تو اس کو پیچھے ہٹا دیا جاتا۔ تو اس کا غسل جنابت آ گیا۔ پس اس نے اس کا ہاتھ پکڑا اور
اس کو لا کر میرے پہلو میں بٹھا دیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جس کے دائیں بائیں
آگے پیچھے، اوپر نیچے اندھیرا ہی اندھیرا ہے اور وہ اس اندھیرے میں حیران ہے۔ تو
اس کا حج اور عمرہ آ گیا اور ان دونوں نے اس کو اندھیرے سے نکالا اور اس کو نور میں داخل
کر دیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جو مومنوں سے کلام کرتا ہے لیکن مومن اس سے
کلام نہیں کرتے تو اس کی صلہ رحمی آئی اور اس نے کہا اے مومنوں کے گروہ۔ اس سے کلام
کرو۔ تو انہوں نے اس سے کلام کیا اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جو اپنے ہاتھ کے
ساتھ آگ کی لپٹوں اور شعلوں سے اپنا منہ بچاتا ہے۔ تو اس کا صدقہ آیا اور وہ اس کے منہ
کا پردہ اور سر کا سایہ بن گیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جس کو زبانیہ فرشتوں نے
پوری طرح جکڑ رکھا تھا۔ تو اس کا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر آ گیا اور ان دونوں
چیزوں نے اس کو ان سے چھڑا لیا اور اس کو ملائکہ رحمت کے ساتھ داخل کر دیا۔ اور میں
نے اپنا ایک امتی دیکھا جو گھٹنوں کے بل کھڑا تھا اور اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ایک
پردہ تھا۔ تو اس کا حسن خلق آیا اور اس کا ہاتھ پکڑا اور اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر کر
دیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جس کا نامہ اعمال اس کے بائیں ہاتھ کی طرف جھکا

۔تو اس کا خوف خداوندی آگیا اور اس کا نامہ اعمال پکڑ کر اس کے دائیں ہاتھ میں دیے دیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جس کی نیکیوں کا پلڑا ہلکا تھا تو چھوٹی عمر میں مرنے والے اس کے بچے آئے اور انہوں نے اسکا ترازو بھاری کر دیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جو جہنم کے کنارہ پر کھڑا تھا تو اس کا اللہ تعالیٰ سے ڈرنا آگے آیا تو اس نے اس کو چھڑایا اور وہ چلا گیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جو جہنم میں گر گیا تو اس کے وہ آنسو جو کبھی خوف خداوندی سے گرے تھے۔ آ گئے اور انہوں نے اس کو آگ سے نکال لیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جو پل صراط پر کھڑا تھا اور کھجور کی ٹہنی کی طرح کانپ رہا تھا۔ تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اسکا حسن ظن آگیا تو اسکی کپکپی دور ہو گئی اور وہ پل صراط سے گذر گیا ۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جو پل صراط پر کبھی پیٹ کے بل گھسٹتا ہے اور کبھی گھٹنوں کے بل گھسٹتا ہے۔ تو اس نے مجھ پر جو درود بھیجا تھا وہ آگیا تو اس نے اس کو کھڑا کر دیا اور وہ پل صراط سے گذر گیا۔ اور میں نے اپنا ایک امتی دیکھا جو جنت کے دروازوں تک تو پہنچ گیا ہے لیکن آگے سے دروازے بند کر دیے گئے ہیں۔ تو اس کے پاس لاالہ الااللہ کی شہادت آگئی تو اس کے لئے جنت کے دروازے کھول دیئے گئے اور اس کو جنت میں داخل کر دیا گیا۔ اور میں نے کچھ لوگ دیکھے جن کے ہونٹ کاٹے جا رہے ہیں۔ میں کہا جبریل یہ کون ہیں؟ اس نے کہا یہ لوگوں کے درمیان چغل خوری کرنے والے ہیں۔ اور میں نے کچھ لوگ دیکھے جو اپنی زبانوں کے ساتھ لٹکے ہوئے ہیں۔ میں نے کہا اے جبریل یہ کون لوگ ہیں؟ جبریل نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو مومن مردوں اور مومن عورتوں پر جھوٹی تہمتیں لگاتے ہیں۔

شہید کو آخرت میں چھ انعام

اور ترمذی نے اپنی تصحیح کے ساتھ اور ابن ماجہ نے مقدام بن معدیکرب سے روایت بیان کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے شہید کے لئے اللہ کی بارگاہ میں چھ فضیلتیں ہیں۔ (1) اس کے خون کا پہلا قطرہ گرنے پر اس کی مغفرت ہو جاتی ہے۔ (2) اور جنت میں جو اس کا ٹھکانا ہوگا وہ اس کو فوراً دکھا دیا جاتا ہے۔ (3) اور اس کو عذاب قبر سے بچالیا جاتا ہے۔ اور بڑی گھبراہٹ سے وہ امن میں رہتا ہے۔ (4) اور اس کے سر پر وقار کا تاج رکھا جاتا ہے۔ اور اس تاج کا ایک یاقوت دنیا ومافیھا سے بہتر ہے۔ (5) اور بہتر حورعین کے ساتھ اس کا نکاح کیا جاتا ہے۔ (6) اور ستر قریبی رشتہ داروں کے حق میں اس کی شفاعت قبول کی جاتی ہے۔

میت کا قبر میں نماز پڑھنا

مسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ جب معراج کی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر گذرے آپ نے دیکھا کہ وہ اپنی قبر میں کھڑے ہوکر نماز پڑھ رہے تھے۔ احمد نے عفان سے انہوں نے حماد سے انہوں نے ثابت بنانی سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے دعا کی۔ یا اللہ اگر تو نے کسی کو قبر میں نماز پڑھنے کی فضیلت دی ہے تو مجھے بھی قبر میں نماز پڑھنے کا شرف عطا فرمانا۔ اور ابونعیم نے جبیر سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا۔ مجھے اس خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے ثابت بنانی کو لحد میں اتارا اور میرے ساتھ حمید الطویل بھی تھے۔ جب ہم ان کی قبر کی اینٹیں درست کر چکے تو اچانک ایک اینٹ گر گئی تو میں نے دیکھا کہ وہ قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔

میت کا قبر میں قرآن کی تلاوت کرنا

ابونعیم اور ابن جریر نے ابراہیم بن مہلبی سے روایت کی ہے۔ انہوں نے کہا مجھے ان لوگوں نے بتایا جو سحری کے وقت چونے کی مزدوری کے لئے جاتے تھے۔ انہوں نے کہا جب ہم ثابت بنانی کی قبر والے : گلی سے گذرتے تو ہم وہاں سے قرآن پڑھنے کی آواز سنتے تھے۔ اور ترمذی نے اس روایت کو حسن کہا ہے کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ کہ نبی کریم ﷺ کے بعض اصحاب نے ایک قبر پر خیمہ لگایا اور انہیں معلوم نہیں تھا۔ کہ یہاں کوئی قبر ہے۔ تو انہوں نے سنا کہ اس میں کوئی انسان سورہ ملک پڑھ رہا تھا یہاں تک کہ اس نے سورہ ملک ختم کی۔ تو وہ صحابی نبی کریم ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور سارا واقعہ عرض کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ سورت مانعہ ہے اور منجیہ ہے۔ اس سورت نے اس کو عذاب قبر سے نجات دلائی ہے۔ نسائی اور حاکم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں سویا تو میں نے اپنے آپ کو جنت میں دیکھا۔ اور نسائی کے لفظ ہیں۔ کہ میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے ایک قاری کی آواز سنی جو قرأت کر رہا تھا۔ میں نے کہا یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا حارثہ بن نعمان ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نیکی اسی طرح ہی ہوتی ہے۔ نیکی اسی طرح ہی ہوتی ہے۔ نیکی اسی طرح ہی ہوتی ہے۔ اور وہ اپنی ماں کے ساتھ سب لوگوں میں سے بڑھ کر حسن سلوک کرتا تھا۔ اور ابن ابی الدنیا نے حسن سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جب مومن مر جاتا ہے اور اس نے ابھی پورا قرآن حفظ نہ کیا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے محافظ فرشتوں کو حکم فرماتے ہیں کہ اس کو قبر میں قرآن پڑھاؤ۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس کے اہل (حافظوں) میں سے اٹھائے گا۔ اور یزید رقاش سے بھی ایسی ہی روایت ہے۔ اور سلفی نے اس کا معنی مراسیل عطیہ عوفی میں سے بھی روایت کیا۔

اچھا کفن پہنانا چاہیئے

اور ابن ابی شیبہ نے ابن سیرین سے روایت کی ہے کہ آپ اچھے کفن کو پسند کرتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ قبروں والے اپنے کفنوں میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں۔ اور مسند ابن ابی اسامہ میں بھی جابر سے مرفوعا اس کا معنی مروی ہے۔ اور اس میں یہ بھی ہے کہ وہ اپنی قبروں میں اس پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں اور اس پر آپس میں فخر کرتے ہیں۔ اور ان میں آپس میں ملتے ہیں۔ اور مسلم کی روایت میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کے کفن دفن کا والی بنے تو چاہیے کہ وہ اس کو اچھا کفن پہنائے۔ اور ترمذی اور ابن ماجہ اور محمد بن یحییٰ ہمدانی نے اپنی صحیح میں ابو قتادہ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کا والی بنے تو اس کو اچھا کفن پہنائے۔ کیونکہ وہ قبروں میں آپس میں ملتے ہیں۔

مرنے کے بعد قبر میں کفن بھیجنا

اور ابن ابی الدنیا نے قابل اعتماد سند کے ساتھ راشد بن سعد سے روایت کی ہے کہ ایک مرد کی بیوی فوت ہوگئی تو اس نے خواب میں کچھ عورتیں دیکھیں۔ لیکن ان کے ساتھ اپنی بیوی نہ دیکھی۔ تو اس نے ان عورتوں سے اپنی بیوی کے متعلق دریافت کیا۔ تو انہوں نے کہا کہ تم نے اس کے کفن میں کوتاہی کی ہے۔ اس لئے وہ ہمارے ساتھ نکلنے سے شرماتی ہے۔ پس وہ مرد نبی کریم ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور خواب والا تمام واقعہ عرض کیا۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا دیکھو کیا کوئی قابل اعتماد ذریعہ ہے۔ تو وہ مرد انصار کے ایک ایسے مرد کے پاس آیا جو قریب المرگ تھا۔ تو اس نے اسے اپنے واقعہ کی خبر دی۔ انصاری نے کہا۔ بھائی اگر کوئی آدمی مردے کو کچھ پہنچا سکتا ہے تو میں ضرور پہنچاؤں گا۔ چنانچہ جب

انصاری فوت ہو گیا تو وہ مرد۔ دو کپڑے زعفران سے رنگے ہوئے لایا اور اس انصاری کے کفن میں رکھ دیئے۔ جب رات ہوئی تو اس مرد نے پھر کچھ عورتیں دیکھیں اور ان کے ساتھ اس کی عورت بھی موجود تھی۔ اور اس نے وہ دونوں زرد کپڑے ہی پہنے ہوئے تھے ۔ابن جوزی نے محمد بن یوسف فریابی سے روایت کی ہے کہ ایک عورت نے خواب میں اپنی فوت شدہ والدہ کو دیکھا جو اس کے سامنے کفن کی شکایت کر رہی تھی۔ تو انہوں نے محمد بن یوسف کے سامنے یہ قصہ بیان کیا اور اس کے بارہ میں سوال کیا۔ اور اس قصہ میں یہ بھی ہے کہ اس کی ماں نے اپنی بیٹی سے کہا۔ کہ میرے لئے کفن خریدو اور فلاں عورت کے ساتھ بھیج دو۔ (جو مرنے والی ہے) فریابی نے کہا کہ مجھے وہ حدیث یاد آئی جس میں ہے کہ مردے اپنے کفنوں میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔ تو میں نے اس کے وارثوں سے کہا۔ کہ اس کے لئے کفن خریدو۔ وہ عورت اسی دن فوت ہو گئی تو انہوں نے اس کے کفن میں یہ کفن بھی رکھ دیا۔ اور ابن ابی شیبہ نے عمیر بن اسود سے روایت کی ہے کہ معاذ بن جبل نے اپنی بیوی کے کفن کے بارہ میں وصیت کی اور خود باہر چلے گئے۔ اور بعد میں وہ فوت ہو گئی۔ ہم نے اس کو اس کے دو پرانے کپڑوں کا کفن پہنا دیا۔ ہم اس کی قبر سے ابھی فارغ ہی ہوئے تھے کہ حضرت معاذ بھی آ گئے۔ اور پوچھا کہ کفن کن کپڑوں کا دیا ہے؟ ہم نے کہا اس کے دونوں پرانے کپڑوں میں۔ تو آپ نے قبر کو کھولا اور نئے کپڑوں کا کفن پہنایا اور فرمایا۔ اپنے مردوں کو اچھے کفن پہنایا کرو کیونکہ وہ ان میں ہی اٹھائے جائیں گے۔ اور ابن ابی الدنیا نے مجاہد سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ مرد کو فرشتے قبر میں اس کے بیٹے (اولاد) کی نیکی کی خوشخبری دیتے ہیں۔ اور سدی نے اللہ تعالیٰ کے فرمان 'یستبشرون باالذین لم یلحقوا بھم من خلفھم' کے بارہ میں

فرمایا کہ شہید کے سامنے ایک کتاب لائی جاتی ہے جس میں پہلے شہیدوں کے نام ہوتے ہیں۔اس کے ساتھ اس کو بشارت دی جاتی ہے تو اس کو اس سے ایسی خوشی ہوتی ہے جیسے کہ دنیا میں کوئی غائب آدمی واپس آجائے تو خوشی ہوتی ہے۔

جبریل کا دحیہ کلبی کی شکل میں آنا

اورابن عساکر نے میمون بن مہران کے ذریعہ سے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی کہ میں نے آپ کو دحیہ کلبی سے رازدارانہ گفتگو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔تو میں نے مناسب نہ جانا کہ آپ کی خفیہ ہم کلامی کو میں قطع کروں۔آپ ﷺ نے فرمایا تو نے اس کو دیکھا ہے؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا وہ تو جبریل تھے۔آگاہ ہو جاؤ عنقریب تمہاری بصارت چلی جائی گی۔اوراللہ تعالی اس کو تیری موت کے وقت واپس لوٹا دے گا۔آپ فرماتے ہیں کہ جب عبداللہ بن عباس فوت ہوئے اور چارپائی پر رکھے گئے تو بہت سفید رنگ کا ایک پرندہ آیا اوران کے کفن میں داخل ہو گیا۔لوگوں نے اس کو تلاش کیا تو عکرمہ نے کہا۔کیا کرتے ہو؟ یہ تو ان کے لئے رسول اللہ ﷺ کی بشارت ہے۔اور جب انہیں لحد میں رکھا گیا تو غیب سے ان کو اس کلمہ سے تلقین کی گئی ''یا ایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ'' قبر کے کنارے کھڑے لوگوں نے بھی یہ کلمہ سنا۔ابن عساکر نے بھی اسی طرح کی روایت مہدی سے بیان کی ہے کہ انہوں نے کہا مجھے میرے باپ نے بتایا۔انہوں نے اپنے باپ سے۔انہوں نے ان کے دادا سے انہوں نے ابن عباس سے سنا۔اوراس کے آخر میں یہ بھی ہے کہ ہم آپس میں یہ کہا کرتے تھے کہ عبداللہ بن عباس کی موت کے وقت ان کی بصارت لوٹ آئی تھی۔

قبر میں اعمال کے مطابق تبدیلی

اور ابن ابی شیبہ اور سعید اور حاکم نے حذیفہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے موت کے وقت کہا کہ میرے لئے دو کپڑے خریدو۔ اور مہنگے کپڑے نہ خریدنا۔ اس لئے کہ اگر تمہارا ساتھی بھلائی کو پہنچا۔ تو اس کو اچھا لباس پہنا دیا جائے گا۔ ورنہ یہ بھی جلدی چھین لئے جائیں گے۔ اور بیہقی نے بھی کئی طریقوں سے آپ سے یہ روایت کی ہے۔ اس کے الفاظ ہیں۔ کہ یہ دونوں کپڑے مجھ پر تھوڑی دیر ہی رہیں گے پھر تبدیل کر دیئے جائیں گے۔ وہ یا تو ان سے اچھے ہوں گے یا ان سے برے۔ اور ابن ابی الدنیا نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی اس جیسی ہی روایت کی ہے۔ اس میں ہے کہ میری قبر کو زیادہ کشادہ نہ کرنا۔ اس لئے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے پاس میرے لئے خیر ہے تو میری قبر حد نگاہ تک کشادہ ہو جائے گی اور اگر اس کا غیر ہوا تو قبر مجھ پر اتنی تنگ ہوگی کہ میری پسلیاں اکھڑ جائیں گی۔ اور سعید نے عائشہ بنت اھبان بن صیفی صحابی سے روایت کی ہے کہ عائشہ نے کہا کہ آپ ﷺ نے ہمیں وصیت کی کہ ہم انہیں ان کی قمیص ہی کا کفن پہنائیں۔ تو ان کے دفن والے دن صبح کو ہم نے دیکھا کہ وہ کفن والی قمیص۔ کپڑے والے ممبر پر پڑی ہوئی تھی۔ اور بیہقی نے حضرت انس سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا۔ حضرت عمر نے ایک لشکر تیار کیا اور اس پر علاء بن حضرمی کو امیر مقرر کیا۔ اور میں خود بھی ان کے سپاہیوں میں شامل تھا۔ جب ہم لوٹے تو علاء راستہ میں فوت ہو گئے۔ ہم نے ان کو دفن کر دیا۔ دفن سے ہماری فراغت کے بعد ایک مرد آیا۔ اس نے کہا یہ کون شخص ہے؟ ہم نے کہا یہ بہترین انسانوں میں سے ہے۔ یہ ابن حضرمی ہے۔ اس نے کہا یہ زمین تو مردے کو باہر پھینک دیتی ہے۔ تم اگر ایک دو میل یہاں سے دور دفن کرو تو بہتر ہے۔ کیوں کہ وہ زمین مردے کو

قبول کر لیتی ہے۔تو ہم نے ان کی قبر کھولی۔ جب ہم ان کی لحد تک پہنچے تو ہم نے دیکھا کہ ہمارا ساتھی تو اس میں موجود ہی نہیں ہے۔اور انکی لحد حد نگاہ تک نور سے چمک رہی ہے۔ پھر ہم نے قبر پر مٹی لوٹا دی اور ہم چلے گئے۔اور ابو نعیم نے ابو ہریرہ سے بھی یہی روایت بیان کی گئی ہے۔اس کے الفاظ ہیں۔ کہ ہم نے اس کو ریت میں دفن کیا۔ پھر ہم نے کہا کوئی درندہ آئے گا تو ان کو کھا جائے گا۔تو ہم نے ان کی قبر کھودی تو قبر میں ہمیں وہ نظر نہ آئے۔

قبر میں پھول

اور ابن جوزی نے جعفر سراج سے انہوں نے اپنے بعض شیوخ سے روایت کی ہے کہ امام احمد کی قبر کے قریب ایک قبر کسی وجہ سے کھولی گئی تو دیکھا کہ میت کے سینہ پر ایک پھول مہک رہا تھا۔اور ابن ابی الدینا نے مسکین بن بکیر سے روایت کی ہے کہ وراد عجلی جب فوت ہوئے تو ان کے لئے قبر کھودی گئی۔تو لوگوں نے دیکھا کہ ان کی قبر میں پھول بچھے ہوئے ہیں۔لوگوں نے ان میں سے ایک پھول لے لیا تو وہ ستر دن تک تازہ رہا۔اور متغیر نہیں ہوا۔لوگ صبح وشام آتے اور اس پھول کو دیکھتے۔ جب لوگ بہت ہجوم کرنے لگے تو وہاں کے امیر نے وہ پھول لے لیا اور لوگوں کو متفرق کر دیا تا کہ کوئی فتنہ نہ بن جائے۔تو امیر کے گھر میں جا کر وہ پھول گم ہو گیا۔ پتہ ہی نہ چلا۔کہ وہ کدھر چلا گیا۔اور خطیب نے محمد بن مخلد حافظ سے روایت کی ہے کہ وہ اپنی والدہ کی لحد کھودنے کے لئے اترے تو قبر میں ایک سوراخ نظر آیا۔آپ نے سوراخ سے دیکھا تو ایک مرد نظر آیا۔جس پر نئے کفن کے کپڑے تھے۔اور اس کے سینہ پر یاسمین کے تازہ پھولوں کا ایک گلدستہ پڑا ہوا تھا۔میں نے اس کو پکڑ کر سونگھا تو اس کی خوشبو کستوری سے زیادہ پاکیزہ تھی۔میرے ساتھ جو لوگ

تھے انہوں نے بھی اس کو سونگھا۔ پھر میں نے اس کو اس کی جگہ پر ہی رکھ دیا۔ اور سوراخ بند کر دیا۔ اور طبقات ابن سعد میں ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا میں ان لوگوں میں سے تھا جنہوں نے بقیع میں سعد بن معاذ کی قبر کھودی تھی ۔ جیسے جیسے ہم قبر کھودتے تو ہمیں کستوری کی خوشبو کی مہک آتی ۔ اور طبقات ہی میں محمد بن شرجیل بن حسنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا ایک آدمی حضرت سعد کی قبر سے ایک مٹھی مٹی لے کر آیا پھر اس کے بعد دیکھا تو وہ کستوری تھی ۔ اور احمد نے جابر سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا ایک اعرابی آیا درآں حالیکہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے ۔ اس نے کہا مجھ پر اسلام پیش فرمائیں ۔ اور وہ مسلمان ہو گیا ۔۔ الحدیث ۔ اس میں یہ بھی ہے کہ ہم ابھی اسی حال میں تھے کہ وہ اپنے اونٹ پر سے سر کے بل گر پڑا اور مر گیا ۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا ۔ اس آدمی نے مشقت تو کم اٹھائی ہے اور انعام بہت حاصل کر لیا ہے ۔ میرا گمان ہے کہ وہ بھوک کی حالت میں فوت ہوا ہے میں نے اس کی دو بیویاں حورعین میں سے دیکھی ہیں ۔ جو جنت کے پھل اس کے منہ میں ڈال رہی تھیں ۔ اور ترمذی میں ابو ہریرہ سے مرفوعا روایت ہے کہ میں نے جعفر کو دیکھا کہ وہ فرشتوں کے ساتھ جنت میں اڑتا جا رہا ہے ۔ اور ابن ابی شیبہ نے صفیہ بنت شیبہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا میں حضرت اسماء کے پاس تھی جب حجاج ۔ نے عبداللہ بن زبیر کو سولی دی تھی ۔ تو عبداللہ بن عمر حضرت اسماء کے پاس تعزیت کے لئے آئے اور کہا اے بی بی ۔ اللہ سے ڈرنا اور صبر کرنا ۔ کیونکہ یہ جسم کوئی شے نہیں ہے ۔ اور ارواح تو اللہ کے پاس ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ مجھے کون سی چیز صبر سے روکے گی ہے جب کہ حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کا سر مبارک بنی اسرائیل کی بدکار عورتوں میں سے ایک بدکار عورت کو بطور ہدیہ پیش کیا گیا تھا ۔ اور ابن

سعد نے خالد بن معدان سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا جب اجنادین کے دن رومیوں کو شکست ہوئی تو وہ ایک ایسے مقام پر پہنچے جہاں سے ایک ایک آدمی ہی گزر سکتا تھا۔ تو رومیوں نے لڑنا شروع کیا تو ھشام بن عاص آگے آئے اور رومیوں سے لڑے یہاں تک کہ وہ شہید ہو گئے۔ اور اس تنگ جگہ پر گرے۔ ان کے گرنے سے وہ جگہ بند ہو گئی۔ جب مسلمان وہاں پہنچے تو وہ اس بات سے ڈرے کہ کہیں گھوڑے ان کی میت کو روند نہ ڈالیں۔ تو عمرو بن عاص نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو شہادت عطا کی ہے اور ان کی روح کو اٹھا لیا گیا ہے۔ تو گھوڑے ان پر سے گزار لو۔ اور پہلے آپ نے اپنا گھوڑا ان پر سے گزارا۔ اور پھر لوگوں نے بھی ان کی پیروی کی یہاں تک کہ ان کے جسم کے ٹکڑے ہو گئے۔ حاکم نے اپنی تصحیح کے ساتھ حضرت انس سے روایت کی ہے کہ ایک سیاہ رنگ کا آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی کہ اگر میں لڑوں اور قتل ہو جاؤں تو میں کہاں ہوں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا جنت میں۔ پھر وہ لڑا یہاں تک کہ شہید ہو گیا تو نبی کریم ﷺ اس کے پاس تشریف لائے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے تیرا منہ سفید کیا ہے اور تیری خوشبو پاکیزہ کی ہے اس کے لئے یا کسی اور کے لئے یہ بھی فرمایا کہ میں نے حورعین میں سے اس کی زوجہ کو دیکھا ہے کہ وہ اس کا صوف کا جبہ اتار رہی تھی۔ اور وہ اس کے اور اس کے جبے کے درمیان میں داخل ہو گئی۔ اور بیہقی میں سند حسن کے ساتھ ابن عمر سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے نبی کریم ﷺ کے سامنے شہادت پائی تو حضور ﷺ اس کے سر کے پاس بیٹھ گئے اور آپ ﷺ مسرور تھے اور ہنس رہے تھے۔ پھر آپ ﷺ نے اس سے روگردانی فرمائی۔ اس بارہ میں جب جناب ﷺ سے سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا میرے سرور کی وجہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کے روح کی عزت

تھی ۔اور میرے اعراض کی وجہ یہ تھی کہ اس کی زوجہ حورعین میں سے اب ایک اس کے سر کے پاس کھڑی تھی ۔

قبر والا آنے والے کو پہچانتا ہے

ابن عبدالبر نے ابن عباس کی روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی آدمی جب اپنے کسی ایسے مومن بھائی کی قبر کے پاس سے گزرتا ہے۔ جو دنیا میں اس کو پہچانتا تھا ۔اور وہ اس کو سلام کہتا ہے تو قبر والا اس کو پہچان لیتا ہے ۔اور اس کے سلام کا جواب بھی دیتا ہے۔عبدالحق نے اس کو صحیح کہا ہے اس باب میں حضرت ابو ہریرہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی روایت ہے۔اور احمد اور حاکم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ آپ فرماتی تھیں کہ میں اپنے حجرہ میں قبر نبوی پر داخل ہوتی تھی تو زائد کپڑا اتار دیتی تھی ۔اور میں کہتی تھی کہ یہ تو میرے باپ ہیں اور یہ میرے خاوند ہیں۔لہٰذا ان سے کیا پردہ۔ پھر جب حضرت عمران کے ساتھ دفن ہو گئے تو پھر میں حضرت عمر کی حیا کی وجہ سے پورے کپڑے باندھے بغیر کبھی بھی حجرہ میں داخل نہ ہوئی۔

اہل قبور زائر کو جواب دیتے ہیں

اور بیہقی اور حاکم نے ابو ہریرہ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے پاس زندہ ہیں۔ پس ان کی زیارت کیا کرو اور ان پر سلام کیا کرو۔اس اللہ کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے قیامت تک جو بھی ان کو سلام کرے گا وہ اس کو سلام کا جواب دیتے رہیں گے ۔یعنی مصعب بن عمیر اور ان کے ساتھی ۔اور امام حاکم نے اپنی صحیح کے ساتھ روایت کی ہے کہ عبداللہ بن ابی فروہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے شہداء احد کی قبروں کی زیارت کی اور فرمایا اے اللہ تیرا بندہ اور تیرا نبی گواہی دیتا ہے کہ یہ شہدا زندہ

ہیں۔اور جو بھی ان کی زیارت کرے گا یا ان پر سلام کہے گا تو وہ قیامت تک اس کے سلام کا جواب دیں گے۔

حضور ﷺ کی قبر سے اذان

اور ابن سعد نے ابن مسیب سے روایت کی ہے کہ وہ ایام الحرۃ میں مسجد نبوی میں ہی رہے تھے اور لوگ آپس میں لڑ رہے تھے فرمایا جب نماز کا وقت آتا تو حضور ﷺ کی قبر انور کی طرف سے میں اذان سنتا تھا۔

سر کا قرآن پڑھنا

اور خطیب نے ابراہیم بن اسماعیل بن خلف سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا۔احمد بن نصر میرے ماموں تھے جب وہ محنت میں قتل کئے گئے اور سولی دیئے گئے تو مجھے خبر دی گئی کہ ان کا سر قرآن مجید پڑھ رہا ہے پس میں بھی گیا اور ان کے قریب رات کو ٹھہرا جب آنکھیں سونے لگیں تو میں نے سر کو قرآن پڑھتے ہوئے سنا۔وہ **الم. احسب الناس ان یتر کوا** پڑھ رہے تھے۔ ذھبی نے کہا ہے کہ یہ حکایت کئی اور وجہ سے بھی روایت کی گئی ہے۔

قبر میں سے میت کا جواب دینا

ابن عساکر نے لیث کے کاتب ابو صالح کے طریق سے روایت کی ہے۔جو کہ یحییٰ بن ایوب خزاعی سے روایت کرتے ہیں۔آپ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک ایسے آدمی سے سنا جو ذکر کرتا تھا کہ حضرت عمر کے زمانہ میں ایک ایسا نوجوان عبادت گزار تھا جو کہ اکثر مسجد ہی میں رہا کرتا تھا۔اور حضرت عمر اس کو بہت پسند کرتے تھے۔اور اس کا باپ بہت

بوڑھا تھا۔ پس وہ نوجوان جب عشا کی نماز پڑھ لیتا تو پھر اپنے باپ کے پاس اپنے گھر جاتا۔ اس کے گھر کے راستہ میں ایک عورت کا مکان تھا پس وہ عورت اس پر فریفتہ ہوگئی۔ اور وہ عورت اس کے راستہ میں کھڑی ہو جاتی۔ پس وہ ایک رات اس کے پاس سے گزرا تو وہ اس کو پھسلاتی رہی۔ یہاں تک کہ وہ اس کے پیچھے چل پڑا۔ اور اس کے گھر میں داخل ہونے کی نیت سے چلا۔ تو اچانک اس کو عبرت ہوئی اور غفلت کا پردہ چاک ہو گیا اور خود بخود ہی اسکی زبان پر یہ آیت جاری ہوگئی ''**ان الذین اتقوا اذا مسھم طائف من الشیطان تذکروا فاذا ھم مبصرون**'' تو وہ جوان غش کھا کر گر پڑا۔ تو اس عورت نے اپنی لونڈی کے تعاون سے اس کو اٹھایا اور اس کے دروازہ پر رکھ دیا۔ جب وہ اپنے باپ کے پاس نہ پہنچا تو اس کا باپ اس کی تلاش کے لئے نکلا تو دیکھا کہ وہ جوان غشی کی حالت میں دروازہ پر گرا پڑا ہے۔ تو اس نے اپنے بعض گھر والوں کی مدد سے اس کو گھر میں داخل کیا۔ جب کچھ رات گزرنے پر اس کو کچھ افاقہ ہوا تو باپ نے پوچھا۔ بیٹے کیا ہوا؟ اس نے کہا خیر ہی ہے۔ باپ نے کہا میں پوچھ رہا ہوں بتاؤ۔ تو اس نے سارا واقعہ بیان کر دیا۔ باپ نے کہا بیٹے تو نے کون سی آیت پڑھی تھی تو اس نے پھر وہی آیت پڑھ دی اور غش کھا کر گر پڑا تو لوگوں نے اس کو ہلایا۔ دیکھا تو وہ مر چکا تھا۔ پس لوگوں نے اس کو غسل دیا اور گھر سے لے گئے اور دفن کر دیا۔ صبح کو یہ واقعہ حضرت عمر کے سامنے ذکر کیا گیا تو آپ اس کے باپ کے پاس تعزیت کے لئے تشریف لائے۔ اور فرمایا مجھے کیوں اطلاع نہ کی؟ عرض کیا گیا۔ رات تھی۔ حضرت عمر نے فرمایا مجھے اس کی قبر پر لے چلو۔ پس حضرت عمر نے فرمایا اے جوان فرمان خداوندی ہے ولمن خاف مقام ربہ جنتان۔ تو تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا گیا۔ تو اس نوجوان نے قبر کے اندر سے آواز دی کہ مجھے

میرے رب نے دو جنتیں دیدی ہیں یہ اس نے دومرتبہ کہا۔ بیہقی وغیرہ نے ابی عثمان نہدی سے انہوں نے ابن مینا سے روایت کی ہے کہ میں ایک قبرستان میں داخل ہوا تو میں نے دوخفیف رکعتیں پڑھیں پھر میں ایک قبر پر ٹیک لگا کر لیٹ گیا۔ اللہ کی قسم میں نے جاگتے ہوئے قبر سے کسی کہنے والے کی آواز سنی جو کہہ رہا تھا۔ کھڑا ہو جا بیشک تو نے مجھے تکلیف دی ہے۔ تم کرتے ہو لیکن جانتے نہیں ہو اور ہم جانتے ہیں لیکن عمل نہیں کر سکتے۔ اللہ کی قسم اگر میں تیری طرح دو رکعتیں ادا کر سکتا تو وہ مجھے دنیا و مافیھا سے زیادہ پیاری ہوتیں۔

بعد وفات کلام کرنا

بیہقی نے دلائل میں ابن مسیب سے روایت کی ہے کہ سعید بن خارجہ انصاری نبی حارث بن خزرج میں سے حضرت عثمان کے زمانہ میں وفات پاگئے تو کپڑے سے ڈھانپ دیئے گئے۔ پھر لوگوں نے ان کے سینے میں حرکت سنی پھر انہوں نے کلام فرمایا اور کہا۔ احمد احمد۔ پہلی کتاب میں ہے۔ سچ کہا سچ کہا ابو بکر الصدیق نے۔ جو اپنے نفس میں ضعیف تھے اور اللہ تعالیٰ کے امر میں قوی تھے۔ سچ کہا سچ کہا عمر بن خطاب نے۔ جو قوی اور امین تھے۔ کتاب اول میں۔ سچ کہا ہے سچ کہا عثمان بن عفان نے۔ ان کے طریقہ پر چار گزر گئے اور دو باقی ہیں۔ فتنے آ گئے اور قوی نے ضعیف کو کھالیا۔ اور قیامت قائم ہو گئی۔ عنقریب تمہارے لشکر کی خبر آئے گی بیر اریس۔ اور کیا ہے بیر اریس۔ سعید نے کہا پھر نبی حطمہ سے ایک مرد فوت ہوا تو اس کو کپڑے سے ڈھانک دیا گیا تو لوگوں نے اس کے سینے میں حرکت کی آواز سنی۔ پھر اس نے کلام شروع کیا اور کہا۔ بنی حارث بن خزرج کے بھائی نے سچ کہا بیہقی نے کہا یہ سند صحیح ہے۔ اور اس کے شواہد بھی ہیں۔ پھر بیہقی اور ابن ابی الدنیا اور ابونعیم نے روایت کیا ہے اسماعیل بن خالد سے اس نے کہا کہ یزید بن نعمان بن بشیر

ہمارے پاس قاسم بن عبدالرحمٰن کے حلقہ میں۔ اپنے باپ نعمان بن بشیر کا یہ خط لیکر آیا۔بسم اللہ الرحمن الرحیم نعمان بن بشیر کی طرف سے ام عبداللہ بنت ابی ہاشم کی طرف تجھ پر سلام ہو۔پس میں تیرے سامنے اس اللہ کی حمد کرتا ہوں جس کے بغیر کوئی معبود نہیں۔تو نے مجھے خط لکھا تھا کہ میں تجھے زید بن خارجہ والی بات لکھوں۔تو اس کی بات یہ ہے کہ اس کے گلے میں درد شروع ہوا تو ظہر عصر کے درمیان وہ فوت ہوگیا۔پس ہم نے اس کو اٹھایا اور ڈھانپ دیا۔میں عصر کے بعد وظیفہ پڑھ رہا تھا تو ایک آدمی میرے پاس آیا اس نے کہا کہ زید نے وفات کے بعد کلام کیا ہے۔تو میں جلدی سے اس کی طرف لوٹ گیا اور انصار کے اور لوگ بھی وہاں حاضر تھے اور وہ کہہ رہے تھے۔کہ درمیانہ قوم میں سے مضبوط ہے۔جو اللہ کے کام میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔وہ لوگوں کو یہ حکم نہیں کرتے تھے کہ طاقتور کمزور کو کھا جائے۔اللہ کے بندے امیر المومنین نے سچ کہا سچ کہا۔یہ کتاب اول میں ہے۔پھر کہا عثمان امیر المومنین اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں۔دو راتیں گزر گئیں اور چار باقی ہیں۔پھر لوگ آپس میں لڑیں گے اور بعض کو بعض کھائیں گے۔اور کوئی نظام نہیں ہوگا اور لوگوں کی عزتیں مباح ہو جائیں گی۔پھر مومن کمزور ہو جائیں گے اور کہیں گے اللہ کا لکھا ہوا اور اللہ کی تقدیر۔اے لوگو اپنے امیر کی طرف متوجہ ہو اور سنو اور اطاعت کرو۔پھر انہوں نے کوئی قابل مذمت کام نہیں کیا۔یہ اللہ کے امر تقدیر میں مقصود تھا۔اللہ اکبر۔یہ جنت ہے اور یہ آگ ہے اور یہ انبیاء ہیں اور یہ صدیق ہیں۔اے عبداللہ بن رواحہ تجھ پر سلام ہو۔کیا تو نے میرے لئے خارجہ اور سعد تلاش کیے ہیں۔جو احد کے دن شہید ہو گئے تھے؟ ہرگز نہیں۔وہ تو بھڑکتی آگ ہے کھال اتار لینے والی۔بلا رہی ہے اس کو جس نے پیٹھ پھیری۔

جوڑا اور جمع کر کے رکھا۔ پھر اس کا آواز پست ہو گیا۔ تو میں نے لوگوں سے پوچھا کہ مجھ سے پہلے انہوں نے کیا کلام کیا ہے؟ لوگوں نے کہا۔ ہم نے اس سے سنا کہ خاموش ہو جاؤ۔ خاموش ہو جاؤ۔ تو ہم نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا تو معلوم ہوا کہ آواز تو کپڑے کے نیچے سے آ رہی ہے۔ تو ہم نے ان کے چہرہ سے کپڑا اہٹایا تو انہوں نے کہا ۔ یہ احمد رسول اللہ ہیں۔ یا رسول اللہ آپ پر سلام ہو۔ اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ۔ پھر کہا ابوبکر الصدیق الامین خلیفہ رسول اللہ ہیں۔ جسم کے لحاظ سے ضعیف تھے لیکن اللہ کے کام میں قوی تھے۔ سچ کہا سچ کہا۔ اور یہ کتاب اول میں ہے۔ پھر اور روایت سے یہ واقعہ بیان کیا۔ اسماعیل بن ابی خالد سے۔ اور اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں۔ کہ یہ واقعہ حضرت عثمان کی امارت کے دو سال پورے ہونے پر ہوا۔ پس وہی مراد ہے۔ دو راتوں سے۔ کہتے ہیں۔ میں باقی چار سالوں کی گنتی کرتا رہتا تھا اور ان میں جو کچھ ہونے والا تھا میں پہلے ہی اس کی توقع رکھتا تھا۔ تو ان سالوں میں اہل عراق کا افترا اور ان کا خلاف اور فتنہ بازوں کی فتنہ بازی اور اپنے امیر ولید بن عقبہ پر ان کا طعن۔ بیہقی نے کہا ہے کہ یہ اسناد بھی صحیح ہے۔ اور حبیب بن سالم نے نعمان سے بھی یہ روایت کی ہے۔ اس میں ایک اریس کا لفظ بھی ہے۔ جیسا کہ ابن مسیب کی روایت میں ہے۔ اور بخاری نے اپنی تاریخ میں اور کئی اور نے بھی عبداللہ بن عبید اللہ انصاری سے روایت کی ہے انہوں نے کہا کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جنہوں نے حضرت ثابت بن قیس بن شماس کو دفن کیا تھا۔ آپ یمامہ میں شہید ہوئے تھے۔ جب ہم نے ان کو قبر میں اتار دیا تو ہم نے سنا کہ وہ کہتے ہیں۔ محمد رسول اللہ ﷺ۔ ابوبکر الصدیق۔ عمر شہید۔ عثمان نرم دل رحیم۔ تو ہم نے ان کی طرف دیکھا تو وہ میت تھے۔

اہل قبور کوسلام اور دعا کرنا

اور مسلم نے ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک قبرستان کی طرف تشریف لے گئے تو آپ نے فرمایا السلام علیکم اے ایمان والی قوم کے گھر والو۔ اور ہم بھی انشاء اللہ تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔ اور مسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ آپ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں اہل قبور کو کیا کہوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہو **السلام علی اهل الدیا رمن المسلمین** ۔ اللہ تعالیٰ ہم میں سے پہلوں اور پچھلوں پر رحم فرمائے۔ اور ہم بھی انشاء اللہ تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔ اور نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت بریدہ سے روایت کی ہے کہ حضور ﷺ ہمیں تعلیم دیا کرتے کہ جب تم قبروں کی طرف جاؤ تو کہا کرو۔ السلام علیکم ان گھروں میں رہنے والے مسلمانوں۔ اور ہم بھی انشاء اللہ تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔ تم آگے جانے والے ہو اور ہم پیچھے آنے والے ہیں۔ ہم اپنے لئے اور تمہارے لئے اللہ تعالیٰ سے آرام مانگتے ہیں۔ ابن ابی شیبہ نے سعد بن ابی وقاص سے روایت کی ہے کہ آپ اپنی زمین سے جب واپس آتے تو شہدا کی قبروں کے پاس سے گذرتے تو فرماتے السلام علیکم اور ہم بھی تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔ پھر آپ اپنے ساتھیوں سے فرماتے۔ تم شہیدوں پر سلام کیوں نہیں کرتے۔ تا کہ جواب میں وہ بھی تم پر سلام کہیں۔ اور ابن ابی شیبہ کی ابن عمر سے روایت ہے کہ وہ دن کو یا رات کو جب بھی کسی قبر کے پاس سے گزرتے تو آپ اس قبر والے پر سلام کہتے۔ اور انہوں نے ہی ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا۔ جب تو کسی ایسی قبر کے پاس سے گزرے جس کو تو دنیا میں پہچانتا تھا۔ تو کہو **السلام علیکم اصحاب القبور** ۔ اور اگر ان کو نہ پہچانتا ہو تو کہو **السلام علی المسلمین**

۔اور حسن بصری سے ان کی روایت ہے کہ آپ نے فرمایا جب کوئی آدمی قبرستان میں داخل ہوتو کہے۔اے اللہ بوسیدہ اجسام اور بوسیدہ ہڈیوں کے رب۔جو دنیا سے اس حال میں گئے ہیں کہ تجھ پر ایمان رکھتے تھے۔ان پر اپنی طرف سے رحمت اور میری طرف سے سلام داخل فرما۔میں بخشش مانگتا ہوں ہر مومن کیلئے جب سے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا ہے۔اور ابن ابی الدنیا نے یہ لفظ بھی روایت کئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک تمام مردوں کے عدد کے مطابق اس کی نیکیاں لکھتے ہیں اور ابن ابی الدنیا نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا جو شخص قبرستان میں داخل ہو اور اہل قبور کے لئے استغفار کرے اور ان کے لئے رحمت طلب کرے۔پس وہ ایسا ہے گویا کہ وہ ان کے جنازہ میں حاضر ہوا۔اور نماز پڑھی اور ابن ابی الدنیا نے حضرت ابن عمر سے روایت کی ہے کہ آپ جب کسی جنازہ پر تشریف لے جاتے تو اپنے خاندان کے اہل قبور کے پاس بھی جاتے اور ان کے لئے بھی استغفار کرتے۔

شہداء کی ارواح جنت میں

مسلم نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے شہداء کے ارواح اللہ تعالیٰ کے پاس سبز پرندوں میں ہوتے ہیں۔اور وہ جنت کی نہروں میں جہاں چاہتے ہیں سیر کرتے ہیں۔پھر عرش کے نیچے قندیلوں میں ٹھکانا کرتے ہیں۔اور احمد اور ابوداؤد نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ فرمایا نبی کریم ﷺ نے کہ تمہارے ساتھی جب احد میں شہید ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی روحوں کو سبز پرندوں کے پیٹوں میں رکھا۔اور وہ جنت کی نہروں پر آتے ہیں اور جنت کے پھل کھاتے ہیں پھر عرش کے سایہ میں لٹکی ہوئی سونے کی قندیلوں میں ٹھکانہ کرتے ہیں۔اور ابن مندہ نے ابن شہاب سے روایت کی

ہے کہ آپ نے فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ شہداء کے ارواح سبز پرندوں کے پیٹوں میں ہوتے ہیں۔ جو عرش سے لٹکی ہوئی سونے کی قندیلوں میں ہوتے ہیں اور صبح وشام جنت کے باغوں میں جاتے ہیں اور اپنے رب کے حضور حاضر ہو کر اس کو سلام کرتے ہیں۔ اور ابن ابی حاتم نے ابن مسعود سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا شہدا کے ارواح تحت العرش قندیلوں میں سبز پرندوں کے پیٹوں میں ہوتے ہیں اور جہاں چاہتے ہیں جنت میں سیر کرتے ہیں پھر اپنی قندیلوں کی طرف لوٹ جاتے ہیں اور مومنوں کے بچوں کے ارواح چڑیوں کے پیٹوں میں ہوتے ہیں۔ وہ جہاں بھی چاہتے ہیں جنت میں سیر کرتے ہیں۔

شہداء کا جنت میں رزق

اور احمد وغیرہ نے سند حسن کے ساتھ ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شہدا جنت کے دروازہ پر سبز قبہ میں نہر کے کنارہ پر ہیں اور صبح وشام جنت سے ان کا رزق ان کے پاس آتا ہے۔ اور ابن ابی شیبہ وغیرہ نے ابی بن کعب سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا شہدا جنت کے باغوں میں کھلے میدان میں قبوں میں ہیں۔ بیل اور مچھلی ان کی طرف نکلتی ہے اور وہ دونوں آپس میں لڑتے ہیں۔ اور ان کی لڑائی سے شہداء کے دل بہلتے ہیں۔ جب ان کو غذا کی ضرورت ہوتی ہے تو بیل اور مچھلی ایک دوسرے کو مارتے ہیں۔ تو شہداء اس کا گوشت کھاتے ہیں اور اس میں جنت کی ہر شے کا ذائقہ پاتے ہیں۔ اور سعید نے مکحول سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ مسلمانوں کی چھوٹی اولاد کی روحیں جنت کے درختوں کی سبز رنگ کی چڑیوں میں ہیں۔ اور ان کے باپ سیدنا ابراہیم علیہ السلام ان کی کفالت کرتے ہیں۔ اور بخاری نے حضرت انس سے روایت کی ہے کہ جب حارثہ شہید ہو گئے تو ان کی ماں نے کہا۔ یا رسول اللہ

ﷺ آپ حارثہ سے میرے تعلق خاطر کو جانتے ہیں۔ اگر وہ جنت میں ہیں تو میں صبر کروں گی۔ اور اگر کچھ اور بات ہے تو آپ دیکھنا کہ میں کیا کرتی ہوں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جنتیں تو بہت ہیں اور وہ تو اعلیٰ جنت فردوس میں ہے۔ اور احمد نے اور مالک نے مؤطا میں سند صحیح کے ساتھ کعب بن مالک سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے۔ مومن کی روح ایک پرندہ ہے جو جنت کے درخت سے پھل کھاتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس کے جسم کی طرف لوٹائے گا۔ جب کہ قیامت کو اس کو اٹھائے گا۔ اور ترمذی کے لفظ ہیں۔ شہداء کے ارواح جنت کے پھل کھائیں گے اور وہ جنت کے درخت سے لٹکے ہوئے ہوں گے۔

ارواح کی آپس میں ملاقات

اور احمد وغیرہ نے ام ھانی سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ جب ہم مرجائیں گے تو کیا ہم آپس میں ملیں گے۔ اور بعض بعض کو دیکھیں گے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ روح ایک پرندہ ہوگا۔ جو درخت سے لٹکا ہوگا۔ یہاں تک کہ جب قیامت قائم ہوگی تو ہر روح اپنے جسم میں داخل ہو جائے گا۔ اور ابن سعد نے محمود بن لبید سے انہوں نے ام مبشر بنت براء سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ کیا مردے ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا تیرے ہاتھ خاک آلود ہوں۔ پاک روح تو جنت میں ایک سبز پرندہ ہے۔ جب پرندے درختوں کے سروں پر ایک دوسرے سے متعارف ہوتے ہیں تو ارواح بھی ضرور متعارف ہوں گے۔ اور ابن ماجہ وغیرہ نے سند حسن کے ساتھ عبدالرحمن بن کعب بن مالک سے روایت کی ہے۔ کہ آپ نے فرمایا جب کعب کی موت کا وقت آیا تو ان کے پاس ام مبشر بنت براء

حاضر ہوئیں اور کہا ابا عبدالرحمٰن اگر تو فلاں سے ملے تو اس کو میرا اسلام کہنا۔ تو انہوں نے کہا ام مبشر خدا تعالیٰ تجھے بخشے۔ ہم تو اس سے زیادہ مشغول ہوں گے۔ تو انہوں نے کہا۔ کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے نہیں سنا۔ کہ آپ ﷺ فرماتے تھے کہ مومن کی روح جہاں چاہتی ہے جنت میں سیر کرتی ہے اور کافر کی روح سجین میں ہوتی ہے۔ فرمایا ہاں سنا ہے۔ فرمایا پھر یہی بات ہے۔ اور طبرانی وغیرہ نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ جنت سورج کی کرنوں پر لپٹی ہوئی ہے۔ ہر سال میں دو بار پھیلائی جاتی ہے اور مومنوں کی ارواح پرندے میں کیڑوں کی مانند ہیں۔ اور وہ جنت کے پھل کھاتے ہیں۔ ابن مندہ نے اس کو مرفوعا بھی روایت کیا ہے۔ اور احمد اور حاکم نے صحت کے ساتھ ابو ہریرہ سے مرفوعا روایت کیا ہے۔ کہ مومنین کی اولاد جنت کے ایک پہاڑ میں ہے اور حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سارہ علیہا السلام ان کی کفالت کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ قیامت کو انہیں ان کے والدین کے سپرد کردیں گے اور ابن ابی الدنیا نے خالد بن معدان سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا جنت میں ایک درخت ہے۔ جس کو طوبی کہا جاتا ہے وہ سارا دودھ ہی ہے۔ اور مسلمان کا بچہ جو دودھ پیتا تھا جب فوت ہوتا ہے تو اس کو طوبی سے دودھ پلایا جاتا ہے۔ اور ان کی حفاظت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کرتے ہیں۔ اور انہوں نے عبید بن عمیر سے بھی اس جیسی روایت کی ہے۔ اور ابن ابی حاتم نے خالد سے بھی روایت کی ہے۔ اور اس میں یہ لفظ زیادہ ہیں کہ اگر عورت کا حمل ضائع ہو جائے تو وہ جنتی نہروں میں سے کسی نہر میں ہوگا۔ اور قیامت تک اس میں کھیلتا رہے گا اور قیامت کو اس کو چالیس سال کا جوان بنا کر اٹھایا جائے گا اور ابن ابی شیبہ وغیرہ نے ابن عباس سے انہوں نے کعب بن مالک سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا جنت الماویٰ میں سبز پرندے

ہیں۔ان میں شہداء کی روحیں ہوتی ہیں اور جنت کی سیر کرتی ہیں اور آل فرعون کے ارواح سیاہ پرندوں میں ہیں اور صبح وشام ان کو آگ کا عذاب دیا جاتا ہے۔اور مومنوں کے بچے جنت کی چڑیوں میں ہیں۔اور ابن ابی حاتم وغیرہ نے ابوسعید سے سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں اس بلند مقام پر گیا جس پر بنی آدم کی ارواح چڑھتی ہیں۔پس مخلوق نے اس سے خوبصورت چیز نہ دیکھی ہوگی۔کیا تو نے میت کونہیں دیکھا کہ جب اس کی آنکھیں پھٹ جاتی ہیں تو وہ آسمان کی طرف نگاہیں کئے ہوتا ہے۔پس یہ اس مقام کی خوبصورتی کی وجہ سے ہے۔پس میں اور جبرائیل اوپر چڑھے تو جبرائیل نے دروازہ کھلوایا تو میں نے حضرت آدم کو دیکھا کہ ان پر ان کی اولاد کی روحیں پیش کی جارہی ہیں۔پس وہ فرماتے ہیں۔پاکیزہ روح اور پاکیزہ جان ہے۔اس کوعلیین میں رکھو۔پھر آپ پر آپ کی گناہ گار اولاد پیش کی جاتی ہے تو آپ فرماتے ہیں خبیث روح اور خبیث جان ہے۔اس کو سجین میں داخل کردو۔اور ابونعیم نے ابوہریرہ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ مومنوں کے ارواح ساتویں آسمان پر ہیں اور وہ اپنے جنت والے گھروں کو دیکھتے رہتے ہیں۔اور سعید نے اپنی سنن میں اور ابن جریر نے مغیرہ بن عبدالرحمٰن سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا سلیمان فارسی عبداللہ بن سلام سے ملے اور فرمایا اگر تو مجھ سے پہلے فوت ہوا تو جو تجھے درپیش آئے مجھے اس کی خبر دینا۔اور اگر میں پہلے فوت ہوا تو میں تجھے خبر دوں گا۔انہوں نے کہا یہ کیسے ہوگا۔جب کہ میں مر چکا ہوں گا۔انہوں نے کہا کہ مخلوق کی روحیں جب جسموں سے نکلتی ہیں تو وہ آسمان اور زمین کے درمیان ہوتی ہیں۔یہاں تک کہ وہ اپنے جسموں کی طرف جائیں گی۔تو تقدیر الٰہی سے حضرت سلمان پہلے فوت ہوگئے تو عبداللہ بن سلام نے انہیں خواب میں دیکھا اور پوچھا

آپ نے کون سی شے افضل معلوم کی ہے۔انہوں نے کہا میں نے توکل کو عجیب چیز پایا ہے۔اور ابن ابی الدنیا نے حضرت علی المرتضیٰ سے روایت کی ہے کہ مومنوں کی روحیں بیر زم زم میں ہیں ۔اور ابن مندہ وغیرہ نے عبداللہ بن عمرو سے روایت کی ہے کہ کفار کی روحیں بیر موت میں جمع ہوتی ہیں ۔جو کہ حضر موت کا ایک جنگل ہے اور مومنوں کی روحیں جابیہ میں جمع ہوتی ہیں۔اور حاکم نے مستدرک میں عبداللہ بن عمرو سے روایت کی ہے کہ مومنوں کی روحیں اریحا میں جمع ہوتی ہیں اور مشرکین کی روحیں صنعاء میں جمع ہوتی ہیں۔اور ابن عدی نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے جعفر کو اپنے ساتھی فرشتوں کے ساتھ دیکھا کہ وہ اپنے گھر والوں کو بارش کی خوشخبری دیتے تھے۔اور حاکم نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا نبی کریم ﷺ تشریف فرما تھے اور اسماء بنت عمیس آپ ﷺ کے قریب تھیں ۔آپ ﷺ نے کسی کے سلام کا جواب دیا اور فرمایا۔یہ جعفر تھے۔جبرائیل اور میکائیل کے ساتھ گزرے تو ہمیں سلام کیا۔اور مجھے خبر دی کہ وہ فلاں فلاں دن وہ مشرکوں سے بھی ملے تھے۔اور فرمایا مجھے اپنے اگلے حصہ پر تیروں اور تلواروں کے تہتر زخم لگے تھے پھر میں نے اپنے دائیں ہاتھ سے جھنڈا پکڑ لیا تو وہ ہاتھ کاٹ دیا گیا پھر میں نے جھنڈا بائیں ہاتھ سے پکڑ لیا تو وہ بھی کاٹ دیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے ان دونوں ہاتھوں کے عوض مجھے دو پر دئے ہیں۔جن کے ذریعہ سے میں جبرائیل اور میکائیل کے ساتھ اڑتا پھرتا ہوں۔اور جہاں چاہوں جنت میں اترتا ہوں۔اور اس کے پھلوں سے جو چاہوں کھاتا ہوں۔اسماء نے کہا جعفر کو مبارک ہو اللہ تعالیٰ نے ان کو بھلائی عطا کی ہے لیکن مجھے خوف ہے کہ لوگ مانیں گے نہیں۔لہٰذا آپ منبرِ شریف پر جلوہ گر ہو کر لوگوں کو بتائیں ۔پھر آپ ﷺ منبر پر

تشریف فرما ہوئے ۔اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا جعفر بن ابی طالب جبرائیل اور میکائیل کے ساتھ گزرے ہیں ۔ان کے دو پر ہیں ۔جو اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں کے بدلہ میں انہیں دیئے ہیں تو انہوں نے مجھ پر سلام کیا ہے ۔پھر جعفر کی بتائی ہوئی ساری بات سنائی ۔ھناد نے زھد میں ابن اسحاق سے انہوں نے اسحاق بن عبداللہ سے انہوں نے ابن ابی فروہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا مجھے بعض اہل علم نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔شہید تین قسم کے ہوتے ہیں ۔مرتبہ میں ادنی شہداء میں سے وہ ہے جو اپنی جان اور اپنے مال کے ساتھ نکلا لیکن وہ نہ تو کسی کو مارنے کا ارادہ کرتا ہے اور نہ خود مرنے کا ارادہ کرتا ہے ۔کوئی نامعلوم تیر اس کو آکر لگا اور وہ شہید ہو گیا تو اس کے خون کے پہلے قطرہ گرنے کے ساتھ ہی اس کے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف ہو گئے ۔پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے ایک جسم اتار دے گا جس میں اس کی روح رکھی جائے گی پھر اس جسم کے ساتھ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اوپر جائے گا ۔جب بھی وہ آسمان سے گزرے گا تو فرشتے اس کی مشائعیت کریں گے ۔یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو جائے گا جب وہ وہاں پہنچے گا تو سجدہ میں گر پڑے گا پھر حکم دیا جائے گا تو اس کو استبرق کے ستر حلے پہنچائے جائیں گے ۔پھر کہا جائے گا اس کو اپنے شہید بھائیوں کے پاس لے جاؤ اور اس کو ان کے ساتھ شامل کر دو تو اس کو ان کے پاس لایا جائے گا تو وہ جنت کے دروازہ کے پاس سبز قبہ میں ہوں گے ۔ان کے کھانے صبح وشام جنت سے آتے ہیں ۔جب وہ اپنے بھائیوں کے پاس پہنچے گا تو وہ اس سے اس طرح سوال کریں گے جیسے تم مسافر سے سوال کرتے ہو جو تمہارے پاس شہروں سے آئے ۔تو وہ کہتے ہیں فلاں نے کیا کیا وہ کہتا ہے وہ تو مفلس ہو گیا ۔وہ کہتے ہیں کیوں ؟اس کا مال کہاں گیا ۔وہ تو بڑا دانا تاجر اور مال جمع

رکھنے والا تھا۔ ہم مفلس اس کو نہیں سمجھتے جس کو تم سمجھتے ہو۔ مفلس تو وہ ہے جو اعمال میں مفلس ہو۔ تو فلاں نے کیا کیا اور اس کی عورت فلانہ ہے۔ تو وہ کہتا ہے۔ اس نے اپنی عورت کو طلاق دے دی تھی۔ وہ کہتے ہیں ان کے درمیان کیا جھگڑا ہوا کہ اس نے اس کو طلاق دیدی۔ وہ تو اس کو بہت چاہتا تھا۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ فلاں نے کیا کیا۔ وہ کہتا ہے مجھ سے کچھ مدت پہلے تو وہ فوت ہو گیا تھا۔ تو وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم وہ تو ہلاک ہو گیا۔ ہم نے اس کا ذکر نہیں سنا۔ اللہ تعالیٰ نے دو راستے بنائے ہیں۔ ایک راستہ تو ہمارے پاس آتا ہے اور دوسرا راستہ ہمارے مخالف سمت جاتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو ہمارے راستہ کی طرف بھیجتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی کی برائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو ہمارے مخالف راستہ کی طرف بھیجتا ہے۔ تو پھر ہم اس کا ذکر نہیں سنتے۔

شہید کو جسم مثالی ملنا

ابن مندہ نے عبدالرحمٰن بن زیاد بن انعم کے طریق سے حسان بن جیلہ سے۔ انہوں نے کہا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ شہید جب شہادت پاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایک حسین جسم اتارتے ہیں۔ پس اس کے روح سے کہا جاتا ہے کہ اس میں داخل ہو جا۔ پس وہ اپنے پہلے جسم کی طرف دیکھتا ہے کہ اس کے ساتھ کیا کیا گیا پھر وہ کلام کرتا ہے اور گمان کرتا ہے کہ لوگ اس کے کلام کو سن رہے ہیں۔ اور وہ گمان کرتا ہے کہ وہ اسے دیکھ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کی بیویاں حور عین میں سے آجاتی ہیں تو وہ اسے اپنے ساتھ لے جاتی ہیں۔

آپ ﷺ کی آسمانوں پر انبیاء سے ملاقات

بیہقی وغیرہ نے ابو سعید سے بیان کیا ہے کہ حدیث اسرا میں ہے۔ پھر میں دوسرے آسمان

کی طرف پہنچا تو وہاں حضرت یحییٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام تھے ان کے ساتھ ان کی قوم کے کچھ لوگ بھی تھے پھر میں تیسرے آسمان کی طرف چڑھا تو میری ملاقات یوسف علیہ السلام سے ہوئی ان کی قوم کے کچھ لوگ بھی ان کے ساتھ تھے۔ پھر اسی طرح چوتھے، پانچویں، چھٹے اور ساتویں آسمان کا ذکر فرمایا تو فرمایا کہ وہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام تشریف فرما تھے آپ کے ساتھ آپ کی قوم کے کچھ لوگ بھی تھے۔ پھر مجھ سے کہا گیا کہ یہ آپ کی امت کا مکان ہے۔ پھر آپ نے ان اولی الناس بابراھیم ایتون وھذالنبی والذین امنوا پڑھا تو میں نے دیکھا کہ میری امت کے دو حصوں میں ایک حصہ کے کپڑے کاغذ کی طرح سفید ہیں اور ایک حصہ کے کپڑے میلے ہیں۔

کون سے خواب سچے ہوتے ہیں

احمد وغیرہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو اچھے خواب پسند آتے تھے پس آپ فرمایا کرتے تھے کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے۔ جب کوئی ایسا مرد خواب دیکھتا جس کا آپ کے ساتھ تعارف نہیں ہوتا تھا۔ تو آپ اس سے پوچھتے۔ پس اگر اس کے متعلق بھلائی کی خبر دی جاتی تو وہ اس کے خواب کے لئے پسندیدہ بات ہوتی۔ فرمایا ایک عورت آئی اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گویا کہ میں نکلی ہوں اور جنت میں داخل کی گئی ہوں تو میں نے ایک دھما کہ سنا جس سے جنت ہل گئی پھر میں نے فلاں فلاں کو دیکھا۔ یہاں تک کہ میں نے بارہ مرد گنے۔ رسول اللہ ﷺ اس سے پہلے ایک چھوٹا سا لشکر بھیج چکے تھے۔ پس ان کو لایا گیا کہ ان پر اطلس کے کپڑے تھے ان کی رگوں سے خون بہہ رہا تھا انہیں کہا گیا کہ نہر بیدح کی طرف چلو پس انہوں نے نہر میں غوطہ لگایا پھر نکلے تو ان کے چہرے

چودھویں رات کے چاند کی طرح تھے پھران کے لئے سونے کی کرسیاں لائی گئیں انہیں ان پر بٹھایا گیا۔ پھر سونے کی پلیٹ لائی گئی جس میں کھجوریں تھیں تو انہوں نے جتنی چاہیں کھجوریں کھائیں اور وہ اس کو ایک طرف سے دوسری طرف پلٹتے تو جو چاہتے جنت کے میوے کھاتے۔ اس نے کہا میں نے بھی ان کے ساتھ کھایا۔ پھر اس سریہ کی طرف سے ایک قاصد آیا۔ اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ اس طرح ہوا پھر اس طرح ہوا اور فلاں فلاں آدمی شہید ہوئے یہاں تک کہ اس نے بارہ مرد گنے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس عورت کو لاؤ۔ پھر اس کو فرمایا اس کے سامنے اپنا خواب بیان کر۔ خواب سن کر اس مرد نے کہا جیسا عورت نے کہا ہے اسی طرح ہوا فلاں فلاں شہید ہوئے ہیں۔ احمد نے ثوبان سے مرفوع روایت کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا جس کا روح جسم سے اس حال میں نکلا کہ وہ تین چیزوں سے بری ہے تو وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ (۱) تکبر (۲) خیانت (۳) قرض

روحوں کو نعمتیں ملنا

بزار وغیرہ نے حضرت جابر سے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ سے حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے بارہ میں سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا میں نے آپ کو جنت کی نہروں میں سے ایک نہر پر دیکھا ہے۔ ایک یاقوت کے مکان میں جس میں کوئی شور ہنگامہ نہیں۔ ابو دواد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے وہ اس وقت جنت کی نہروں میں غوطے لگا رہا ہے آپ نے یہ ارشاد اس شخص کے حق میں فرمایا جو اپنے اقرار زنا کی وجہ سے رجم کیا گیا تھا۔ ابن ابی الدنیا نے سلیم بن عامر جبائری کی مرسل سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ مومن کی مثال دنیا میں ایسی ہے جیسے جنین اپنی ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے۔ جب وہ

ماں کے پیٹ سے نکلتا ہے تو اپنے نکلنے پر روتا ہے یہاں تک کہ جب وہ روشنی دیکھتا ہے اور دودھ پیتا ہے تو پھر وہ اپنی پہلی جگہ پر جانا پسند نہیں کرتا۔ اسی طرح مومن موت سے گھبراتا ہے لیکن جب وہ اپنے رب کے پاس جاتا ہے تو پھر وہ دنیا میں واپس آنے کو پسند نہیں کرتا جیسے جنین اپنی ماں کے پیٹ میں واپس جانا پسند نہیں کرتا۔ حکیم ترمذی نے حضرت انس سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ مومن کے دنیا سے نکلنے کی مثال ایسی ہی ہے جیسے بچہ کا اپنی ماں کے پیٹ سے نکلنا اس غم اور اندھیرے سے دنیا کی کشادگی کی طرف۔

میت کا غائب ہو جانا

ابن ابی الدنیا نے زید بن اسلم سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل میں ایک مرد تھا جو پہاڑ کی ایک غار میں لوگوں سے الگ تھلگ رہتا تھا۔ اس کے زمانہ کے لوگوں پر جب قحط پڑتا تو اس سے مدد مانگتے۔ وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا تو ان پر بارش برستی۔ وہ فوت ہو گیا تو لوگ اس کے کفن دفن کی تیاری کرنے لگے۔ اسی حال میں انہوں نے آسمان کی طرف دیکھا کہ ایک چارپائی ہے جس پر باریک کپڑا پڑا ہے۔ اور وہ اس مرد کے پاس پہنچ گئی۔ تو وہ مرد اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور اس لباس کو پہنا اور چارپائی پر لیٹ گیا تو چارپائی اوپر کو اٹھ گئی اور لوگ اس کو ہوا میں دیکھ رہے تھے۔ یہاں تک کہ وہ ان سے غائب ہو گیا۔ اور بیہقی اور ابونعیم نے عروہ سے روایت کی ہے کہ عامر بن فہیرہ یوم بیر معونہ کی شہدا میں شہید ہو گئے اور عمرو بن امیہ ضمری قیدی بنا لئے گئے تو عامر بن طفیل نے ان سے کہا کہ تو اپنے ساتھیوں کو پہچانتا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا۔ ہاں میں پہچانتا ہوں۔ تو آپ کو تمام مقتولین میں پھرایا گیا تو وہ آپ سے شہدا۔ کے نسبت پوچھتے رہے۔ پھر کہا کیا کوئی آدمی گم بھی پاتے ہو۔ آپ نے فرمایا۔ حضرت ابوبکر کے غلام جن کو عامر بن فہیرہ کہا جاتا تھا وہ گم

ہیں۔ اس نے کہا وہ تم میں کیسے آدمی تھے؟ آپ نے فرمایا وہ ہمارے افضل لوگوں میں سے تھے۔ اس نے کہا کیا میں آپ کو ان کی بات نہ بتاؤں؟ ایک شخص نے ان کو نیزہ مارا پھر اپنا نیزہ کھینچا تو وہ مرد آسمان کی بلندی کی طرف چلا گیا یہاں تک کہ وہ آنکھوں سے غائب ہو گیا اور جس شخص نے آپ کو شہید کیا تھا وہ کلابی تھا۔ تو عامر بن طفیل ضحاک بن سفیان کلابی کے پاس آیا اور مسلمان ہو گیا اور کہا مجھے تو اسلام کی دعوت عامر بن فہیرہ کے قتل اور ان کے آسمان کی طرف اٹھائے جانے نے دی ہے۔ تو ضحاک نے رسول اللہ ﷺ کو عامر بن فہیرہ کی شہادت اور ان کا آسمان کی طرف اٹھائے جانے کا ذکر اور عامر بن طفیل کے اسلام کا ذکر لکھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ہاں ٹھیک ہے فرشتوں نے اس کے جسم کو چھپا لیا اور اس کو علیین میں اتارا۔ بیہقی نے کہا ہے کہ اس حدیث کو بخاری نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے۔ اس کے آخر میں ہے۔ پھر وہ رکھ دیئے گئے۔ اور موسیٰ بن عقبہ کی مغازی میں ہے کہ عروہ بن زبیر نے فرمایا کہ عامر بن فہیرہ کا جسم کسی کو نہیں ملا۔ صحابہ کا خیال ہے کہ فرشتوں نے اس کو چھپا لیا ہے۔ اور احمد وغیرہ نے عمر بن امیہ ضمری سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اکیلے ہی جاسوس بنا کر بھیجا تو میں حضرت خبیب کی سولی کی طرف آیا تو میں اوپر چڑھا اور میں حفاظت کرنے والوں سے ڈرتا بھی تھا تاہم میں نے ان کو سولی سے آزاد کیا تو وہ زمین پر گر پڑے۔ پھر میں اترا تو تھوڑی دور کھڑا ہوا پھر میں نے مڑ کر دیکھا تو خبیب نظر نہ آئے گویا زمین نے انہیں نگل لیا۔ اور آج تک خبیب کا کسی کو کوئی نشان نہیں ملا۔ اور نسائی وغیرہ نے جابر سے روایت کی ہے کہ طلحہ کی انگلیوں کے پورے احد کے دن کٹ گئے تو انہوں نے کہا۔ حس۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تو اگر حس کے بجائے بسم اللہ کہتا تو ملائکہ تجھے اٹھا لیتے اور لوگ دیکھتے۔

یہاں تک کہ تجھے آسمان کی فضاؤں میں داخل کر دیتے۔ابن عسا کر نے کئی طریقوں سے عطاء خراسانی سے روایت کی ہے کہ اویس قرنی کو ایک سفر میں پیٹ کی تکلیف ہوئی جس سے آپ فوت ہو گئے تو ان کے تھیلے میں سے دو کپڑے ملے جو دنیا کے کپڑوں میں سے نہیں تھے۔ایک روایت میں ہے کہ وہ کپڑے کسی انسان کے بنے ہوئے نہ تھے۔پھر دو مردان کی قبر کھودنے کے لئے گئے۔پھر واپس آ گئے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے دیکھا کہ سخت پتھروں میں قبر کھدی ہوئی ہے۔گویا کہ قبر کھودنے والوں نے ابھی ہی اپنے ہاتھ اٹھائے ہیں۔پھر لوگوں نے کفن پہنا کر آپ کو دفن کیا۔پھر مڑ کر جو دیکھا تو وہاں کچھ نظر نہ آیا۔اور احمد نے عبداللہ بن سلمہ سے روایت کیا ہے۔جس کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں ہم نے کہا کہ لوٹ کر چلیں اور ان کی قبر کی کوئی نشانی ہی بنا دیں۔ہم لوٹے تو وہاں نہ کوئی قبر تھی اور نہ قبر کا کوئی نشان تھا۔

روحوں پر جنت و دوزخ کا پیش ہونا

ابن ابی شیبہ نے ہذیل سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا آل فرعون کے ارواح سیاہ پرندوں کے پیٹوں میں ہیں۔صبح و شام ان کو آگ پر حاضر کیا جاتا ہے۔اور لالکائی وغیرہ نے بھی ابن مسعود سے روایت کی ہے۔آپ نے فرمایا کہ آل فرعون کے ارواح سیاہ پرندوں کے پیٹ میں ہیں ان کو ہر دن دو مرتبہ آگ پر پیش کیا جاتا ہے۔انہیں کہا جاتا ہے ۔یہ تمہارا گھر ہے۔فرمان خداوندی ہے **النار یعرضون علیھا غدوا وعشیا** ۔ابن ابی حاتم نے عبدالرحمٰن بن زید سے روایت کی ہے اس آیت کے بارہ میں کہ ان کو قیامت تک اسی طرح پیش کیا جاتا رہے گا۔اور بخاری اور مسلم نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ تم میں سے جب کوئی فوت ہو جاتا ہے تو صبح و شام اس کے سامنے اس کا ٹھکانا پیش کیا جاتا

ہے۔ اگر وہ اہل جنت میں سے ہے تو جنت کا ٹھکانا اور اگر وہ جہنمی ہے تو جہنم کا ٹھکانا۔ اور کہا جاتا ہے کہ یہ تیرا ٹھکانا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تجھ کو قیامت کے دن اٹھائے۔

روحوں کو انجام کی اطلاع

اور لالکائی والی حدیث میں ہے کہ کوئی بھی بندہ جب فوت ہوتا ہے تو اس کے روح پر اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے۔ اور ہناد نے آپ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ ہر انسان پر صبح و شام اس کا جنتی یا جہنمی ٹھکانا قبر میں پیش کیا جاتا ہے۔ بیہقی نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ اس کے لئے دو آوازیں ہیں جو ہر صبح اور ہر شام کو ایک ایک آتی ہے۔ دن کے پہلے حصہ میں آواز آتی ہے کہ رات چلی گئی اور دن آ گیا۔ اور آل فرعون آگ پر پیش کی جاتی ہے۔ پس اس کی آواز جو بھی سنتا ہے وہ اس سے پناہ مانگتا ہے۔ شام کو بھی اس کی مثل آواز آتی ہے۔

فوت شدگان پر زندوں کے اعمال پیش ہوتے ہیں

احمد وغیرہ نے حضرت انس سے مرفوعا روایت کی ہے کہ تمہارے اعمال تمہارے قریبی رشتہ داروں اور قبیلے کے لوگوں پر پیش کئے جاتے ہیں۔ پس اگر اچھے اعمال ہوں تو وہ خوش ہوتے ہیں اور اگر اس کے غیر ہوں تو وہ غمزدہ ہوتے ہیں اور کہتے ہیں۔ اے اللہ ان کو اس وقت تک نہ مارنا جب تک کہ تو ان کو ہدایت نہ دے دے۔ جس طرح تو نے ہمیں ہدایت دی ہے۔ اور طیاسی نے حدیث جابر سے بھی اس حدیث کا معنی روایت کیا ہے۔

اور ابن مبارک وغیرہ نے ابو ایوب سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا تمہارے اعمال مردوں پر پیش کئے جاتے ہیں۔ اگر وہ نیکی دیکھیں تو خوش ہوتے ہیں اور اگر برائی دیکھیں تو کہتے ہیں اے اللہ یہ اسی کو لوٹا دے۔ ابن ابی شیبہ وغیرہ نے ابراہیم بن میسرہ سے

روایت کی ہے کہ ابوایوب نے قسطنطنیہ میں جہاد کیا تو آپ ایک واعظ کے پاس سے گزرے۔ وہ کہہ رہا تھا جب آدمی دن کے پہلے حصہ میں عمل کرتا ہے تو اگلی دنیا والے اس کو پہچانتے ہیں شام کے وقت۔ اور جب دن کے آخر میں عمل کرتا ہے۔ تو ان کو اگلی دنیا والوں پر صبح کو ہی پیش کیا جاتا ہے۔ ابوایوب نے کہا دیکھ کیا کہہ رہا ہے اس نے کہا۔ اللہ کی قسم یہ بات اسی طرح ہی ہے جیسے کہ میں کہہ رہا ہوں۔ پھر ابوایوب نے کہا۔ اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ تو مجھے عبادہ بن صامت اور سعد بن عبادہ کے سامنے ان کے بعد میں کئے جانے والے اعمال کی وجہ سے رسوا کرے۔ واعظ نے کہا۔ اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ جس کے لئے بھی اپنی ولایت لکھتا ہے۔ اس کی پردہ پوشی بھی کرتا ہے۔ اور ان کے اچھے اعمال پر ان کی تعریف کی جاتی ہے اور بیہقی وغیرہ نے نعمان بن بشیر سے مرفوعا روایت کی ہے کہ۔ اپنے اہل قبور بھائیوں کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو کیونکہ تمہارے اعمال ان پر پیش کئے جاتے ہیں۔ اور ابن ابی الدنیا وغیرہ نے ابوہریرہ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ اپنے مردوں کو اپنے برے اعمال کے ذریعہ سے رسوا نہ کرو۔ کیونکہ تمہارے رشتہ دار اہل قبور پر وہ پیش کئے جاتے ہیں۔ ان کی ہی روایت ہے ابودرداء سے انہوں نے کہا اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میرے ماموں عبداللہ بن رواحہ سے جب میں ملوں تو وہ مجھ پر ناراض ہوں۔ اور ابن مبارک وغیرہ نے آپ سے روایت کی ہے کہ تمہارے اعمال تمہارے فوت شدگان پر پیش کئے جاتے ہیں تو وہ خوش بھی ہوتے ہیں اور ناخوش بھی۔ آپ کہنے لگے اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں ایسا عمل کروں جس سے میں عبداللہ بن رواحہ کو شرمندہ کروں۔ ان ہی کی روایت ہے عثمان بن عبداللہ بن اوس سے کہ سعید بن جبیر نے اپنی بھتیجی جو عثمان کی زوجہ اور عمر بن اوس کی بیٹی تھی۔ اذن مانگا اور گھر

میں داخل ہوئے اور کہا تیرا خاوند تیرے حق میں کیسا تھا؟ انہوں نے کہا حق المقدور وہ میرے ساتھ حسن سلوک کرتا تھا۔تو آپ نے فرمایا پھر تو بھی اس کے ساتھ احسان کر۔ کیونکہ تو جو کام بھی کرے گی وہ عمر بن اوس کے پاس آئے گا میں نے کہا کیا مردوں کے پاس زندوں کی خبریں آتی ہیں۔آپ نے فرمایا ہاں کوئی آدمی جس کے قریبی رشتہ دار ہوں تو اس کے پاس اس کے اقارب کی خبریں آتی ہیں۔ پھر اگر اچھی خبریں ہوں تو وہ خوش ہوتا ہے اور اس کو مبارکیں ملتی ہیں اور اگر شر کی خبریں ہوں تو وہ غمگین ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اس سے کسی آدمی کے متعلق پوچھتے ہیں جو مر چکا ہو تو انہیں کہا جائیگا۔ کیا وہ تمہارے پاس نہیں آیا؟ تو وہ کہتے ہیں نہیں آیا۔ یقیناً وہ دوسرے راستہ سے ہاویہ میں گر گیا ہے۔

فوت شدہ والدین کا اولاد پر حق

اور ابو نعیم نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا جس کے ساتھ تیرا باپ صلہ رحمی کرتا تھا تو بھی اس کے ساتھ صلہ رحمی کر۔ کیونکہ میت کے ساتھ صلہ رحمی یہ ہے کہ جس کے ساتھ تیرا باپ صلہ رحمی کرتا تھا تو بھی اس کے ساتھ صلہ رحمی کرے۔ اور ابن حبان نے ابن عمر سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ جو شخص چاہے کہ وہ قبر میں اپنے باپ کے ساتھ صلہ رحمی کرے تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنے باپ کے بھائیوں کے ساتھ باپ کے بعد بھی صلہ رحمی کرے۔ اور ابن حبان اور ابو داؤد کی، ابو اسید سے روایت ہے۔ آپ نے فرمایا ایک مرد نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ کیا میرے ذمہ ماں باپ کے مرنے کے بعد بھی ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کی کوئی شئے باقی ہے جو میں ادا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں ان کے لیے دعا اور استغفار کرنا اور ان کا کیا ہوا وعدہ پورا کرنا اور ان کے دوستوں کی عزت کرنا اور ان لوگوں کے ساتھ صلہ رحمی کرنا جن

کے ساتھ تیری رشتہ داری صرف ان کے ذریعے سے ہے۔

قرض کا آخرت میں وبال

اور ترمذی وغیرہ نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ مومن کی جان اپنے قرض کے ساتھ لٹکی ہوئی ہے جب تک کہ اس کی طرف سے قرض ادا نہ کیا جائے ۔اور احمد وغیرہ نے حضرت جابر سے روایت کی ہے کہ ایک مرد فوت ہوا۔اس پر دو دینار قرض تھا۔حضور ﷺ نے اس پر جنازہ پڑھنے سے انکار کر دیا پھر ابو قتادہ نے وہ قرض اپنے ذمے لے لیا تو حضور ﷺ نے اس پر نماز پڑھائی ۔پھر ایک دن کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا تم نے دو دیناروں کا کیا کیا؟ ابو قتادہ نے عرض کی رات کو وہ فوت ہوئے تھے تو صبح کو میں نے وہ دینار ادا کر دیئے تھے۔تو آپ ﷺ نے فرمایا اب تو نے اس کے جسم کو راحت پہنچائی ہے۔اور احمد نے سعد بن اطول سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا میرا باپ فوت ہو گیا اور وہ تین سو درہم اور بال بچہ اور قرض چھوڑ گیا۔میں نے ارادہ کیا کہ اس کے بال بچے پر خرچ کروں تو حضور ﷺ نے فرمایا تیرا باپ اپنے قرض کی وجہ سے قید میں ہے لہٰذا پہلے اس کا قرض ادا کر۔اور طبرانی نے براء سے مرفوعا روایت کی ہے کہ مقروض آدمی اپنے قرض کی وجہ سے قید ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف اپنی تنہائی کی شکایت کرتا ہے۔اور احمد نے حضرت انس سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا ہم نبی کریم ﷺ کے پاس تھے کہ ایک مرد لایا گیا تا کہ آپ اس پر جنازہ پڑھائیں۔فرمایا کیا تمہارے ساتھی پر قرض ہے؟ انہوں نے عرض کیا ہاں۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔تمہیں کیا فائدہ کہ میں اس آدمی کا جنازہ پڑھاؤں جس کا روح قبر میں گروی ہے۔اور اس کا روح آسمان کی طرف نہیں جاتا۔اگر کوئی مرد اس کے قرض کا ضامن ہو تو میں ابھی کھڑا

ہوتا ہوں اور اس کا جنازہ پڑھتا ہوں۔ پھر اس کو میری نماز نفع دے گی۔ اور احمد کی سمرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی اور فرمایا کیا بنی فلاں کا کوئی آدمی یہاں ہے؟ تمہارا ایک صاحب جنت کے دروازہ پر اپنے قرض کی وجہ سے روک دیا گیا ہے۔ اگر چاہو تو اس کا قرض ادا کردو۔ اور اگر چاہو تو اس کو عذاب کے سپرد کردو۔ اور ابو الشیخ نے قیس بن قبیصہ سے مرفوعاً روایت کی ہے آپ نے فرمایا جس نے قرض کے متعلق وصیت نہ کی اس کو مردوں کے ساتھ کلام کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ عرض کی گئی یارسول اللہ ﷺ کیا مردے آپس میں کلام کرتے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ ہاں اور ایک دوسرے سے ملتے بھی ہیں۔

زندوں کی روحوں کی آپس میں ملاقات

اور ابن مندہ نے اپنی اسناد کے ساتھ سعید بن جبیر سے۔ انہوں نے ابن عباس سے **اللہ یتوفی الانفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا** کے متعلق بیان فرمایا کہ نیند میں زندہ لوگوں کی روحیں اور مردوں کی روحیں آپس میں ملتی ہیں اور وہ آپس میں سوال وجواب کرتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ مردوں کی روحیں روک لیتا ہے اور زندوں کی روحیں ان کے جسموں کی طرف لوٹا دیتا ہے۔ اور ابن ابی حاتم نے سدی سے روایت کی ہے کہ آپ نے **والتی لم تمت فی منامھا** کے متعلق فرمایا۔ ان کی نیند ہی میں ان کی روحیں قبض کرتا ہے۔ پھر مردوں اور زندہ لوگوں کی روحیں آپس میں ملتی ہیں۔ اور آپس میں مذاکرات کرتی ہیں۔ اور باہمی تعارف کرتی ہیں پھر زندہ کی روح دنیا میں اپنے جسم کی طرف اپنی دنیا کی باقی زندگی تک کے لئے آجاتی ہے اور میت کی روح بھی اپنے جسم کی طرف لوٹ جانا چاہتی ہے تو وہ اس کو تلاش کرتی ہے۔ اور حاکم نے مستدرک میں اور اس

کے سوا اوروں نے بھی کثیر بن صلت سے روایت کی ہے کہ روز شہادت حضرت عثمان کو غنودگی آئی۔ جب آپ بیدار ہوئے تو فرمایا میں نے اپنی اس نیند میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جمعہ کے دن تم ہمارے پاس آجاؤ گے۔حاکم نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے صبح کے وقت ہمیں بتایا کہ میں نے آج رات نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا ہے۔اے عثمان ہمارے پاس آکر افطار کرنا تو حضرت عثمان نے روزہ رکھ لیا اور اسی دن آپ شہید ہوگئے۔اور حاکم نے حسین بن خارجہ سے روایت کیا۔آپ نے فرمایا جب پہلا فتنہ آیا مجھ پر اس کا سمجھنا مشکل ہوگیا۔میں نے دعا کی اے اللہ مجھے امر حق دکھادے۔تاکہ میں اس کو تھام لوں۔تو مجھے خواب میں دنیا اور آخرت دکھائی گئی۔ان دونوں کے درمیان ایک دیوار تھی جو زیادہ لمبی نہیں تھی اور میں اس کے نیچے تھا۔میں نے کہا اگر میں اس دیوار سے نیچے جاؤں تو اشجع کے مقتولوں کو دیکھوں۔تو وہ مجھے خبر دیں۔پھر میں ایسی زمین پر اترا جو شجر دار تھی۔وہاں کچھ آدمی بیٹھے ہوئے تھے۔میں نے کہا کیا تم شہداء ہو۔تو انہوں نے کہا ہم ملائکہ ہیں۔میں نے کہا شہداء کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا سیڑھیوں کی طرف چلیں۔پھر میں ایک درجہ بر چڑھا۔اللہ ہی اس کے حسن اور اس کی وسعت کو جانتا ہے۔وہاں میں نے حضور ﷺ کو دیکھا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام ایک شیخ کی شکل میں ہیں حضور ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے فرماتے ہیں کہ میری امت کے لئے استغفار فرمائیں ۔ابراہیم علیہ السلام فرماتے ہیں آپ جانتے نہیں ہیں کہ انہوں نے آپ کے بعد کیا کیا؟ انہوں نے اپنے لوگوں کے خون بہائے اور اپنے امام کو قتل کیا۔پس انہوں نے اس طرح کیوں نہ کیا جس طرح میرے دوست سعد نے کیا تھا۔میں نے کہا میں نے جو خواب

دیکھا ہے امید ہے اللہ تعالیٰ مجھے اس سے نفع دے گا۔ اب ہی سعد کے پاس جا کر ان کی کیفیت معلوم کرتا ہوں پھر میں سعد کے پاس گیا اور اپنا واقعہ بیان کیا تو وہ بہت خوش ہوئے اور فرمایا وہ خسارہ میں ہے جس کے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام نہ ہوں۔ میں نے کہا آپ دونوں گروہوں میں سے کس کے ساتھ ہیں؟ فرمایا میں تو کسی گروہ کے ساتھ بھی نہیں ہوں۔ میں نے کہا تو آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا کیا تیرے پاس بکریاں ہیں؟ میں نے کہا نہیں۔ آپ نے فرمایا پھر کوئی شئے خرید لو اور اس میں رہو۔ یہاں تک کہ فتنہ فرو ہو جائے۔

حضور ﷺ مقتل حسین میں

اور حاکم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ رو رہے ہیں اور آپ ﷺ کے سر مبارک پر اور داڑھی مبارک پر غبار پڑا ہوا ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا بات ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا میں ابھی ابھی حضرت حسین علیہ السلام کا مقتل دیکھ کر آیا ہوں۔

فوت شدہ کا خبر دینا اور وصیت کرنا

اور ابو نعیم وغیرہ نے عطاء خراسانی سے روایت کی ہے کہ مجھ سے حدیث بیان کی ثابت بن قیس بن شماس کی بیٹی نے۔ کہ جناب ثابت بنانی یمامہ کے دن شہید ہو گئے اور ان پر ایک نفیس چادر تھی۔ مسلمانوں میں سے ایک مرد گزرا۔ اور اس نے ان کی وہ چادر لے لی تو ایک مسلمان سویا ہوا تھا کہ۔ ثابت اس کے پاس آئے اور اس کو کہا کہ میں تجھے ایک وصیت کرتا ہوں۔ خبردار یہ نہ کہنا کہ یہ تو خواب ہے۔ پھر اس کو تو ضائع کر دے۔ میں کل جب شہید ہوا تو ایک مسلمان مرد میرے پاس سے گزرا۔ اس نے میری چادر لے لی ہے۔

وہ لوگوں کے آخر میں اترا ہے۔ اس کے خیمہ کے پاس گھوڑا ہے۔ جس کو لمبائی میں زیور ڈالا ہوا ہے اور اس نے چادر پر ہانڈی رکھ دی ہے اور ہانڈی کے اوپر کجاوہ ہے۔ پس تو حضرت خالد کے پاس جا اور ان کو کہو کہ میری چادر یا میری زرہ اس سے لے لیں۔ اور جب تو مدینہ منورہ جائے تو خلیفہ رسول اللہ حضرت ابو بکر الصدیق کو کہنا کہ مجھ پر اتنا قرض ہے۔ اور میرا فلاں فلاں غلام آزاد ہے۔ پھر وہ مرد حضرت خالد کے پاس گیا اور ان کو خواب والی بات کی خبر دی تو آپ نے درع کی طرف ایک آدمی بھیجا اور وہ زرہ منگالی ۔ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خواب والی ان کی وصیت بتائی تو آپ نے ان کی وصیت نافذ فرمادی۔ راوی نے کہا ہے کہ ہمیں کسی کے مرنے کے بعد اس کی وصیت کو جائز قرار دینا معلوم نہیں، سوائے حضرت ثابت کے۔

میت کے لئے صدقہ کا فائدہ

اور حاکم نے معمر سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا مجھ سے میرے ایک شیخ نے حدیث بیان کی کہ ایک عورت امہات المومنین میں سے کسی کے پاس حاضر ہوئی اور اس نے کہا کہ آپ دعا فرمائیں کہ میرا ہاتھ آزاد ہو جائے۔ انہوں نے فرمایا تیرے ہاتھ کو کیا ہے؟ اس نے کہا میرے ماں باپ تھے۔ اور میرا باپ بڑا دولت مند تھا اور نیکیاں کرنے والا تھا اور میری ماں کے پاس ان چیزوں میں سے کچھ بھی نہ تھا۔ میرے خیال میں میری ماں نے کوئی بھی صدقہ نہیں کیا سوائے اس کے کہ ہم نے ایک گائے کی قربانی کی تھی تو اس نے اس کی چربی ایک مسکین کو دی تھی اور اس کو کپڑا بھی پہنایا تھا۔ پھر میری ماں فوت ہوگئی اور میرا باپ بھی فوت ہوگیا۔ میں نے خواب میں اپنے باپ کو دیکھا کہ وہ ایک نہر پر ہے اور لوگوں کو پانی پلا رہا ہے میں نے کہا ابا جی آپ نے میری ماں کو بھی دیکھا ہے؟ اس نے کہا

میں نے تو نہیں دیکھا۔ پھر میں نے ماں کو تلاش کرنا شروع کر دیا۔ تو میں نے وہ ایک جگہ پر اس حال میں کھڑی ہوئی دیکھی کہ اس ایک کپڑے کے سوا اس پر کچھ بھی نہیں تھا اور اس کے ہاتھ میں وہ چربی ہے۔ وہ اس کو دوسرے ہاتھ پر مارتی ہے پھر اس کے اثر کو چوستی ہے اور کہتی ہے ہائے پیاس۔ میں نے کہا اے میری ماں کیا میں تجھے پانی نہ پلاؤں؟ اس نے کہا ہاں۔ پھر میں اپنے باپ کے پاس گئی۔ وہاں سے میں نے پانی سے بھرا ہوا ایک برتن اٹھایا اور لے جا کر ماں کو پلا دیا۔ وہاں جو لوگ کھڑے تھے ان میں سے بعض نے مجھے متنبہ کیا اور کہا کہ کس نے اس کو پانی پلایا ہے؟ اللہ تعالیٰ اس کا ہاتھ شل کر دے۔ پھر میں بیدار ہوئی تو میرا ہاتھ شل ہو چکا تھا۔

سچے اور جھوٹے خوابوں کا سبب

اور حاکم نے مستدرک میں اور دوسرے محدثین نے بھی حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر، حضرت علی رضی اللہ عنہما سے ملے اور کہا اے ابوالحسن آدمی خواب دیکھتا ہے تو کبھی وہ سچی ہوتی ہے اور کبھی جھوٹی۔ تو آپ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کوئی بھی مرد ہو عورت۔ جب نیند سے بھر جاتے ہیں تو ان کی روحوں کو عرش کی طرف اوپر چڑھایا جاتا ہے۔ تو جو روح عرش تک جانے سے پہلے نہ جاگے اس کی خواب سچی ہوتی ہے۔ اور جو عرش تک پہنچنے سے پہلے جاگ پڑے تو اس کی وہ خواب جھوٹی ہوتی ہے۔ اور ابن مندہ نے اپنی سند کے ساتھ سالم بن عبداللہ سے اور انہوں نے اپنے باپ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا۔ حضرت عمر، حضرت علی رضی اللہ عنہما سے ملے اور فرمایا اے ابوالحسن کبھی آپ موجود ہوتے ہیں اور میں غائب ہوتا ہوں۔ اور کبھی میں موجود ہوتا ہوں اور آپ غائب

ہوتے ہیں۔ تین چیزوں کے بارہ میں میں آپ سے سوال کرتا ہوں کیا آپ کے پاس ان کے بارہ میں کوئی علم ہے؟ آپ نے فرمایا وہ کون سی چیزیں ہیں؟ حضرت عمر نے فرمایا بعض دفعہ آدمی ایک شخص سے محبت کرتا ہے لیکن اس سے کوئی بھلائی نہیں دیکھتا اور بعض دفعہ آدمی کسی سے بغض رکھتا ہے اور اس سے کوئی شر نہیں دیکھتا۔ اس میں کیا حکمت ہے تو آپ نے فرمایا ہاں میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ ارواح ایک ایسا لشکر ہے جو گروہ در گروہ ہیں۔ اور وہ ہوا میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو ایک دوسرے کو سونگھتے ہیں تو جن کا آپس میں تعارف ہو جائے ان کی آپس میں محبت ہو جاتی ہے اور جن کی آپس میں پہچان نہ ہو سکے ان میں اختلاف ہو جاتا ہے۔ حضرت عمر نے کہا ایک بات تو ہو گئی۔ پھر حضرت عمر نے فرمایا کہ آدمی ایک بات بیان کرتا ہے تو اچانک بھول جاتا ہے اور بعض دفعہ بھولی ہوئی بات اچانک یاد آ جاتی ہے۔ اس کی کیا وجہ ہوتی ہے۔ تو حضرت علی نے فرمایا ہاں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ کوئی بھی دل ہو اس کے لئے ایک بادل ہوتا ہے۔ جیسے کہ چاند کے لئے بادل ہوتے ہیں۔ تو کبھی چاند چمک رہا ہوتا ہے اور اچانک اس کو بادل ڈھانپ لیتا ہے تو وہ بے نور ہو جاتا ہے۔ جب بادل دور ہو جاتا ہے تو چاند روشن ہو جاتا ہے۔ اسی طرح روح کوئی بات یاد رکھتا ہے اور جب اس پر بادل آ جاتا ہے تو وہ بھول جاتا ہے۔ جب بادل دور ہو جاتا ہے تو اس کو وہ بات یاد آ جاتی ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا دو باتیں ہو گئیں۔ پھر آپ نے کہا کہ آدمی جو خواب دیکھتا ہے اس کی کیا وجہ ہے۔ تو آپ نے حسب سابق جواب دیا۔ حضرت عمر نے فرمایا میں تین چیزوں کی طلب میں تھا الحمد للہ کہ مرنے سے پہلے مجھے ان تینوں کے صحیح جواب مل گئے۔ اور ابن ابی طلحہ سے ایک اور وجہ سے بھی روایت کی گئی ہے کہ حضرت عمر

سے ابن عباس نے سوال کیا کہ آدمی کس وجہ سے بھول جاتا ہے اور کس وجہ سے آدمی کو بات یاد آجاتی ہے؟ پس آپ نے پہلے مضمون کے مطابق ذکر کیا۔ اور کس وجہ سے خوابیں سچی ہوتی ہیں اور کس وجہ سے جھوٹی ہوتی ہیں؟ تو آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے **الله یتوفی الانفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا**۔ پس ان میں سے جو ملکوت السماء میں داخل ہوا تو اس کی خواب تو سچی ہوتی ہے۔ اور جو ملکوت السماء سے نیچے رہا تو اس کی خواب جھوٹی ہوتی ہے۔ اور ابن ابی حاتم نے اپنی سند کے ساتھ سلیم بن عامر سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر نے حضرت علی سے فرمایا مجھے آدمی کے ایسے خواب سے تعجب ہوتا ہے کہ وہ رات کو ایک ایسی چیز دیکھتا ہے جس کا خطرہ بھی کبھی اس کے دل میں نہیں آیا ہوتا۔ پھر وہ اس طرح ہوتی ہے جیسے کوئی چیز ہاتھ میں پکڑی ہوئی ہوتی ہے۔ اور دوسرا آدمی خواب دیکھتا ہے تو وہ کچھ بھی نہیں ہوتا۔ حضرت علی نے فرمایا امیر المومنین کیا میں آپ کو اس کی خبر نہ دوں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **الله یتوفی الانفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا**۔ پس اللہ تعالیٰ تمام جانیں قبض کرتا ہے تو جس نے خواب اس حال میں دیکھی کہ وہ جان اس کے پاس آسمان میں ہے تو وہ خواب سچی ہے اور جس نے خواب اس حال میں دیکھی۔ جب ان کو ان کے جسموں کی طرف بھیجا جاتا ہے تو ہوا میں شیاطین ان سے ملتے ہیں تو وہ باطل چیزوں کی ان کو خبر دیتے ہیں اور اس میں جھوٹ بولتے ہیں۔ اور وہ اس خواب کو جھوٹا بنا دیتے ہیں۔ ابن مندہ نے کہا یہ حدیث صفوان وغیرہ سے بھی مشہور ہے یعنی جو سلیم سے روایت لی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابودرداء سے روایت کی گئی ہے کہ جب آدمی سو جاتا ہے تو اس کا روح بلندی پر جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کو عرش تک لایا جاتا ہے۔ پھر اگر وہ پاک ہو تو اس کو سجدہ کرنے کا اذن دیا جاتا ہے اور

اگر وہ حالت جنابت میں ہوتو اس کو سجدہ کی اجازت نہیں ہوتی۔ اور ابن مبارک نے بھی اس کو روایت کیا ہے اور بیہقی نے بھی ابن عمر سے اس کے معنی کی روایت بیان کی ہے۔ اس میں یہ ہے کہ جو پاک نہ ہوتو وہ عرش سے دور سجدہ کرتا ہے۔ اور عکرمہ اور مجاہد نے کہا ہے کہ جب آدمی سو جاتا ہے اور اس کا ایک ذریعہ ہوتا ہے جس میں روح جاری ہوتا ہے اور اس کا اصل تو جسم میں ہی ہوتا ہے۔ تو جہاں جہاں اللہ چاہے وہ روح جاتا ہے جب تک روح کہیں گیا ہوا ہوگا آدمی سوتا رہے گا اور جب وہ واپس آئے گا تو آدمی بیدار ہو جائے گا۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسا کہ سورج کی شعاع۔ کہ وہ تو زمین پر پڑتی ہے۔ حالانکہ اس کی اصل تو سورج کے ساتھ متصل ہوتی ہے۔

نوحے پر میت کو عذاب

اور طبرانی نے روایت کی ہے کہ آپ نے ابن عمرو سے فرمایا۔ عبداللہ بن رواحہ کو غشی ہو گئی۔ تو ان پر رونے والی عورتیں کھڑی ہو گئیں۔ پھر ان پر رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ تو اس وقت تک ان کو افاقہ ہو چکا تھا۔ انہوں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ مجھ پر غشی طاری ہو گئی تھی تو عورتوں نے چیخنا شروع کر دیا۔ ہائے مصیبت۔ ہائے اے پہاڑ۔ تو ایک فرشتہ کھڑا ہو گیا جس کے ساتھ لوہے کی سلاخ تھی جس کو فرشتہ نے میرے دونوں پاؤں کے درمیان رکھ دیا اور کہا کیا تو اسی طرح ہے جس طرح یہ عورت کہہ رہی ہے؟ میں نے کہا نہیں۔ اگر میں ہاں کہتا تو وہ مجھے اس کے ساتھ مارتا۔ اور حاکم نے اپنی تصحیح کے ساتھ نعمان سے روایت کی ہے کہ ابن رواحہ کو غشی ہو گئی تو اس کی بہن عمرہ رونے لگی۔ ہائے زندگی۔ ہائے ایسے ایسے۔ وہ اس پر واویلا کر رہی تھی۔ افاقہ ہونے کے بعد انہوں نے کہا تو نے جو بھی کہا مجھے کہا گیا۔ کیا تو ایسا ہی ہے۔ اور ابن ابی شیبہ وغیرہ نے

قبلہ بنت مخرمہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اپنے فوت شدہ بیٹے کا تذکرہ کیا۔ پھر وہ رونے لگیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا ایک آدمی تم میں سے یہ نہیں کرسکتا کہ اپنے ساتھی کے ساتھ دنیا میں بھلائی کرے کہ جب وہ فوت ہو جائے۔ تو انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھے اس ذات پاک کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے تمہارا کوئی آدمی روتا ہے تو اس کا فوت ہونے والا ساتھی غمزدہ ہوتا ہے۔ اپنے مردوں کو عذاب نہ دو۔ اور سعید نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ انہوں نے ایک جنازہ میں عورتوں کو دیکھا تو آپ نے فرمایا بی بیو واپس لوٹ جاؤ۔ گناہ گار ہونے والی ہو۔ اجر حاصل کرنے والی نہیں ہو۔ تم زندوں کو فتنہ میں ڈالتی ہو اور مردوں کو تکلیف دیتی ہو۔ اور دیلمی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعا روایت کی ہے کہ جو چیز میت کو اپنے گھر میں تکلیف دیتی ہے وہ اس کو قبر میں بھی تکلیف دیتی ہے۔ ابن معین نے حسن سے روایت کی ہے کہ لوگوں میں سے میت کے لئے وہ رشتہ دار بہت برے ہیں جو اس کے لئے روتے تو ہیں لیکن اس کا قرض ادا نہیں کرتے۔ اور ابن مسعود سے روایت ہے کہ آپ سے سوال کیا گیا کہ قبر پر بیٹھنا کیسا ہے؟ آپ نے فرمایا جس طرح میں مومن کو اس کی زندگی میں تکلیف دینا ناپسند کرتا ہوں۔ اسی طرح اس کی موت کے بعد بھی اس کو تکلیف دینا ناپسند کرتا ہوں۔ سعید نے بھی یہ روایت کی ہے۔ اور ابن ابی شیبہ نے آپ سے ہی روایت کی ہے کہ مومن کے مرنے کے بعد اس کو تکلیف دینا اسی طرح ہی ہے جیسا کہ اس کو زندگی میں تکلیف دینا ہے۔

میت سے حیا کرنا

اور ابن ابی الدنیا نے سلیم بن عمیر سے روایت کی ہے کہ وہ ایک مقبرہ میں سے گزرے اور

آپ نے پیشاب روکا ہوا تھا آپ سے کہا گیا کہ یہاں آپ اترتے تو پیشاب کر لیتے۔
آپ نے فرمایا سبحان اللہ۔ اللہ کی قسم میں مردوں سے اسی طرح حیا کرتا ہوں جس
طرح کہ زندوں سے حیا کرتا ہوں۔ اور ابن ابی شیبہ اور حاکم نے عقبہ بن عامر صحابی سے
روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا میں اگر آگ کے انگارے پر یا تلوار کی دھار پر گزروں
یہاں تک کہ میرا پاؤں ضائع ہو جائے تو یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس بات سے کہ مسلمان کی
قبر پر سے گزروں۔ میرے نزدیک قبروں کے درمیان قضائے حاجت کرنا ایسا ہی ہے
جیسا کہ بازار میں لوگوں کے سامنے قضائے حاجت کرنا۔ اور ابن ماجہ نے بھی یہ حدیث
مرفوعا روایت کی ہے۔ اور طبرانی اور حاکم نے عمارہ بن حزم سے روایت کی ہے کہ مجھے
رسول اللہ ﷺ نے قبر پر بیٹھے ہوئے دیکھا تو فرمایا۔ قبر پر بیٹھنے والے قبر سے اتر جا۔
صاحب قبر کو ایذا نہ دے۔ تاکہ وہ بھی تجھے ایذا نہ دے۔ اور ابو نعیم نے ابو سعید سے مرفوعا
روایت کی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندے کا روح قبض کرتا ہے تو اس کو دو فرشتے
آسمان کی طرف لیجاتے ہیں۔ تو وہ عرض کرتے ہیں اے اللہ تو نے ہمیں اپنے مومن بندہ
پر مقرر کیا ہے۔ اس کے عمل قبض کرنے کے ساتھ۔ تو ہم اس کو قبض کر کے تیری طرف
لائے ہیں۔ تو اب ہمیں بھی آسمان میں رہنے کی اجازت عطا فرما۔ تو حکم ہوگا کہ میرا
آسمان میرے فرشتوں سے پر ہے اور وہ میری تسبیح کرتے ہیں۔ لیکن تم دونوں میرے اس
بندے کی قبر پر کھڑے ہو جاؤ اور قیامت تک وہاں پر میری تسبیح تہلیل اور تکبیر کہتے رہو اور
اسکا ثواب میرے اس بندے کے لئے لکھ دو۔ اور اس حدیث کو ابن ابی الدنیا وغیرہ نے
انس کی روایت سے بھی بیان کیا ہے۔ اور ابو نعیم وغیرہ نے ثابت بنانی سے روایت کی ہے
۔ آپ نے فرمایا جب میت کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے تو اس کے اعمال صالحہ اس کو گھیر لیتے

ہیں۔جب عذاب کا فرشتہ وہاں آتا ہے تو اس کے اعمال میں سے بعض عمل اس فرشتہ کو کہتے ہیں یہاں سے چلا جا۔اگر میرے بغیر اس کا اور کوئی عمل بھی نہ ہوتا تو پھر بھی تو اس تک نہ پہنچ سکتا۔اور بزار اور حاکم نے حضرت انس سے مرفوعا روایت کی ہے کہ ہر انسان کے تین دوست ہوتے ہیں۔ایک دوست تو وہ ہے جو کہتا ہے کہ جو تو نے خرچ کیا پس وہ تیرے لئے ہے اور جو تو نے روک رکھا ہے وہ تیرے لئے نہیں ہے۔پس یہ اس کا مال ہے۔اور ایک دوست وہ ہے جو کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں اور جب تو بادشاہ کے دروازہ پر جائے گا تو میں تجھے چھوڑ دونگا اور میں واپس لوٹ جاؤں گا پس یہ اس کے گھر والے اور نوکر چاکر ہیں۔اور ایک ایسا دوست ہے جو کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں جہاں بھی تو داخل ہوگا اور جہاں بھی تو نکلے گا۔پس یہ اس کا عمل ہے۔پس انسان کا عمل کہے گا کہ میں اس کے تینوں دوستوں میں سے اس پر آسانی کرنے والا ہوں۔اور شیخین نے حضرت انس سے مرفوعا روایت کی ہے کہ جب آدمی مر جاتا ہے تو اس کے پیچھے تین چیزیں جاتی ہیں۔پھر دو تو واپس آجاتی ہیں۔اور ایک اس کے پاس باقی رہتی ہے۔اور ابن مندہ نے عمرو بن مرہ سے روایت کی ہے۔آپ نے فرمایا جب کوئی قرآن کا حافظ انسان اپنی قبر میں داخل ہوتا ہے۔تو اس کے شمال کی طرف سے ایک عذاب کا فرشتہ آجاتا ہے تو قرآن پاک اس کے سامنے آجاتا ہے اور اس کی حفاظت کرتا ہے۔اور تو فرشتہ کہتا ہے کہ میرے ساتھ تیرا کیا تعلق ہے۔اللہ کی قسم یہ تیرے ساتھ (کما حقہ) عمل نہیں کرتا تھا۔تو قرآن کہے گا۔کیا میں اسکے پیٹ میں نہیں تھا؟ تو قرآن اسی طرح جھگڑا کرتا رہے گا یہاں تک کہ وہ اپنے ساتھی کو نجات دلا دے گا۔اور مسلم نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ جب آدمی مر جاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے مگر تین کام باقی رہتے ہیں۔

(1) صدقہ جاریہ۔ (2) اور وہ علم جس سے لوگوں کو نفع ہو۔ (3) اور نیک بیٹا جو اس کے لئے دعا کرتا ہے۔ اور احمد نے ابو امامہ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ چار آدمیوں کے عمل ان کی موت کے بعد بھی جاری رہتے ہیں۔ ایک تو وہ شخص جو اللہ کے راستہ میں سرحد اسلام پر پہرا دیتا رہا اور باقی تین شخص پہلی حدیث والے ہی ہیں۔ اور مسلم کی حدیث میں ان لوگوں میں وہ شخص بھی شامل ہے۔ جس نے کوئی اچھا طریقہ نکالا۔ (بدعت حسنہ) اور یا کوئی برا طریقہ نکالا (بدعت سیئہ) اور ابن خزیمہ نے ابو ہریرہ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ آدمی کو جو نیکیاں اس کے مرنے کے بعد پہنچتی ہیں۔ ان میں اس کا علم ہے۔ جو اس نے پھیلایا۔ یا نیک بیٹا جو اس کے لئے دعا کرتا ہے۔ یا قرآن مجید جو اس نے ورثہ میں چھوڑا۔ یا کوئی مسجد جو اس نے بنوائی ہو۔ یا اس نے کوئی مسافر خانہ بنوایا ہو۔ یا اس نے کوئی نہر جاری کی ہو۔ یا وہ صدقہ جو اس نے اپنی صحت کی حالت میں اپنے مال سے نکالا ہو۔ اس کا ثواب اس کو موت کے بعد بھی پہنچے گا۔ اور ابو نعیم نے انس کی حدیث میں روایت کیا ہے کہ سات چیزوں کا اجر آدمی کے مر جانے کے بعد بھی جاری رہتا ہے (1) جس نے لوگوں کو علم پڑھایا ہو (2) یا نہر جاری کی ہے (3) یا کنواں کھودیا ہو (4) یا باغ لگایا ہو (5) یا مسجد بنوائی ہو (6) یا قرآن مجید ورثہ میں چھوڑا ہو (7) یا اپنے بعد ایسی اولاد چھوڑی ہو جو اس کے لئے استغفار کرتی ہو۔ اور طبرانی نے ثوبان سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ میں نے پہلے تمہیں قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا تھا۔ لیکن اب حکم یہ ہے کہ قبروں کی زیارت کیا کرو۔ اور اپنی زیارت کو ان کے لئے دعا اور استغفار کا ذریعہ بناؤ۔ اور ابو نعیم نے ابن طاؤس سے روایت کی ہے کہ میں نے اپنے والد سے پوچھا۔ میت کے پاس کون سی شے کہنا افضل ہے۔ آپ نے فرمایا ان کے لئے

استغفار کرنا۔اور بیہقی نے اپنی سنن میں ابو ہریرہ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے عبد صالح کے لئے جنت میں درجہ بلند کرتا ہے۔پس وہ عرض کرتا ہے یا اللہ یہ میرے درجہ کی بلندی کی وجہ سے ہوئی ہے؟ پس اس کو کہا جائے گا کہ تیرے بیٹے نے تیرے لئے دعا کی ہے۔اس دعا کی وجہ سے تیرا درجہ بلند ہوا ہے۔اور بخاری نے بھی ادب المفرد میں اس کو مرفوعا روایت کیا ہے۔اور بیہقی وغیرہ نے ابن عباس سے سے مرفوعا روایت کیا ہے کہ میت قبر میں ڈوبتے ہوئے اور مدد کیلئے فریاد کرنے والے شخص کی طرح ہوتی ہے۔وہ انتظار کرتی ہے کہ اس کے ماں، باپ، بیٹے یا کسی دوست کی طرف سے اس کو کوئی دعا پہنچے۔پس جب اس کو کوئی دعا پہنچتی ہے۔تو وہ اس کو دنیا و مافیھا سے زیادہ محبوب ہوتی ہے ۔بے شک اللہ تعالیٰ اہل قبور پر زمین والوں کی دعا۔پہاڑوں کی مانند بنا کر داخل کرتا ہے ۔اور بیشک زندہ لوگوں کا ہدیہ اموات کے لئے یہی ہے کہ ان کی مغفرت کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے۔اور حسین بن علی الحافظ نے کہا کہ یہ حدیث ابن مبارک سے اہل خراسان کے نزدیک واقع نہیں ہوئی۔اور ابن ابی شیبہ نے حسن بصری سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا۔ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ ابن آدم کی کتاب میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے دو چیزیں ایسی ہیں جن کو میں نے تیرے لئے کیا۔حالانکہ وہ تیرے لئے نہیں تھیں ۔(1) اپنے مال میں وصیت کرنا۔حالانکہ وہ غیر کا ملک بن چکا ہے۔(2) اور تیرے حق میں مسلمانوں کی دعا۔حالانکہ تو اب اس مقام پر ہے کہ تجھے اس مقام میں کسی شے سے منا یا نہیں جائے گا اور تیری نیکی میں اب اضافہ نہیں ہوگا۔اور دارمی نے اپنی مسند میں ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ چار چیزیں آدمی کو مرنے کے بعد دی جاتی ہیں (1) اپنے مال کا تیسرا حصہ جب کہ وہ اس سے پہلے مال کے معاملہ میں مطیع ہو(2) اور ولد صالح

جواس کی موت کے بعداس کے لئے دعا کرے۔(3) اورکوئی اچھاطریقہ(بدعت حسنہ)جوکوئی انسان جاری کرے اوراس کی موت کے بعدبھی اس پرعمل کیا جائے(4)اورسو آدمی جب کسی (مومن) میت کی شفاعت کریں توان کی شفاعت اس کےحق میں قبول ہوگی۔اورطبرانی نے ابن عمرو سے مرفوعا روایت کی ہے کہ جب کوئی آدمی نفلی صدقہ کرے۔تو اسے چاہیے کہ وہ اسے اپنے والدین کی طرف سے صدقہ کرے۔کیونکہ یہ صدقہ ان کے لئے اجر بنے گا اوراس کے اجر سے بھی کمی نہیں کی جائے گی۔اورابن ابی شیبہ نے ابوجعفر سے روایت کی ہے کہ حسنین کریمین۔حضرت علی المرتضٰی کی وفات کے بعدان کی طرف سے غلام آزادکیا کرتے تھے۔ابن ابی شیبہ نے حجاج بن دینار سے مرفوعا روایت کی ہے کہ نیکی کے بعد نیکی یہ ہے کہ اپنی نماز کے ساتھ اپنے ماں باپ کی طرف سے بھی نماز پڑھ۔اوراپنے صدقہ کے ساتھ اپنے ماں باپ کی طرف سے بھی صدقہ کر۔ اورسعدزنجانی نے ابوہریرہ سے مرفوعاروایت کی ہے کہ جوشخص قبرستان میں داخل ہو۔پھر وہ سورۃ فاتحہ پڑھےاورقل ھو اللہ احد اور الھاکم التکاثر پڑھے۔پھرکہے۔میں نے جوکچھ پڑھا ہے اس کا ثواب میں نے اہل مقابر کے لئے کردیا ہے۔تواہل قبوراللہ تعالٰی کی بارگاہ میں اس کے شفیع ہوں گے۔عبدالعزیز صاحب الخلال نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انس سے مرفوعاروایت کی ہے کہ جوشخص مقابرمیں داخل ہوااوراس نے سورہ یٰسین پڑھی تواللہ تعالٰی اہل قبورکاعذاب ہلکا کردے گا اورمردوں کی تعداد کے برابراس کی نیکیاں لکھی جائیں گی۔اورابونعیم نے ابن مسعود سے مرفوعاروایت کیا ہے کہ جس کی موت رمضان المبارک کے گذرنے کے وقت ہوتو انشاءاللہ وہ جنت میں داخل ہوگا۔اورجس کی موت عرفہ گزرنے کے موافق ہوئی وہ بھی انشاءاللہ جنت میں داخل ہوگا۔اوراحمد نے

حذیفہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص لاالہ الااللہ۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے پڑھے اور اسی پر ہی اس کا خاتمہ ہوا وہ انشاء اللہ جنت میں داخل ہو گا۔ اور جس نے ایک دن روزہ رکھا محض اللہ کی رضا کے لئے اور اس کا خاتمہ بھی اس کے مطابق ہوا تو وہ جنت میں جائے گا اور جس نے ایک دن صدقہ کیا اللہ کی رضا کے لئے اور اس کا خاتمہ بھی بخیر ہوا تو وہ جنت میں جائے گا۔ اور ابونعیم نے خیثمہ سے روایت کی ہے کہ صحابہ کرام کو یہ بات پسند تھی کہ ان کی موت کسی نیکی کے کام میں ہو یعنی حج یا عمرہ یا غزوہ یا رمضان المبارک کے روزے میں۔ اور نسائی اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں ابوامامہ سے روایت کی ہے کہ جو شخص ہر نماز کے پیچھے آیت الکرسی پڑھے تو موت کے سوا اس کے جنت میں جانے میں کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہوتی۔ اور ابن عسا کر نے زید بن ارقم نے مرفوعا روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے تین باتوں کے ساتھ اپنے بندوں پر وسعت دی ہے۔ (1) میں نے دانے پر کیڑے مکوڑے مقرر کر دیئے ہیں۔ اگر یہ نہ ہوتا تو سونے چاندی کی طرح ان کے بادشاہ غلہ بھی اپنے پاس جمع کر لیتے (2) اور مرنے کے بعد جسم میں تغیر۔ اگر یہ نہ ہوتا تو کوئی دوست کسی دوست کو دفن نہ کرتا (3) اور میں غمگین لوگوں کو غم میں تسلی دیتا ہوں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو کسی غمزدہ کو کبھی تسلی نہ ہوتی۔ اور مسلم نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انسان کی ہر چیز گل سڑ جاتی ہے مگر ایک ہڈی ۔ اور وہ ہے ریڑھ کی ہڈی۔ قیامت کے دن مخلوق اسی سے مرکب ہو گی۔ اور ایک روایت میں ہے۔ کہ اسی سے پہلی مرتبہ پیدا کئے گئے اور پھر اسی سے دوبارہ بنائے جائیں گے۔ اور ابوداود وغیرہ نے اوس بن اوس سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ درود شریف پڑھا کرو کیونکہ تمہارا درود شریف مجھ پر پیش کیا

جاتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمارا درود شریف آپ پر کس طرح پیش کیا جائے گا جب کہ آپ بوسیدہ ہو چکے ہوں گے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کے اجسام مبارکہ کو مٹی پر حرام کر دیا ہے۔ اور ابن ماجہ نے ابو درداء سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ تم میں سے کوئی آدمی جب بھی مجھ پر درود پڑھتا ہے تو وہ مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ اور طبرانی نے ابن عمرو سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ مؤذن جو صرف ثواب کی نیت سے اذان کہتا ہے۔ وہ اس شہید کی طرح ہے جو اپنے خون میں لت پت ہے اور وہ جب مرے گا تو اس کی قبر میں کیڑے مکوڑے نہیں ہوں گے۔ اور عبدالرزاق نے مصنف میں مجاہد سے روایت کی ہے کہ مؤذن قیامت کے دن اونچی گردنوں والے ہوں گے اور ان کی قبروں میں کیڑے نہیں پڑیں گے۔ اور ابن مندہ نے جابر سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ حامل قرآن جب مرتا ہے تو اللہ تعالیٰ زمین کو حکم فرماتا ہے کہ اس کا گوشت نہ کھانا۔ زمین عرض کرے گی۔ اے میرے رب میں اس کا گوشت کس طرح کھا سکتی ہوں جب کہ تیرا قرآن اس کے سینہ میں ہے نیز فرمایا کہ اس باب میں ابو ہریرہ اور ابن مسعود سے بھی روایت ہے۔ اور ابن ابی حاتم نے عبداللہ بن بریدہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا۔ نبی کریم ﷺ کا انتقال ہو گیا اور آپ ﷺ کو روح معلوم نہ ہوا (جب کہ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو وصال سے پہلے پہلے تمام علوم منکشف فرما دیے اور علوم خمسہ عطا فرما دیے تھے۔ اس لیے آخر میں صفحہ 99 (الف) ملاحظہ فرمائیں) اور ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے آیت اللہ یتوفی الانفس کے متعلق نقل فرمایا ہے کہ نفس اور روح کی مثال شعاع شمس کی سی ہے۔ اللہ تعالیٰ نفس کو تو نیند میں قبض کر لیتا ہے اور روح کو اس کے جسم میں چھوڑ دیتا ہے تو وہ پھرتا رہتا ہے اور

زندگی گذارتا ہے۔اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتو روح کو بھی قبض کر لیتا ہے تو وہ مرجاتا ہے۔اور اگراس کی موت مؤخر ہوتو نفس کواس کے جسم میں اس کی جگہ پرلوٹا دیتا ہے۔اور ابن مندہ نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ لوگوں کے درمیان جھگڑا ہوتا ہے۔یہاں تک کہ روح اور جسم کے درمیان بھی جھگڑا ہوا۔تو روح جسم سے کہتا ہے۔کہ سب کچھ تو نے کیا ہے اور جسم روح سے کہتا ہے کہ حکم تو تو نے ہی کیا تھا۔اور تدبیر بھی تو نے ہی کی ہے۔تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجے گا جوان کے درمیان فیصلہ کرے گا۔تو وہ ان دونوں سے کہے گا کہ تمہاری مثال ان دوشخصوں کی سی ہے جن میں ایک اپاہج ہے اور دوسرا اندھا۔ دونوں باغ میں داخل ہوئے۔اپاہج نے اندھے سے کہا کہ میں یہاں بہت پھل دیکھ رہا ہوں لیکن میں ان تک پہنچ نہیں سکتا تو اندھے نے کہا تو مجھ پر سوار ہو جا۔تو وہ اس پر سوار ہو گیا۔پھر دونوں نے پھل کھائے۔پس اب بتاؤ زیادتی کرنے والا کون ہے؟ تو وہ دونوں کہنے لگے کہ وہ دونوں۔تو فرشتہ ان سے کہے گا کہ تم نے خود ہی اپنے خلاف فیصلہ کر لیا ہے۔اور دارقطنی نے حضرت انس سے مرفوعا اس معنی کی روایت بیان کی ہے۔اور عبداللہ کی زوائد الزہد میں موقوفا اس کا شاہد بھی ہے۔اس کے الفاظ ہیں کہ قلب اور جسم کی مثال اپاہج اور اندھے کی سی ہے۔اور خطیب نے محمد بن حاتم خواص سے روایت کیا ہے کہ اس نے کہا میں نے خواب میں یحیٰ بن اکثم کو دیکھا۔میں نے کہا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنے سامنے کھڑا کیا اور کہا اے برے بوڑھے اگر میں نے تجھے بوڑھا نہ کیا ہوتا تو تجھے آگ میں جلاتا۔تو مجھ پر ایسی ہیبت طاری ہوئی۔جیسے کہ غلام کو اپنے آقا کے سامنے ہیبت ہوتی ہے۔جب مجھے افاقہ ہوا۔تو پھر ویسا ہی کیا گیا۔تو پھر میری وہی حالت ہوگئی۔پھر جب مجھے افاقہ ہوا تو پھر وہی معاملہ

ہوا۔ تو میں نے عرض کیا۔ یا رب میں نے اس طرح تو تیری طرف سے روایت نہیں کی۔
فرمایا گیا۔ میری طرف سے تو نے کس طرح روایت کی ہے۔ حالانکہ وہ خوب جانتا ہے۔
تو میں نے عرض کیا مجھ سے حدیث بیان کی عبدالرزاق بن ہمام نے اس نے کہا مجھ سے
حدیث بیان کی معمر بن راشد نے ابن شہاب زہری سے اس نے حضرت انس سے
۔انہوں نے نبی کریم ﷺ سے آپ نے جبریل سے اور جبریل نے یا اللہ آپ سے
۔کہ آپ نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص بھی جو حالت اسلام میں بوڑھا ہوا میں اسکو آگ سے
عذاب کرنے سے شرماتا ہوں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا عبدالرزاق نے سچ کیا۔ اور معمر نے
بھی سچ کہا۔ اور زہری نے بھی سچ کہا اور میرے نبی نے بھی سچ کہا اور جبریل نے بھی سچ
کہا۔ میں نے ہی یہ فرمایا ہے۔ اور فرمایا کہ جاؤ۔ اس کو جنت میں لے جاؤ۔

تمت بالخیر بعون اللہ تعالیٰ وبمنہٖ

روح کا علم بھی حضور ﷺ کو حاصل ہے (از مترجم)

